ملک میں کپڑے کی برآمد اور کاروبار میں کرناٹک کو دوسرا مقام حاصل ہے۔ اس ڈویژن کے دوڈ بالا پور، آنیکل، دیگر شہروں میں حکومت نے بنے بنائے لباس (Readymade Cloths) کے پارک قائم کیے۔ بنگلورو کے ہوائی جہاز کے کارخانے، الیکٹرانکس، انفارمیشن ٹیکنالوجی، حیاتیاتی ٹیکنالوجی کی صنعتیں کام انجام دے رہے ہیں۔ چند صنعتیں عوامی، بقیہ نجی صنعتیں ہیں۔

1.1.5 فن ادب موسیقی لوگ گیت ڈرامہ اور رقص:

یہ ڈویژن قدیم دور سے ہی ادب و فن کے لیے مشہور ہے۔ بارہویں صدی میں وچن ادب میں خدمات انجام دینے والے اکامہادیوی اور المابپر بھوجو ضلع شیموگہ، بلی گاوے کے رہنے والے تھے۔ اسی طرح داس روایت کے شری پادارایا وغیرہ بنگلورو ڈویژن سے تعلق رکھتے تھے۔

@KTBS NOT TO BE REPUBLISHED



ماستی وینکٹیش آینگار



کویمپو



یو۔آر۔اننت مورتی



جی۔ایس۔شیورودرپا



نثار احمد



پی۔لنکیش



ڈی۔وی۔گنڈپا



انوپما نرنجن



ایم۔کے۔اندرا



این۔ڈسوزا



سدلنگیا

گیان پیٹھ اعزاز حاصل کرنے والے شاعرِ ریاست (Rashtra Kavi) کویمپو نے جدید ادب کو فروغ دیا ۔ اس علاقے کے تین اور گیان پیٹھ انعام یافتہ شخصیات ماستی وینکٹیش آیینگار، یو۔آر۔اننت مورتی ہیں۔ پی۔لنکیش، ڈی۔وی۔گنڈپا، نثار احمد، ٹی۔پی۔کئی لاسم، ایم۔کے۔اندرا، تا۔را۔سو، ڈاکٹر انوپما نرنجن، ہا۔ما۔نائک، ایم۔وی۔ سیتارامیا، کے۔وی۔ سُبنا، جے۔وینکٹا سُبیا، جے۔ایس۔ شیوارودرپا، برگوررام چندرپا، ڈاکٹر ڈی۔آر۔ ناگراج ، ڈاکٹر سدالنگیا، این۔ڈسوزا، دوڈرنگے گوڈا، پرتبھا نندکمار وغیرہ کنڑاادب کو مالامال کرنے والے ادیب ہیں۔

© KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

ادب کی طرح ہی ڈرامے کے میدان میں اس ڈویژن کی کارنامے اہم ہیں۔ گبی ویرنا کا نام کنڑا ڈرامہ کی تاریخ میں لافانی ہے۔ "ناٹک رتنا، ناٹک سروابھوما" کہ القاب سے ان کو نوازا گیا۔ تھیٹر کی تاریخ میں ایک اور ناقابل ذکر نام سبیا نائیڈو کا ہے۔ یہ کنڑا کی پہلی بولتی فلم "ستی سلوچنا" کے مرکزی اداکار (ہیرو) ہیں۔ کلچر کمیڈین کے طور پر شرکت حاصل کرنے والے کے ہیرانیا اور ان کے بیٹے ماسٹر ہیرانیا کی فلمی دنیا میں خدمات قابل ستائش ہیں۔ رقص کے میدان میں خدمات انجام دینے والے شریمتی مایاراؤ بنگلورو کی رہنے والی ہیں۔ بنگلورو اب فلم انڈسٹری کے لیے اہم مرکز ہے۔ فلمی دنیا کی مرکزی طاقت کے طور پر ڈاکٹر راجکمار ڈاکٹر وشنوردھن، شنکر ناگ، امبریش اور دیگر اداکار بنگلورو فلمی صنعت کی ترقی کے اہم ذمہ دار ہیں۔ لوک ادب پر فنون کے لیے یہ ڈویژن مشہور ہے۔ مشہور لوک ادب کے ماہر اور ادیب ڈاکٹر ہیچ۔ایل۔ناگے گوڑا کا قائم کیا گیا" جناپدالوکا" ضلع رام نگر میں ہے۔



ڈاکٹر راجکمار



ڈاکٹر وشنوردھن



شنکر ناگ



مایاراؤ



سبیانائیڈو



ہیچ۔ایل۔ناگے گوڈا



گبی ویرنا

NOT TO BE REPUBLISHED

بنگلور وڈویژن کے مشہور لوک فنون:



جاناپدالوک

بنگلور میں ہر سال چلنے والے کرگا کا ناچ لوک فن کا ایک نمونہ ہے ۔ جنوبی کرناٹک میں مشہور " سومنا کا ناچ" بھی ایک اور لوک فن ہے۔ اس ڈویژن کا مخصوص لوک ناٹک کا فن موڑالا پایا یکشاگانا ہے۔ گاروڑی کونیتا، ڈولو کونیتا، کمسالے کونیتا وغیرہ مشہور لوک فن ہیں۔ مصوری میں آر۔ایس نائیڈو ، رمالے چنّابسیّا، وینکٹپا کی خدمات منفرد ہیں۔



کرگا تہوار



وینکٹپاآرٹ گیلری

@KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

1.1.6 تعلیم اور صحت:

تعلیمی کارناموں سے متعلق بنگلور وڈویژن کو اعلیٰ مقام حاصل ہے۔ بھارت رتن اعزاز حاصل کرنے والے دو افراد سر ایم۔ ویشویشوریہ اور سی۔این۔آر۔راؤ کا تعلق اسی ڈویژن کے ضلع چکبلاپور سے ہے۔ اور نوبل انعام پانے والے سری سی۔وی۔رامن نے بنگلور میں تحقیق کی تھی۔



سدآگنگا مٹھ



شری شیوکمار سوامی جی

بنگلورو مشہور تعلیمی مرکز ہے۔ بنگلوروڈویژن میں کئی سرکاری اور غیر سرکاری یونیورسٹیاں ہیں ۔اس کے علاوہ یہاں مرکزی حکومت کا تحقیقی ادارہ اور سائنسی تجربے گاہیں بھی ہیں۔ ٹمکورو ،بنگلورو، داونگیرے میں یونیورسٹیاں ہیں۔ بنگلورو میں زراعتی یونیورسٹی بھی ہے۔ آزادی سے قبل ہی حکومت پرائمری تعلیم کے لیے سہولتیں فراہم کرتی آرہی ہے۔ کئی مذہبی ادارے تعلیمی میدان میں خدمات انجام دے رہے ہیں۔ سدگنگا مٹھ شری شیوکمار سوامی کی قیادت میں اور گنگادھر سوامی جی کی سرپرستی میں چلائے جانے والے آدی چُن چُن گری مٹھ تعلیمی خدمات میں منفرد مقام رکھتے ہیں، جو بنیادی تعلیم اور پیشہ ورانہ تعلیمی ادارے چلارہے ہیں۔ چترد رگہ کے مروگاراجیندرامٹھ اور "سری گیرے ترالا بالو" مٹھوں کی خدمات قابلِ ذکر ہیں۔



شری بال گنگادھر ناتھ سوامی جی

صحت کے میدان میں بھی بنگلوروڈویژن ترقی کی طرف گامزن ہے۔ متعدی بیماری کی روک تھام کی گئی ہے۔ شیر خوار بچوں کی اموات کی شرح میں کمی ہوئی ہے۔ پولیو،چیچک وغیرہ بیماریوں پر مکمل قابو پایا گیا ہے۔ لیکن دیہی علاقوں میں عورتوں اور بچوں کو ناقص تغذیہ کا سامنا کرنا پڑ رہا ہے۔ دیہی علاقوں میں پرائمری مراکزِ صحت اور معاونِ مراکز صحت، عوام کے لیے طبّی سہولتیں فراہم کر رہے ہیں۔ ہر ضلعی مراکز میں منظم ضلعی اسپتال ہیں۔ بڑے بڑے گاؤں میں معاشرتی مراکزِ صحت ہیں۔ تعلقہ سطح پر تعلقہ اسپتال کے مراکز موجود ہیں۔ حکومت نے تولیدی صحت کو بہتر بنانے کے لیے بہت سے بنیادی مراکزِ صحت کو 24/7 (چوبیس گھنٹے کھلے) مراکز قرار دیا ہے۔ حاملہ عورتوں کی سہولت کی خاطر موبائل صحت ویان (Mobile Health Van) کا انتظام بھی ہے۔

@KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

1.1.7 ثقافتی وسائل:

بنگلور و ڈویژن ثقافتی طور پر مالا مال ہے۔ مذہبی مقامات، تفریحی مراکز، ثقافتی تہوار، میلے، عیدیں وغیرہ سے بھرپور ہے۔ سیاسی رہنماؤں نے ریاست کی تعمیر میں بہت سارے خدمات انجام دیے ہیں۔ متحد کرناٹک کے رہبر کینگل ہنومنتیا کا تعلق اس ڈویژن سے ہے۔ جب وہ وزیر اعلیٰ تھے تب ودھان سودھا کی تعمیر ہوئی۔ متحدہ کرناٹک کے ایک مجاہد ایس۔ نجلنگپا نے وزیر اعلیٰ بن کر کئی تعمیری کاموں کو سرانجام دیا۔ ہماری ریاست میں سماج وادی تحریک کے رہنما شانتاویری گوپال گوڈا ضلع شیموگہ سے تعلق رکھتے ہیں۔ ماحول کے تحفظ کا دوسرا نام ہی سالومرادا نمکا ہے۔ ملک کے لیے کرکٹ کے میدان میں انل کمبلے کے خدمات بہت اہم ہیں۔ یوگا کے میدان میں غیر معمولی کارنامہ انجام دینے والے بی۔ کے۔ ایس آئینگار اور ملاڈی ہلی کے شری راگھاویندر اسوامی جی اس ڈویژن سے تعلق رکھتے ہیں۔ اس ڈویژن میں کئی ایک قابلِ سیاحتی مقامات ہیں۔



ودھان سودھا



لال باغ

1.1.8 جنگ آزادی کے مجاہدین:



ایس۔ نجلنگپا



کینگل ہنومنتیا

NOT TO BE REPUBLISHED

ہندوستان کی جدوجہدِ آزادی میں اس ڈویژن کے کئی دانشمندوں نے حصہ لیا۔ ریاستِ میسور کے پہلے وزیراعلیٰ کے۔ سی۔ریڈی، دوسرے وزیراعلیٰ کینگل ہنو منتیا عظیم میسور ریاست کے ایک اور وزیراعلیٰ ایس۔ نجلنگپا سماج وادی قائد شانتا ویری گوڑا گوپال گوڈا، کڑی دال منجپا، ٹی۔ٹی۔ شرما، ایچ۔ ایس۔ دوڑے سوامی وغیرہ نے جدوجہد میں حصہ لیا۔ یہ حقیقت ہے کہ کینگل ہنومنتیا اور ایس۔ نجلنگپا متحد کرناٹک کے معمار ہیں۔


شانتاویری گوپال گوڈا

شانتاویری گوپال گوڈا کنڑاسرزمین کے ایک مثالی سیاستدان تھے۔ان کی پیدائش 14 مارچ 1923ء کو ضلع شیموگہ کے تعلقہ تیرتھ ہلی کے آرگ میں ہوئی۔ 28 سالہ نوجوان گوپال گوڈا 1951ء میں شروع ہوئی کاگوڑو زمینی اصلاحات کی تحریک میں کود پڑے اور گرفتار ہوگئے۔ گوپال گوڈا کی وجہ سے رعیت زمین جدوجہد تحریک، سماج وادی پارٹی کی جدوجہد تحریک کے طور پر شناخت حاصل کرتی ہے۔ کنڑا زبان بولنے جانے والے علاقوں کو متحد کرنے اور ریاست میسور سے نام بدل کر کرناٹک کرنے کی جدوجہد میں بھی گوپال گوڈا نے اہم کردار ادا کیا۔ ریاستی مجلسِ قانون ساز میں ان کی تقاریر، وہ اقدار جن کی انہوں نے اپنی زندگی میں پیروی کی اُنہیں کرناٹک کے عظیم ترین سیاستدانوں میں سے ایک بنادیا۔

©KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

مشقیں

I. خالی جگہوں کو مناسب الفاظ سے پُر کریں۔

1. بنگلور وڈویژن میں۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔اضلاع ہیں۔
2. بنگلور وڈویژن میں سب سے زیادہ بارش ہونے والے ضلع۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔
3. بنیر گھٹا قومی پارک۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ ضلع میں واقع ہے۔
4. شہتوت کے پتے۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔کی پیداوار کے لیے خام شئے ہے۔

5. مشہور جاناپدا عجائب گھر (میوزیم) "جاناپدالوک" قائم کرنے والے ----------

6. شہر بنگلور میں ہر سال منایا جانے والا مشہور تہوار ----------

7. ریاست میسور کے پہلے وزیر اعلی ----------

8. ضلع رام نگر کے پرندوں کی رہائش گاہ میں ----------پرندے کا تحفظ کیا جارہا ہے۔

I. درج ذیل سوالات کے جوابات لکھیں۔

9. قدیم دور میں کرناٹک پر حکومت کرنے والے تین شاہی خاندان کون کون سے تھے ؟

10. بنگلور وڈویژن پر حکومت کرنے والے دو پالے پٹو کے نام لکھئے ؟

11. قدرتی وسائل سے کیا مراد ہے ؟ مثال دیجئے ؟

12. بنگلور وڈویژن میں پینے کے پانی کی قلت کی وجہ کیا ہے ؟

13. بنگلور وڈویژن کے دو آبشاروں کے نام لکھئے ؟

14. بنگلور وڈویژن کا سب سے اونچا پہاڑ کونسا ہے ؟

15. بنگلور وڈویژن کے دو پرندوں کی رہائش گاہوں کے نام لکھئے ؟

16. بنگلور وڈویژن کی اہم غذائی فصلیں کونسی ہیں ؟

17. بنگلور وڈویژن کے کون کونسے مقام میں بنے بنائے لباس کا پارک قائم کیا گیا ؟

18. بنگلور وڈویژن کے گیان پیٹھ انعام یافتہ تین ادیب کون ہیں ؟

سرگرمیاں :



* بنیر گھٹہ قومی پارک کا دورہ کر کے جانوروں کی فہرست تیار کیجئے اور ان کی تصاویر جمع کر کے ایک رپورٹ بنائیں۔
* بنگلور و شہر کے بڑے کارخانوں کی فہرست بنائیں اور ان کی تصاویر جمع کر کے ایک رپورٹ تیار کیجئے۔

© KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

1.2 میسوروڈویژن:



میسوروڈویژن کے اضلاع کا نقشہ

ہماری ریاست کا ایک اور ڈویژن میسوروڈویژن ہے۔ میسوروو ڈیر حکمرانوں کا صدر مقام تھا۔ میسورو، منڈیا، ہاسن، چکمنگلورو، اُڈپی، جنوبی کینرا، چامراج نگر، کورگ اس ڈویژن کے آٹھ اضلاع ہیں۔ اس ڈویژن کا انتظامی مرکز میسورو ہے۔ یہ ڈویژن دریا، پہاڑی سلسلہ، جنگلات، جنگلی جانور، کافی کے باغات، ساحلی علاقے اور بندرگاہوں کے لیے مشہور ہے۔

1.2.1 تاریخی پس منظر:



چکّادیوراجاوڈیر

میسورو کی سیاسی تاریخ واضح طور پر گنگا دورِ حکومت سے شروع ہوتی ہے۔ تلکاڈان کا پایا تخت تھا۔اس کے بعد چولہ، ہوئسلہ اور وجیہ نگر حکمرانوں کے ماتحت رہا۔ اُس کے بعد کئی صدیوں تک میسوروپر وڈیر خاندان کی حکمرانی رہی۔ چند سالوں کے لیے حیدر علی اوران کے بیٹے ٹیپو سلطان کی حکمرانی رہی۔تاریخی اعتبار سے

@KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

اورافسانوی طور پر میسورو کو میشاناڑو کے نام سے پکاراجاتاتھا ۔ پرانوں کے تحت دیوی پاروتی نے چامنڈیشوری کاروپ لے کر میشاسور کا خاتمہ کیا تھا۔ اس کے قتل کی جگہ کو میسورو کہا گیا۔ یدورایاوڈیر خاندان کا اوّل راجاتھااور چکادیورایاوڈیر خاندان کے مشہور راجاتھے۔ ان کے بعد تخت نشین ہونے والے سبھی راجاکمزور تھے۔ وڈیر راجاؤں کے اقتداروں کو دلوائیوں نے ہتیالیا۔ دلوائیوں سے ہوتے ہوئے حکومت کی باگ دوڑاس



ٹیپو سُلطان

وقت کے سپہ سالار حیدر علی کے ہاتھوں میں آئی۔ ٹیپو سلطان نے 1761ع۔ع تا 1799ع۔ع تک حکومت کی۔ ٹیپو سلطان نے انگریزوں کے خلاف کئی جنگیں لڑیں۔ 1799 ع۔ع میں ٹیپوسلطان انگریزوں سے جنگ کرتے ہوئے شہید ہوگئے۔

ٹیپو سلطان کی شہادت کے بعد ریاست میسورو کا انتظامیہ دو بارہ وڈیر خاندان کے ہاتھوں میں آگیا۔ انگریزوں نے 1831ع۔ع میں پھر سے حکومت کو اپنے قبضے میں لے لیا۔ لیکن 1881ع۔ع میں پھر سے حکومت وڈیر راجاؤں کو سونپ دی گئی۔ 20ویں صدی کے ابتدائی حصے میں کرشن راج وڈیر چہارم کے انتظامیہ میں عوام کے حق میں کئی کام انجام پائے۔ خاص طور پر تعلیم، تہذیب، آبپاشی کو ترجیح دی گئی۔ دیوان سر ایم۔ ویشویشوریہ اور سر مرزااسماعیل کی نگرانی میں بے مثال کامیابی حاصل کی۔ 1947 ع۔ع میں ملک کی آزادی کے بعد میسوریاست بھی ہندوستانی جمہوریہ میں شامل ہوگئی۔



کرشناراج وڈیر چہارم



سرایم۔ ویشویشوریا



سر مرزااسماعیل

©KTBS NOT TO BE REPUBLISHED



رانی ابّکا

اس ڈویژن کے الگ الگ اضلاع میں مختلف شاہی خاندانوں نے حکومت کی ہے۔ کورگ علاقے میں مختلف شاہی خاندانوں نے حکومت کی۔ ان میں ہالیری خاندان اہم ہے۔ جس نے 17 ویں صدی میں اپنی حکومت قائم کی۔ بدنوران کا پایہ تخت تھا۔ دوڈاویریا ہالیری حکمرانوں میں مشہور بادشاہ تھا۔ چکا ویرا راجاآخری حکمران تھا۔ یہ بہت کمزور تھا۔ اس کا فائدہ اٹھا کر انگریز حکومت نے ہالیری کا اقتدار اپنے قبضے میں لے لیا۔ آزادی کے بعد ضلع کورگ الگ ریاست تھی۔ لیکن سن 1956ع۔ع میں یہ کرناٹک میں شامل ہوا۔ دوسرا خاندان کیلاڈی کے حکمرانوں کا ہے۔ اُلال کی رانی ابّکا نے پرتگالیوں کے خلاف جنگ کی، تاریخ میں اس کا تذکرہ ملتا ہے۔

کرناٹک کے ساحلی علاقے کو تُلوناڈو کے نام سے پکارا جاتا تھا۔ موجودہ جنوبی کیسرا اور اُڈپی اضلاع پر مشتمل تُلوناڈو پر ساتویں صدی سے چودھویں صدی تک الوپا خاندان کے حکمرانوں کی حکمرانی تھی۔ مختلف وقفوں میں اُدیاورا، منگلا پورا، ہنچا اور بنواسی، الوپا حکمرانوں کے پایہ تخت تھے۔ تُلوناڈو پر مختلف پالیگاروں کی حکمرانی رہی۔ ان میں پوتیگے کے چاوتا، بنگاوڑی کے بنگاس، کارکلا کے بھیرا واس اور کاسرگوڑو کے کمبلے حکمران وغیرہ مشہور ہیں۔

ساحلی علاقوں کو انگریزوں نے کیسرا کا نام دیا۔ اس علاقے کو 1801ع۔ع میں انہوں نے اپنے قبضے میں لے لیا۔ انگریزوں نے ساحلی علاقے کو 1860 ع۔ع میں شمالی کیسرا اور جنوبی کیسرا کے نام سے دو حصوں میں تقسیم کر دیا۔ 1977 ع۔ع میں ضلع اُڈپی کی تشکیل ہوئی۔

1.2.2 قدرتی وسائل:

یہ ڈویژن مختلف آب وہوا سے جڑا ہوا علاقہ ہے۔ اس ڈویژن میں شامل اُڈپی اور جنوبی کیسرا کے اضلاع میں وسیع ساحلی علاقے موجود ہیں۔ پہاڑی سلسلے، گھنے جنگلات اور ساحلی علاقے ایک ساتھ ہونے کی وجہ سے یہاں کی آب وہوا کو گرم مانسونی آب وہوا کہتے ہیں۔

@KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

اس علاقے کی آب وہوا زیادہ ٹھنڈی اور معتدل گرم ہوتی ہے۔ منڈیا اور میسور اضلاع میں خشک موسم ہوتا ہے۔ اس ڈویژن کے اُڈپی میں کثرت سے بارش ہوتی ہے، جبکہ منڈیا ضلع میں بہت کم بارش ہوتی ہے۔ مختلف آب وہوا، مختلف مقدار میں بارش، پہاڑ، جنگلات وغیرہ ہونے کی وجہ سے یہاں مختلف اقسام کی فصلیں اُگائی جاتی ہیں۔ یہاں اُگائی جانے والی اہم زراعتی فصلیں راگی، دھان، اوڑد، مونگ، کلتھی، جوار وغیرہ اہم ہیں۔ کافی، گنا، تمباکو، سپاری، الائچی، نارنگی، انانس، کاجو وغیرہ یہاں کے تجارتی فصلیں ہیں۔ ہندوستان میں کافی کی پیداوار سب سے پہلے چکمگلور ضلع میں ہوئی۔ اس ڈویژن کے کئی مقامات پر پان کی کاشت ہوتی ہے۔

قدرتی وسائل کے نقطہ نظر سے یہ ڈویژن مالا مال ہے۔ کورگ ، جنوبی کینرا، میسورو، چکمنگلور وغیرہ اضلاع میں مختلف اقسام کے جنگلات ہیں ۔ ساگوان، صندل، بانس، نندی، شیشم وغیرہ یہاں اگائے جانے والے درخت ہیں۔ یہ جنگلات کئی قسم کی پیداوار کے لیے مشہور ہیں۔ گوند، شہد، موم، جنگلی پھل وغیرہ چھوٹے جنگلات کی پیداوار ہیں۔

اس ڈویژن میں کئی بڑے اور چھوٹے پہاڑ ہیں۔ ان میں سبرامنیا پہاڑ، گوپال سوامی پہاڑ، ملے مہادیشورا پہاڑ، بلی گری رنگنا پہاڑ، مُلیہ گری، کیمنّا گنڈی، چامنڈی پہاڑ، شراون بلگولہ کا چندرا گری، اندرا گری وغیرہ اہم پہاڑیاں ہیں۔

گھنے جنگلات کے لیے مشہور میسورو ڈویژن مختلف طرز زندگی کے لیے بھی مشہور ہے۔ شیر، چیتا، جنگلی کتا، ہرن، لومڑی، جنگلی بھینسا، مختلف اقسام کے سانپ وغیرہ جنگلی جانور یہاں کے جنگلات میں پائے جاتے ہیں۔ ضلع منڈیا کا بنور خاص قسم کی بھیڑ بکریوں کی نسل کے لیے مشہور ہے۔

اس ڈویژن کی اہم ندیاں: کاویری، ہیماوتی، ہارنگی، نیتراوتی، کمارادھارا، ویداوتی، کپیلا، بیگچی وغیرہ ہیں۔ یہاں کئی آبشار بھی ہیں جیسے: گگن چکی، بھرچکی، ابے آبشار، ارپو آبشار، ہبے آبشار وغیرہ۔

میسورو ڈویژن کے اضلاع میں دستیاب ہونے والے اہم معدنیات میں باکسائیٹ، فیل سائیٹ، کرومائٹ، چھونے کا پتھر، میاگنیس وغیرہ شامل ہیں۔ ہمارے ملک میں فیل سائٹ دھات صرف میسورو ضلع میں ہی

©KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

دستیاب ہوتی ہے۔اس ڈویژن کے جنوبی کیسز اور اُڈپی ساحلی اضلاع ہیں۔ یہاں بندرگاہیں ہیں۔ یہ اضلاع سمندری ماہی گیری کے لیے مشہور ہیں۔ یہاں ذخیرہ کی گئی مچھلیاں برآمد کی جاتی ہیں۔ جو ہزاروں ماہی گیروں کے لیے آمدنی کا ذریعہ ہے۔ کورگ، چکمگلورو، میسورو ضلع پیڑوں کے شہتیر کی فروخت کے مراکز ہیں۔



گگن چکی۔بھرچکی آبشار



ساحلی علاقے کی ماہی گیری

1.2.3 جنگلات، جنگلی جانور، قومی پارک:

میسورو کو جنگلات کا علاقہ کہا جاتا ہے۔ میسورو، کورگ، چکمگلورو، ہاسن دیگر اضلاع میں مختلف طرز کے گھنے جنگلات پائے جاتے ہیں۔ بنڈی پور، ناگرہولے، ملئی مہادیشورا پہاڑ، پشپا گری مشہور جنگلاتی علاقے ہیں۔ یہاں مختلف اقسام کی جنگلاتی پیداوار دستیاب ہوتی ہیں۔ ہزاروں قبائلی لوگوں کے کے لیے قلیل جنگلاتی پیداوار آمدنی اور غذا کا ذریعہ ہیں۔ میسورو ڈویژن کے اضلاع کئی قبائلی طبقات کا مسکن ہیں۔ جینو کرباقبیلہ کثیر آبادی والا قبیلہ ہے۔ یہ میسورو اور چامراج نگر کے اضلاع میں کثیر تعداد میں بستے ہیں۔ جنوبی کنیرا اور اُڈپی اضلاع میں کوراگا قبیلہ موجود ہے۔ یہ قبیلہ سب سے پسماندہ ہے کورگ میں نظر آنے والا قبائلی طبقہ "ملے کڑی یا" ہے۔ یہ جنوبی کیسز اضلع میں دکھائی دیتے ہیں۔ چامراج نگر ضلع میں بسنے والے سولیگر قبیلہ ہے۔ ان کے علاوہ یراوا، ہکی پکی، ہلاسا، میدارو یگر قبائلی طبقے ہیں۔



قبائلی طبقہ

© KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

شیر ہمارا قومی جانور ہے۔ شیروں کے تحفظاتی منصوبے ریاست میں جاری ہیں۔ ریاست میں موجود پانچ شیر کے تحفظاتی رہائش گاہوں میں تین میسور وڈویژن میں ہیں۔ بنڈی پور، ناگراہولے، بھدرا شیروں کے مخصوص تحفظاتی علاقے ہیں ۔اسی طرح ہاتھیوں کے تحفظاتی منصوبے یہاں عمل پیرا ہیں۔ہاتھیوں کو دانتوں کے لیے، شیر کو کھال کے لیے غیر قانونی طور پر ہلاک کیا جارہا ہے۔اس پر روک لگا کر ان کی نسل کے تحفظ کے مقصد سے شیروں کے تحفظاتی منصوبے اور ہاتھیوں کے تحفظاتی منصوبوں پر عمل پیرائی ہوئی ہے۔ ملک میں شیروں کی سب سے زیادہ تعداد رکھنے والی دوسری ریاست کرناٹک ہے۔


شیر


ہاتھی


جنگلی بھینس


رنگن تیٹو، پرندوں کی رہائش گاہ

ہماری ریاست میں سب سے زیادہ جنگلی جانور اور پرندوں کی پناہ گاہیں میسور وڈویژن میں ہیں۔ رنگن تیٹو، گڑوی ، کوکرے بیلور اہم پرندوں کی رہائش گاہیں ہیں ۔ جنگلی جانوروں کی پناہ گاہیں جیسے: میلکوٹے، کاویری، ملے مہادیشورا، پشپا گری وغیرہ میسور وڈویژن میں واقع ہیں۔ضلع میسور و کورگ میں راجیو گاندھی، ناگراہولے قومی پارک ہیں۔تو چامراج نگر کو ڈاگو، میسور و اضلاع میں بنڈی پور قومی پارک ہے۔ کھیڈا نامی کاروائی کے ذریعے جنگلی ہاتھیوں کو سُدھارنے کا کام کیا جاتا ہے۔

1.2.4 زراعت اور صنعتیں:

زراعت ہمارے لوگوں کے لیے آبِ حیات ہے۔ اس بات کا انکار میسور وڈویژن کے اضلاع نہیں کر سکتے۔ ضلع میسور و ریشم کی کاشت کے لیے مشہور ہے۔ کورگ، ہاسن اور چکمگلور اضلاع کافی کے باغات، ضلع منڈیا گنے کی کاشت کے لیے مشہور ہے۔ جنوبی کینرا، اُڈپی ضلع کاجو، کالی مرچ، الائچی، ربڑ کی کاشت کے لیے مشہور ہیں۔ ہندوستان میں سب سے زیادہ کافی کی پیداوار چکمگلور میں ہوتی ہے۔


شیر خانہ داری (Dairy Farming)

© KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

زراعتی سر گرمیاں صرف غذائی اجناس اگانے کے لیے مخصوص نہیں ہیں۔ اس ڈویژن کے اضلاع میں زرعی فصلوں کے ساتھ ساتھ مویشی پالن، مرغی پالن، بھیڑ بکریاں پالن اور باغات پر منحصر ملی جلی سر گرمیاں کی جاتی ہیں۔ اس ڈویژن میں اگائی جانے والی اہم فصلیں دھان، راگی، مکئی، بلر، اُرد وغیرہ ہیں۔ اور تمباکو، کافی، کاجو، سپاری، آلو، گنا، کپاس، نارنگی، ناریل وغیرہ یہاں کی اہم تجارتی فصلیں ہیں۔

اس ڈویژن میں زراعت کے لیے چار منصوبوں سے پانی فراہم کیا جاتا ہے۔ وہ یہ ہیں: کرشنا راج ساگر، ہارنگی، ہیماوتی اور کبنی آپاشی کے منصوبے ہیں۔ اس ڈویژن کی زراعتی ترقی کی سہولیات کے لیے کئی زراعتی فارم، زراعتی کالج قائم کیے گئے ہیں۔

اس ڈویژن کے میسورو، منگلورو، ہاسن، چک منگلور، منڈیا، مڈکیری وغیرہ صنعتی مراکز ہیں۔ ادویات کے کارخانے، کافی کی صنعتیں، غذا کی تحفظاتی اکائیاں، کیمیائی کھاد کے کارخانے، پیٹرولیم کے کارخانے، کیامپکو چاکلیٹ کے کارخانے، شکر کے کارخانے، سیمنٹ کی صنعتیں وغیرہ میسورو ڈویژن کے اضلاع کی اہم صنعتیں ہیں۔ اس ڈویژن میں بڑی صنعتوں کی تعداد کم ہے۔ لیکن یہاں ہزاروں چھوٹی اور اوسط سطح کی صنعتیں ہیں۔

1.2.5 فن، ادب، موسیقی، لوک گیت، ڈرامہ اور رقص:

یہ ڈویژن فن، ادب، ڈرامہ، رقص وغیرہ فنون سے مالا مال ہے۔ میسورو کو "فن کا مائیکا" کہا جاتا ہے۔ ساحلی اضلاع میں یکشگانا میدانی کھیل کے لیے کافی مقبول ہے۔ یکشگانا کو قومی اور بین الاقوامی شہرت حاصل ہے۔ کمسالے رقص چاوڈکے فن، ویراگاسے ناچ، پٹاناچ، نندی کولو وغیرہ مشہور لوک رقص ہیں۔ کوڈاوا کا ہتری تہوار، ساحلی اضلاع کے بھوتاآرادھنے، کَمبلا وغیرہ مخصوص قسم کے روایات ہیں۔

میسورو کے محل میں فن، رقص، موسیقی وغیرہ کی حوصلہ افزائی کی جاتی تھی۔ جس کے سبب میسورو کی روایات کی مخصوص قسم کے رقص، موسیقی، مصوری وغیرہ فروغ پاسکے۔ اس کے علاوہ راج محل میں بھرت ناٹیم، کرناٹک موسیقی اور ڈراموں کی بھی حوصلہ افزائی ہوتی تھی۔ شہرِ میسورو میں سرکاری امدادی ڈرامہ

©KTBC NOT TO BE REPUBLISHED

تھیٹر(ریپرٹری) رنگایناڈرامہ اسکول قائم کیا گیا ہے۔ جہاں سال بھر ڈرامے تشکیل دے کر مظاہرہ کیے جاتے ہیں۔اب ریاست کے الگ الگ حصّوں میں رنگایانا کے مراکز شروع ہوئے ہیں۔ میسورو میں بڑا کلامندر بھی تعمیر کیا گیا ہے۔



میسورو کا محل



آر۔کے نارائن

میسوروڈویژن کئی ادباء کا مسکن ہے۔ ہاسن کے راجاراؤ انگریزی کے مشہور ناول نگار ہیں۔آر۔کے۔نارائن ایک اور مشہور انگریزی ناول نگار ہیں۔ گیان پیٹھ اعزاز یافتہ شیورام کارنت کا تعلق ضلع جنوبی کینرا سے ہے۔ کنڑا بھاوا گیت(کنڑا کی غزلیات)میں نئی روح بھرنے والے کے۔ایس۔نرسمہاسوامی میسورو شہر سے ہیں۔ گورورورام سوامی آئینگار، ڈاکٹر ایس۔ایل۔بیرپا، ایم۔ گوپال کرشنا اڑیگا، بی۔ایم۔شری کنٹھیا، اے۔این۔مورتی راؤ، دیونورو مہادیوا، اکبر علی، سارا ابو بکر، آلنہلی کرشنا، پورناچندر اتیجسوی، کورگ کے گورما، ترو ملانبا، تری وینی، نرنجن وغیرہ کنڑا ادب کو مالامال کرنے والی عظیم شخصیات ہیں۔آر۔کے شری کنٹھن، وینے ششنا، پٹیل چوڑیا، وینے دورے سوامی آئینگار، کدری گوپال ناتھ وغیرہ موسیقی کے میدان کے قد آور شخصیات ہیں۔کارٹونسٹ آر۔کے۔ لکشمن، ڈرامہ نگار محمد پیر ، فن مصوری میں کے۔کے۔ہبار، ڈرامے اور فلمی علاقے کے۔بی۔وی کارنت، ماقبل جدید ادب کی سنچی ہونما، رتنا کرورنی اور سنگارایا وغیرہ میسوروڈویژن سے تعلق رکھنے والے ثقافتی میدان کی قد آور شخصیات ہیں۔

@KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

قوم کو شہرت کی بلندیوں تک لے جانے والے فوجی سپہ سالار فیلڈ مارشل جنرل کریپّا، جنرل کے۔ایس۔ تمپّا یہیں سے ہیں۔ یہاں کے سائنسدان راجا رامنا، یو۔آر۔راؤ کے کارنامے مثالی ہیں۔ سماجی مساوات کے علمبردار دیوراج ارس میسوروڈویژن سے تعلق رکھتے تھے۔


بی۔ایم۔شری


پیٹیلو چوڈیا


کے۔ایس۔نرسمہاسوامی


راجارامنا


کے۔کے۔ہیبار


دیوانورومہادیو


فیلڈمارشل کے۔ایم۔کریپّا


دیوراج ارس

NOT TO BE REPUBLISHED

1.2.6 تعلیم اور صحت:

میسوروایک تعلیمی مرکز ہے۔اس ڈویژن میں خواندگی کی سطح بہتر ہے۔ وڈیر کے دورِ حکومت سے بھی یہاں تعلیم کو بڑی اہمیت دی جاتی تھی۔ ایک صدی مکمل کرنے والی میسوریونیورسٹی 1915 ع۔ع میں قائم ہوئی۔ اس ڈویژن کے کئی اضلاع میں میڈیکل اور انجینئرنگ کالج ہیں۔اس ڈویژن کے اہم اضلاع جنوبی کینرا میں منگلور یونیورسٹی ہے۔ اس ڈویژن میں کئی نجی یونیورسٹیاں ہیں۔ میسورو شہر میں غذائیت تحقیقی ادارہ سی۔ایف۔ ٹی۔آر۔آئی ہے۔ تعلیمی میدان میں ستور مٹھ کی خدمات بے شمار ہیں۔اس ڈویژن میں تعلیم اور صحت کے اداروں کے لیے دھرمستھلا اور منی پال اداروں کی خدمات قابل تحسین ہیں۔

اس ڈویژن کے تمام اضلاع میں اسپتال ہیں۔ دیہی علاقوں میں لوگوں کے لیے صحت سے جڑے خدمات دینے کی غرض سے معاون مراکزِ صحت بھی ہیں۔ یہاں بچوں کو اینٹی بائیوٹک ٹیکے لگائے جاتے ہیں۔ حاملہ اور زچہ خواتین کی خدمات انجام دینے کے لیے صحت مددگار عملہ اور آشہ کارکنان موجود ہیں۔ اس ڈویژن میں نوزائدہ بچوں کی اموات کی شرح کم ہے۔ لوگوں کی مدتِ حیات بہتر ہے۔ ماؤں کی مرنے کی شرح بھی کم ہے۔ یہ تمام اُمور لوگوں کی صحت کے اشارے ہیں۔

1.2.7 میسوروڈویژن کا ثقافتی ورثہ:



گومٹیشور کا مجسمہ، شراون بیلگولہ



ہیچ۔ڈی۔دیوے گاؤڈا
ملک کے وزیر اعظم تھے
اس ڈویژن کے ہاسن ضلع سے تعلق رکھتے ہیں



ہُتّری تہوار، کوڈگو



سُتور مٹھا ۔ میسور

@KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

میسور و ڈویژن ثقافتی طور پر مالا مال ہے۔ یہ اضلاع قدرتی دولت سے بھرپور ہیں۔ وافر ندیاں، گھنے جنگلات، مختلف جنگلی جانور، دل لبھانے والے آبشار، فن تعمیر کی شان و شوکت میسور وڈویژن کے اضلاع میں پائے جاتے ہیں۔ اور یہ اضلاع ادب و فن کا مائیکا کہلاتے ہیں۔ ضلع منڈیا شکر کے کارخانوں کے لیے مشہور ہے تو ہاسن اور چکمگلور ضلع کافی کی پیداوار کے لیے مشہور ہیں۔ اور یکشگانا کے لیے ساحلی اضلاع مشہور ہیں تو چامراج نگر کمسالے رقص کے لیے مشہور ہے۔ سومناتھ پور اور بیلور کے مندر اپنے مدنیکا (مختلف سنگھار والی) مورتیوں کے لیے، شراون بیلگولہ کا گومٹیشورا کا یک سنگی مجسمہ کے لیے، ہلے بیڈو، موڑا بدرے وغیرہ عالمی شہرت یافتہ منادر، مجسمہ سازی اور نقش و نگاری کے لیے مشہور ہیں۔ میسور وڈویژن کے سبھی اضلاع میں سیاحت کے مراکز ہیں۔ دریائے کاویری ہماری ریاست کی جان ہے۔ یہ کورگ ضلع کے تلکاویری میں پیدا ہوتی ہے۔ اس ڈویژن میں سینکڑوں کلومیٹر لمبا ساحلی کنارہ ہے۔ یہاں ماہی گیری، بندرگاہیں، سمندری مہم جوئی، کھیل، تعلیمی مراکز وغیرہ دیکھے جا سکتے ہیں۔ یہ ڈویژن ثقافتی اعتبار سے بڑی اہمیت رکھتا ہے۔

1.2.5 میسور وڈویژن کے جنگ آزادی کے مجاہدین:

اس ڈویژن کے اضلاع جدوجہدِ آزادی میں سب سے آگے تھے۔ گاندھی جی کی پسندیدہ کھادی کے مراکز، گھریلو صنعتیں بھی یہاں پر وسیع پیمانے پر پھیلے تھے۔ منگلور کے کدل رنگاراؤ نے چھوت چھات کے نظام کی روک تھام کے لیے اپنی زندگی وقف کر دی ۔ تنگڑور، رام چندر راؤ، گاندھی جی کے پیروکار تھے۔ انہوں نے بھی چھوت چھات کے نظام کے خلاف جدوجہد کی۔ ہیچ۔ سی۔ داسپا، یشور دھرا داسپا، کرناڈ سدا شوا راؤ، ہیچ۔ کے۔ ویرانا، کے۔ ٹی۔ بھاشم، کملا دیوی چٹوپادھیا، کے۔ وی ۔ شنکرے گوڑا ، کے۔ راما کرشنا کارنت، سی۔ ایم۔ پونچا وغیرہ نے جدوجہدِ آزادی میں حصہ لیا۔ کئی نے متحد کرناٹک کی جدوجہد میں بھی حصہ لیا ۔ اسی طرح میسور وڈویژن کے اضلاع کو قومی اور بین الاقوامی سطح پر شہرت حاصل ہے۔ میسور وکاد سہرہ تہوار عالمی سطح پر مشہور و مقبول تہوار ہے۔

@KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

مشقیں

I. خالی جگہوں کو مناسب الفاظ سے پُر کریں۔

1. جنوبی کینرا ضلع کو تقسیم کر کے ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ ع۔ع میں اُڈپی ضلع کی تشکیل ہوئی۔
2. میسور وڈویژن کے ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔اور ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ میں ساحلی اضلاع ہیں۔
3. ہمارا قومی جانور ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ ہے۔
4. جنگلی ہاتھیوں کو سدھارنے کے طریقے کو ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ کہتے ہیں۔
5. میسور وڈویژن کے ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ ضلع میں کافی کی کاشت زیادہ کی جاتی ہے۔
6. کورگ ضلع کے ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ میں کاویری ندی جنم لیتی ہے۔
7. کدمل رنگاراؤ ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ کے خاتمے کے لیے اپنی زندگی وقف کر دی۔
8. میسور میں منایا جانے والا عالمی سطح پر مشہور و مقبول تہوار کا نام ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ ہے۔
9. میسور ورڈویژن کے ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔اور ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ اضلاع میں بندرگاہیں ہیں۔

II. مندرجہ ذیل سوالات کے جوابات لکھیں۔

10. میسور وڈویژن کے کتنے اضلاع ہیں؟
11. وہ کون سی وجہ ہے جس سے میسور نام پڑا؟
12. 26ویں صدی کے ابتدائی دور میں سلطنت میسور کو ترقی دینے والے وڈیر راجا کا نام لکھئے؟
13. ساحلی علاقے کو انگریزوں نے کیا نام دیا؟
14. میسور وڈویژن کے دو مشہور ندیوں کے نام لکھئے؟

©KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

15 میسوروڈویژن کے کن اضلاع میں بہت کم بارش ہوتی ہے ؟

16. میسوروڈویژن میں دستیاب ہونے والے دو معدنیات کے نام لکھئے ؟

17. میسورڈویژن کے ساحلی علاقوں میں عوام کا پیشہ کیا ہے ؟

18. میسوروڈویژن کے دو مشہور جنگلاتی علاقوں کے نام لکھو ؟

19. میسوروڈویژن کے اضلاع میں بسر کرنے والے دو قبائلی طبقوں کے نام لکھئے ؟

20. دو پرندوں کی رہائش گاہوں اور دو جنگلی جانوروں کی رہائش گاہوں کے نام لکھئے ؟

21. میسوروڈویژن میں موجود دو قومی پارک کے نام لکھیں ؟

22. میسوروڈویژن کے 6 اہم فصلوں کے نام لکھئے ؟

23. میسورڈویژن میں زراعت کے لیے آبپاشی کے دو منصوبے کونسے ہیں ؟

24. میسوروڈویژن کے تین اہم پیشوں کے نام لکھئے ؟

25. فصل کٹائی کے موقع پر منائے جانے والے کورگ کے تہوار کے نام کیا ہیں ؟

26. حکومت کرناٹک میں ڈراموں کا تھیٹر رنگاینا کونسے شہر میں ہے ؟

27. کنڑا کے دو مشہور ناول نگاروں کے نام لکھئے ؟

28. میسورو میں ایک صدی مکمل کرنے والی یونیورسٹی کے نام لکھئے ؟

29. دیہی علاقوں میں لوگوں کو صحت سے متعلق خدمات انجام دینے والے مراکز کے نام لکھئے ؟

30. میسوروڈویژن سے تعلق رکھنے والے دو مشہور انگریزی ناول نگاروں کے نام لکھئے ؟

.32

@KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

31. جدوجہد آزادی کے ساتھ ساتھ چھوت چھات کے خاتمے کی تحریک میں حصہ لینے والے دو سماجی اصلاح کاروں کے نام لکھئے ؟

32. شراون بیلگولہ کس لیے مشہور ہے ؟

33. اس ڈویژن سے جنگ آزادی میں حصہ لینے والے چار مجاہدین کے نام لکھئے ؟

34. دو صحتی اشاروں کے نام لکھئے۔

سرگرمیاں :



* میسورو ڈویژن کے اضلاع میں موجود قدیم منادر اور ان کی تعمیر کرنے والے راجاؤں کے خاندانوں کی فہرست تیار کرتے ہوئے ان کی تصاویر اکٹھا کیجئے۔
* میسورو ڈویژن کے الگ الگ اضلاع میں موجود گومٹیشور کے مجسموں کی فہرست بنائیں۔ ہر مجسمہ کی اونچائی کو نوٹ کریں ۔اس روداد میں مجسموں کی تصاویر چسپاں کیجئے۔

@KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

1.3 کلبرگی ڈویژن (کلبرگی):

کلبرگی ڈویژن میں 7 اضلاع ہیں۔ اُن کے نام اس طرح ہیں: بیدر، کلبرگی، بلاری، وجیانگر، رائچور، کوپل اور یادگیر۔ ابتداء میں اس ڈویژن کے چار اضلاع تھے۔ سن 1997ع۔ع میں رائچور ضلع سے کوپل ضلع بنایا گیا۔ 31 دسمبر 2009ع۔ع کو کلبرگی ضلع سے یادگیر ضلع کی تشکیل عمل میں آئی۔ اسی طرح 12 اکتوبر 2021ع۔ع کو بلاری ضلع کو تقسیم کر کے وجیانگر ضلع بنایا گیا۔



کلبرگی ڈویژن کے اضلاع کا نقشہ

NOT TO BE REPUBLISHED @KTBS

1.3.1 تاریخی پس منظر:



پتھر کے کتبات



سنّتی (ಸನ್ನತಿ)

اس ڈویژن کے اضلاع تاریخ سے مالامال ہیں۔ قبل از تاریخ کے آثار یہاں دیکھے جا سکتے ہیں۔ تاریخ کی ابتدائی دور میں یہ علاقے موریہ اور شاتاواہنا کی حکومت کا حصّہ رہا۔ دورِ اشوک کے بہت سارے کتبے یہاں پر حاصل ہوئے ہیں۔ اس ڈویژن کے علاقے سنّتی میں قدیم بدھ استوپا موجود ہیں۔ اشوک کے کتبات اس علاقے میں خصوصی کشش رکھتے ہیں۔ اسی طرح قدیم بدھ استوپا اور کتبات یہاں پر کشش مقامات ہیں۔ 8ویں صدی میں یہاں راشٹر کوٹ سلطنت کی حکومت تھی۔ ان کا پایا تخت مانیا کھیٹا (موجودہ ملکھیڑا) کلبرگی ضلع میں واقع ہے۔ اس کے بعد کلیان کے چالوکیہ نے یہاں حکومت کی۔ ان کا پایا تخت بسوا کلیان تھا۔ ضلع وجیہ نگر کا ہمپی وجیہ نگر سلطنت کا پایا تخت تھا۔ مشہور وچن کار شری بسونّا کی قیادت میں چلی تحریک کا مرکز بسوا کلیان بھی کلبرگی ڈویژن میں شامل ہے۔ بعد ازاں عہدے وسطیٰ میں بہمنی سلطنت برسرِ اقتدار آئی۔ ان کا پایا تخت کلبرگی تھا۔ بہمنی اور وجیہ نگر سلطنت کے خاتمے کے بعد کلبرگی حیدرآباد کے نظام کی حکومت میں شامل تھا۔ 1948 ع۔ع میں نظام کی حکومت جمہوریہ ہندوستان میں شامل ہوگئی۔ 1956 ع۔ع کی ریاستوں کی ازسرِنو درجہ بندی سے نظام مملکت کے قبضہ والے بیدر، کلبرگی اور رائچور ضلعوں کو کرناٹک میں شامل کر لیا گیا۔ کلبرگی اس ڈویژن کا مرکز ہے۔ مدراس صوبے سے بلاّری بھی کرناٹک میں شامل ہو گیا۔

NOT TO BE REPUBLISHED © KTBS

بہمنی اور وجیہ نگر حکومت کے بعد مختلف سرداروں نے ان علاقوں میں آزاد حکومت قائم کی۔ ان میں ہرپناہلیؔ، جری ملے، سنڈور اور سرُپور کے سردار مشہور ہیں۔ سُرپور کے سردار کرشنا نائیکا کی وفات کے بعد ان کا بیٹا وینکٹپّا نائیکا تخت نشین ہوا۔ پہلی جنگ آزادی کے تعلق سے واقفیت رکھنے والے وینکٹپّا نائیکا نے انگریزوں کے خلاف جدوجہد کی۔ لیکن انگریزوں نے اسے گرفتار کر کے قید خانے میں بند کر دیا۔ سُرپور کو انگریزوں نے حیدرآباد کے نظام کو تحفے میں دے دیا۔ اس طرح بیدر، کلبرگی اور رائچور اضلاع حیدرآباد کے نظام کی سلطنت کا حصہ بنے۔ یہ 1956 ع۔ع میں کرناٹک میں شامل ہوئے۔

حیدرآباد کرناٹک علاقہ میں آزادی کی تحریک:

ہندوستان کی آزادی کے بعد نظام، جمہوری ہندوستان میں اپنی حکومت شامل کرنے کے لیے تیار نہیں تھا۔ اس سے مشتعل لوگوں نے نظام حکومت کے خلاف جدوجہد کی۔ اس حصّہ کی آزادی کی جدوجہد کی قیادت سوامی رامانند تیرتھانے کی تھی۔ نظام کے قبضہ والے حیدرآباد کرناٹک علاقے کی آزادی کی جدوجہد میں پیش پیش رہنے والے رہنماؤں میں سردار شرن گوڈا انعامدار، شیومورتی الونڈی، شیرور ویر بھدرپّا، پربھو راج پاٹل، سنگا نالا، پونڈلکپّا وغیرہ نے نظام حکومت کے خلاف ستیہ گرہ کا انعقاد کیا۔ نظام کی حکومت عوام کو ہراساں کرنے لگی۔ لوگوں نے نظام کی نجی فوج "رضاکاروں" کے خلاف بغاوت کی۔ جس کی وجہ سے مرکزی حکومت نے اقدام اٹھاتے ہوئے 17 ستمبر 1948 ع۔ع میں حیدرآباد کو جمہوری ہندوستان میں شامل کر لیا۔ اس کاروائی کے سربراہ سردار ولبھ بھائی پٹیل تھے جو اس وقت مرکزی حکومت میں وزیر داخلہ تھے۔


تاریخی طور پر کلبرگی علاقے کے لوگ مختلف حکومتوں کے ماتحت اور مختلف قسم کے استحصال کا شکار رہے۔ اس نے انہیں سیاسی اور معاشی خود انحصاری سے محروم کر دیا تھا۔ اس تاریخی ناانصافی کو درست کرنے کے لیے 2012 ع۔ع میں 98 ویں آئینی ترمیم لا کر حکومت نے روزگار میں لوگوں کو نمائندگی دے کر بااختیار بنانے کی راہ کو ہموار کیا۔

NOT TO BE REPUBLISHED @KTBS

1.3.2 قدرتی وسائل:

اس ڈویژن کی اہم ندیاں بھیما، تنگ بھدرا، کرشنا، ملاماری اور بینے تور ہیں۔ کارنجہ ڈیم بیدر ضلع کے لیے تحفہ ہے۔ سرخ، سیاہ اور ریتیلی مٹی اس ڈویژن میں ہے۔ دھان، کوپل اور رائچور ضلع کی اہم فصل ہے۔ گنّا یہاں کی اہم تجارتی فصل ہیں۔ کپاس، باجرہ، جوار، تور، کلتھی وغیرہ یہاں کے دیگر اہم فصلیں ہیں۔ اس حصّے کے اضلاع میں جنگلات بہت کم ہیں۔ ضلع بلاّری کا سنڈور تعلقہ گھنا جنگلاتی علاقہ ہے۔ بیدر ضلع میں جنگلات خال خال ہیں۔ ضلع کوپل میں جنگل کم مقدار میں ہیں۔

اس ڈویژن کے اضلاع میں دستیاب ہونے والے اہم معدنیات چاندی، سلیکون، سونا (ضلع رائچور)، لوہے، مینگنیز وغیرہ ہیں اس کے ساتھ گرانائیٹ اس ڈویژن کے تمام اضلاع میں دستیاب ہیں۔



تنگ بھدرا ڈیم



لوہے کی کان

تنگ بھدرا ڈیم رائچور، بلاّری اور وجیہ نگر کے اضلاع کو آبپاشی کے لیے پانی فراہم کرتا ہے۔ کرشنا ندی پر تعمیر کیے گئے بسواسا گر ڈیم، رائچور اور کلبرگی اضلاع کی زراعت کے لیے آبپاشی کی سہولت مہیا کرتا ہے۔ کارنجا منصوبہ ضلع بیدر کی زراعت کو پانی فراہم کرتا ہے۔

NOT TO BE REPUBLISHED

1.3.3 جنگلات، جنگلی جانور:

اس ڈویژن میں جنگلات کی کمی ہے۔ بڑے بڑے جنگلی جانور یہاں پر نہیں ہیں۔ لنگور، ہرنیں، لومڑی، بندر، ریچھ، بھیڑیا، جنگلی کتّے وغیرہ اہم جنگلی جانور نظر آتے ہیں۔ ضلع بلاّری کے "دروجی" میں ریچھوں کا محفوظ جنگل ہے۔ ضلع رائچور میں ہرنیں نظر آتی ہیں۔



دروجی، ریچھوں کا محفوظ جنگل

1.3.4 زراعت اور صنعتیں:

اس ڈویژن میں عوام کا اہم پیشہ زراعت ہے۔ یہاں پر بارش کی مقدار کم ہے۔ برسات پر منحصر فصلیں اُگائی جاتی ہیں۔ بارش بہت کم ہونے کی وجہ سے یہاں وقتاً فوقتاً عوام قحط سالی کا شکار ہوتی ہے۔ اس ڈویژن کی اہم صنعتوں میں فولاد اور لوہا، شکر، سیمنٹ، حرارتی توانائی کے مراکز شامل ہیں۔ یہ صنعتیں یہاں کے لوگوں کو روزگار فراہم کرتی ہیں۔ بلاّری اور کوپل میں بڑے بڑے لوہے اور فولاد کے کارخانے ہیں۔ یادگیر اور کلبرگی اضلاع میں بڑے سیمنٹ کے کارخانے موجود ہیں۔ ضلع بیدر کا بیدری فن بہت مشہور ہے۔ اس حصّے میں سیاحت کو فروغ حاصل ہو رہا ہے۔ اس حصّے میں اہم سیاحتی مراکز ضلع وجیہ نگر کا ہمپی، تنگ بھدرا باندھ، ضلع کلبرگی کے صوفی حضرت خواجہ بندہ نوازؒ کی درگاہ، ضلع بیدر کا قلعہ، بسوا کلیان، ضلع رائچور میں ہٹّی سونے کی کان وغیرہ ہیں۔ پورے ہندوستان میں سب سے بڑی سونے کی کان رائچور ضلع کی ہٹّی مقام پر ہے۔



ہٹّی، سونے کی کان

NOT TO BE REPUBLISHED © KTBS

1.3.5 فن،ادب،موسیقی،لوک گیت،ڈرامہ اور رقص:

کلبرگی حصّے کے اضلاع معاشی اعتبار سے پچھڑے ہوئے ہیں۔ مگر فن، ادب، سنگیت، لوک ادب، رقص وغیرہ میدانوں میں بہت آگے ہیں۔ ادب کے تعلق سے کلبرگی حصّے کی قدیم تاریخ ہے۔ ہمیں یہ بات نہیں بھولنی چاہیے کہ کنڑا کی پہلی تصنیف کوی راج مارگ کی تخلیق راشٹر کوٹ کی دور حکومت میں ہوئی تھی۔ "وکرمارجُنا وجیا" نامی رزمیہ نظم کوآدی کوی پمپانے راجاراری کیسری کے دور میں لکھا تھا۔ اور کنڑا کے تین رتن پمپّا، پونّااور رنّا تینوں کلبرگی ڈویژن سے تعلق رکھنے والے ہیں۔ کنڑاز بان کے قواعد کی پہلی کتاب شبدھامنی درپنا لکھنے والے کیشی راجا کا تعلق کلبرگی سے ہے۔

وچن تحریک:



ویشو گروبسونّا
ثقافتی رہبر

کرناٹک میں 12 ویں صدی میں چلی اہم سماجی تحریک جس کا نام وچن تحریک تھا، کلبرگی ڈویژن کے کلیان شہر میں چلی تھی۔ بسونّا، الّما پربھو، اکّا مہادیوی، جیڈرادا سمیا، سدارامادغیرہ سنتوں کی کارگاہ کلبرگی ڈویژن ہے۔ اس تحریک میں حصّہ لے کر بہت سارے پسماندہ طبقات کے مرد اور خواتین نے وچن لکھے ہیں۔

داسا ادب:



پُرندر داس

کلبرگی ڈویژن کے رائچور کو داس ادب کا مائیکا کہا جاتا ہے۔ شری ویاسارایا کی قیادت میں داس ادب کی تشکیل ہوئی۔ پرندر داس اور کنکاداس ،راگھویندرا تیرتھا وغیرہ نے کیرتن کی تخلیق کی، داسا ادب نے کرناٹک موسقی کی روایت کی ترقی میں اہم رول ادا کیا۔ داسوں کی سینکڑوں تصانیف کیرتن، سلادی، گیت، پربندھ، ناماولی کی وجہ سے کنڑاادب مالامال ہوا۔

© KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

فلسفی شعراء (باُصول شعراء):

وچن تحریک، داس ادب، قدیم رزمیہ نظمیں دیگر خیالات سے متاثر ہو کر لوگ فلسفیانہ نظمیں کہنے لگے۔ فنکاروں کے لوک گیتوں اور سادھو سنت و فقراء کے تشکیل شدہ گیتوں کو فلسفیانہ شاعری (باُصول اقوال) کہا جا سکتا ہے۔ 18 ویں اور 19 ویں صدی میں کئی باُصول اقوال کے تشکیل کاروں نے جنسی استحصال کے خلاف چھوت چھات کے خلاف، دولت کی ذخیرہ اندوزی کے خلاف اپنے باُصول اقوال کے ذریعے تنقید کی ہے۔ چنور کے جلال صاحب، ہنومنتوّا وغیرہ نے باُصول اقوال کی تشکیل کی ہے۔ کئی ناخواندہ لوگوں نے بھی باُصول اقوال لکھے اور گائے ہیں۔

دور جدید میں کلبرگی ڈویژن کے ادبی دنیا کو سیراب کرنے والوں میں سِدیّا پرانِک، جیاتیرتھا، راجاپر وینتا، شانتارسا، پنڈت تاراناتھ، بی چی مودینورسگنا، سمپی لنگنا، شریمتی شیلجا چڑچنا، جیادیوی، طائی لگاڈے، چنّاوالیکر، جمبنّا امراچنتا وغیرہ نے کلبرگی ڈویژن کے لیے موسیقی کے میدان میں نمایاں خدمات انجام دی ہیں ۔ سدراما جمبلادنی، پنڈت پی تاراناتھ، غزل گُنڈما، سُبھدرمّا منصور وغیرہ نے موسیقی کے میدان میں اہم خدمات انجام دیے ہیں۔فنِ مصوری کے لیے مشہور ایس۔ایم۔پنڈت کا نام سرِ فہرست ہے۔ لوک گیت ڈراموں میں، بڑا کھیل، چھوٹا کھیل، کٹھ پتلی کے مظاہرے وغیرہ کلبرگی ڈویژن میں عام بات ہے۔ کٹھ پتلی کے کھیل میں بیلگل ویرانا مشہور تھا۔

نندی کا ناچ، الاوی ناچ، چوڑما ناچ، لمانی ناچ، کولاٹا، ویرگاسے درگا، مرگی وغیرہ لوک رقص کے اقسام ہیں۔ بھالو کا کھیل، چور پولیس کا کھیل، محرم کا ناچ، مکھوٹے لگا کر ناچنا وغیرہ لوک فنون ہیں۔ ضلع بیدر کا بیدری فن، کنّال کی گڑیا، ضلع کوپل کی کاؤدی وغیرہ روایتی فنون ہیں۔

1.3.6 تعلیم اور صحت:

ہماری ریاست میں تعلیمی طور پر پسماندہ اضلاع یادگیر اور رائچور کلبرگی ڈویژن میں موجود ہیں۔ خواندگی کی سطح بہت کم ہے۔ حالیہ دنوں میں خواندگی کی سطح بہتر ہو رہی ہے۔ اس ڈویژن کے کلبرگی میں گلبرگہ یونیورسٹی اور کرناٹکا مرکزی یونیورسٹی موجود ہیں۔ رائچور میں زراعتی یونیورسٹی، بلاّری میں شری کرشنا دیوارایا یونیورسٹی

© KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

اور ضلع وجیہ نگر کے ہمپی میں ہمپی یونیورسٹی موجود ہے۔ بیدر میں مویشی پالن اور ماہی گیری کی یونیورسٹی موجود ہے اور نرسمہا جھرا مندر مشہور ہے۔ کلبرگی میں مشہور بدھ وہار ہے۔

یادگیر۔ بلاّری، وجیہ نگر، کلبرگی، رائچور اور بیدر میں میڈیکل کالج موجود ہیں۔ ہر ضلع میں ضلعی ہسپتال ہے۔ دیہی علاقوں میں اس کے معاون مراکزِ صحت ہیں تاکہ دیہات کے لوگوں کو طبّی سہولتیں مل سکیں۔ تعلیم اور صحت کے میدان میں بڑی تیزی کے ساتھ ترقی جاری ہے۔ کلبرگی میں ایک بڑا ای۔ایس۔آئی اسپتال بھی ہے۔


کوپل کے گوی سدیشور مٹھ کا تیرو

اس ڈویژن میں واقع کوپل کا گوی سدیشور مٹھ صوبے کے ہزاروں طلباء کو تعلیم اور غذا فراہم کر رہا ہے۔ یہاں کا میلہ دنیا بھر میں مشہور ہے۔


بدھ وہار


گلبرگہ یونیورسٹی


بندے نواز درگاہ


نانک جھرا


کرناٹکا مرکزی یونیورسٹی


نرسمہا جھرا

@KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

1.3.7 ثقافتی ورثہ:


کنّال کی گڑیا

موسیقی، ادب، مصوری، لوک گیت، ڈرامے، رقص وغیرہ علاقوں میں کلبرگی ڈویژن کی خدمات ہمارے صوبے کے لیے بہت انمول ہیں۔ کرناٹک کے چار قدیم شاہی خاندانوں کی پناہ گاہ رہا۔ راشٹر کوٹ، کلیان کے چالوکیہ، بہمنی اور وجیہ نگر سلطنت ان خاندانوں کے دور حکومت میں ادب، فن، موسیقی وغیرہ کی حوصلہ افزائی ہوئی ہے۔ یہ ڈویژن پیشہ ور تھیٹر کے لیے بھی جانا جاتا ہے۔

بیدر کا بیدری فن، کنال کے کھلونے، کاؤدی وغیرہ گھریلو صنعتیں یہاں پائی جاتی ہیں۔ قدیم فنِ تعمیرات کے لیے یہ مشہور ہے۔ بیدر کا قلعہ، ہمپی کی یادگاریں، حضرت خواجہ بندہ نوازؒ کی درگاہ وغیرہ فنِ تعمیرات کے لیے مشہور ہیں۔

1.3.8 مجاہدینِ آزادی:

کرناٹک کے دیگر ڈویژن میں ہندوستان کی آزادی کے لیے اور متحد کرناٹک کے لیے تحریکیں چلیں مگر ان کے علاوہ کلبرگی ڈویژن کے لوگوں کو حیدرآباد کے نظام کی حکمرانی سے آزادی حاصل کرنے کے لیے اور متحد کرناٹک کی تحریکوں میں بھی انہیں حصہ لینا پڑا۔ جنگِ آزادی کے تعلق سے اس حصّہ کے دو واقعات کا ذکر کرنا ضروری ہے۔ پہلا لوگوں میں قومی تحریک کے تعلق سے بیداری پیدا کرنے کے مقصد کے لیے کتب خانہ تحریک، دوسرا بچوں کو تعلیم دینے کے لیے اور آزادی کی جدوجہد کی تربیت کے مقصد سے قومی مدارس کا قیام ہے۔ جو چار قومی مدارس کا قیام ہوا وہ درجہ ذیل ہیں:

1. نیا مدرسہ کلبرگی (1907)
2. عثمانیہ قومی مدرسہ، چنچولی
3. ودیانندا گروکل، کک نور (1922)
4. ہمدرد قومی مدرسہ، رائچور (1922)

@KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

اس ڈویژن میں آریہ سماج اور وندے ماترم کی تحریک سے آزادی کی جدوجہد کی ترغیب ملی۔ مہاگاؤں کے کلیان شٹی نے آزادی کی جدوجہد کے لیے "نوجوانوں کی تنظیم" کی تشکیل کی۔ مہاگاؤں کے چندر شیکھر پاٹل نے اپنی صدارت میں اس کی قیادت کی۔ اس علاقے کے مشہور مجاہدِآزادی شری رمانند تیرتھ ہیں۔ ان کے علاوہ کئی لوگوں نے جنگِ آزادی کی تحریک میں حصّہ لیا تھا۔

نظام کی حکومت سے آزادی کی تحریک میں اہم کردار نبھانے والوں میں سردار شرن گوڈا انعامدار قابل لحاظ ہیں۔ رضاکار نامی نظام کی نجی فوج لوگوں پر ظلم ڈھاتی تھی۔ اس وجہ سے لوگ اس کے خلاف مشتعل ہو گئے۔ 15 اگست 1947 ع۔ع میں ہندوستان تو آزاد ہو گیا۔ 17 ستمبر 1948 ع۔ع میں نظام حکومت جمہوری ہندوستان میں ضم ہو گئی۔

مشقیں

I. خالی جگہوں کو مناسب الفاظ سے پُر کریں۔

1. کلبرگی ڈویژن کے اضلاع کو ---------- میں آزادی حاصل ہوئی۔
2. کلبرگی ڈویژن کے ---------- میں سونے کی کان ہے۔
3. ضلع بلاّری میں ---------- نامی محفوظ جنگل ہے۔
4. کرناٹک مرکزی یونیورسٹی ---------- ضلع میں ہے۔
5. ضلع وجیہ نگر کے ہمپی میں موجود یونیورسٹی کا نام ---------- ہے

II. درج ذیل سوالات کے جوابات لکھیں۔

6. نظام کی حکومت کس سال ہندوستان میں شامل کی گئی؟
7. ضلع وجیہ نگر کا ہمپی کس سلطنت کا پایا تخت تھا؟
8. وجیہ نگر اور بہمنی سلطنت کے زوال کے بعد حکومت کرنے والے کسی دو سرداروں کے نام لکھئے؟
9. کلبرگی ڈویژن کی دو اہم ندیاں کون سی ہیں؟
10. ضلع بیدر کے ایک ڈیم کا نام لکھئے؟

@KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

11. ضلع بلاّری اور وجیہ نگر کو آبپاشی کے لیے پانی فراہم کرنے والا بند ھ کونسا ہے ؟
12. ضلع کلبر گی کی اہم صنعتیں کونسی ہیں ؟
13. کلبر گی ڈویژن کے کونسے ضلع میں بہت زیادہ لوہے اور میگنیز کے ذخائر ہیں ؟
14. کلبر گی کی مشہور درگاہ کا نام کیا ہے ؟
15. کلبر گی ڈویژن کے قدیم دور کی تشکیل کردہ نظمیں کونسی ہیں ؟
16. وچن تحریک کے متعلق مضمون لکھئے ؟
17. داس ادب میں کارنامے انجام دینے والے دو لوگوں کے نام لکھئے ؟
18. کلبر گی ڈویژن کے لوک رقص کے نام لکھئے ؟
19. اس ڈویژن کے ضلع رائچور میں کونسی یونیورسٹی موجود ہے ؟
20. بلاّری شہر میں کونسی یونیورسٹی موجود ہے ؟
21. کرناٹک یونیورسٹی کس مقام پر ہے ؟
22. کلبر گی ڈویژن میں ہندوستان کی آزادی کی جدوجہد کے ساتھ اور دو تحریکیں کونسی ہوئی تھیں ؟ نام لکھئے ؟
23. نظام کی نجی فوج کا نام کیا تھا ؟
24. کلبر گی ڈویژن میں تحریکِ آزادی کا حصّہ بن کر شروع ہوئے دو قومی مدارس کے نام لکھئے ؟
25. حیدرآباد کے نظام کی حکومت کب جمہوری ہندوستان میں شامل ہوئی ؟
26. کلبر گی ڈویژن کے اہم مجاہدینِ جنگ آزادی کون تھے ؟

@KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

سر گرمی :



*کلبر کی ڈویژن کے اضلاع میں لوہے کی کانوں، لوہے اور اسٹیل کے کارخانوں کی فہرست بنائیں۔ان کی تصاویر جمع کر کے رپورٹ تیار کریں۔

1.4 بیلگاوی ڈویژن:

اس ڈویژن کے 4 اضلاع 1956ع۔ع تک ممبئی علاقے میں شامل تھے۔ ریاست کے از سرِ نو تشکیل کے بعد کرناٹک میں شامل ہوئے۔ 1977 ع۔ع میں اس علاقے کے دھارواڑ ضلع کو تقسیم کرتے ہوئے ہاویری اور گدک ضلع کی تشکیل ہوئی۔ اور وجیاپورہ ضلع کو تقسیم کر کے باگلکوٹ بنایا گیا۔ اس ڈویژن میں اب سات اضلاع بیلگاوی، دھارواڑ، ہاویری، گدگ، وجیاپورہ، باگلکوٹ اور شمالی کینرا ہیں۔



بیلگاوی ڈویژن کا نقشہ

©KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

1.4.1 تاریخی پس منظر:

اس علاقے میں شاتا واہانہ اور موریہ کی حکمرانی تھی۔ اس ڈویژن کا بنواسی کدمبا کا صدر مقام تھا۔ بادامی چالوکیہ کا صدر مقام تھا۔ بادامی، پٹّدا کلو، آئی ہولے دنیا بھر میں مشہور مندر ہیں۔ بادامی کے غاروں میں فن سنگ تراشی کی شان و شوکت ہمیں نظر آتی ہے۔ اس ڈویژن کے بسونّا باگیواڑی، کوڈل سنگما وغیرہ وچنا تحریک کے مرکز تھے۔ کوڈلا سنگاما میں سماجی اصلاح کار شری بسویشورا اپنے مالکِ حقیقی سے جا ملے۔ اس مقام کو "آئی کیہ" مقام کہتے ہیں۔ راشٹر کوٹا اور بہمنی حکمرانوں نے بھی بیلگاوی ڈویژن پر حکومت کی تھی۔

ہندوستان کی آزادی کی تحریک میں بیلگاوی ڈویژن کے اضلاع قابل قدر و بے مثال خدمات انجام دیے ہیں۔ 1824ع۔ع میں کتور رانی چنما نے انگریزوں سے تاریخی مقابلہ کیا۔ پھر سنگولی رائینا کا مقابلہ ناقابل فراموش ہے، جو آئندہ پیش آنے والے کسان تحریکوں کے لیے ہمت افزائی کا باعث بنا۔ مہاتما گاندھی جی کی صدارت میں چلنے والا واحد ہندوستانی قومی کانگرس کا اجلاس بیلگاوی ضلع میں 1924ع۔ع میں منعقد ہوا۔ شمالی کیسنرا ضلع میں محصول عدم ادائیگی ستیہ گرہ (ٹیکس دینے سے انکار کرنا) چلی۔



سنگولی رائینا



کتور رانی چنما

اس ڈویژن کے اضلاع ممبئی علاقے میں شامل تھے۔ 1956 ع۔ع میں متحدہ کرناٹک کی تشکیل پر کرناٹک میں شامل ہوئے۔ ابتدائی دور میں اس ڈویژن میں بیلگاوی، شمالی کیسنرا، بیجاپور (وجیاپورہ) اور دھارواڑ چار اضلاع تھے۔ جیسا کہ اوپر ذکر کیا گیا ہے۔ بیجاپور ضلع کو تقسیم کرنے کی وجہ سے بیلگاوی ضلع میں سات اضلاع ہیں۔ اس ڈویژن کے وجیاپورہ، شمالی کیسنرا اور بیلگاوی بین ریاستی سرحدی اضلاع ہیں۔

© KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

1.4.2 قدرتی وسائل:



غار مندر، بادامی

یہ علاقہ قدرتی وسائل سے بھرپور ہے۔ ہمیشہ بہتی ہوئی ندیاں، گھنے جنگلات، معدنی ذخائر، ذرخیز زمین اور بجلی تیار کرنے والے تنصیبات ہیں۔ اس علاقے کی اہم ندیاں کرشنا، ملاپربھا، گھٹاپربھا، بھیما، کالی، تنگ بھدرا وغیرہ ہیں۔ یہ ندیاں جن علاقوں سے گذرتی ہیں وہاں کے مقامات پر دلکش آبشار بناتی ہیں۔ گوکاک آبشار بہت ہی پرکشش ہے۔ ڈانڈیلی کے قریب "مگوڈو آبشار"، کاروار کے قریب "دیو مالا آبشار"، مرڈیشور کے قریب "اپسر کونڈا آبشار" وغیرہ قدرتی خوبصورتی کے مقامات ہیں۔ یہاں تفریحی کے لیے عمدہ اور سازگار ماحول ہے۔ "آنشی" قومی پارک کالی ندی کے کنارے ہے۔ ڈانڈیلی کا جنگل، جانوروں کا قومی پارک، اتی ویری پرندوں کی پناہ گاہ قدرتی خوبصورتی کے لیے مشہور ہیں۔ اس علاقے کے ضلع باگلکوٹ میں خام لوہے کے ذخائر اور چونے کے پتھر ملتے ہیں۔ گار کا پتھر اس ڈویژن کے تمام اضلاع میں کثیر مقدار میں ملتے ہیں۔ الکل کے علاقے گرینائٹ کے مخزن ہیں اور یہاں سے گرینائٹ پتھر برآمد کیا جاتا ہے۔



الکل کے گرانیٹ کی کانیں

© KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

1.4.3 جنگلات، جنگلی جانوروں کی رہائش گاہیں:

بیلگاوی ڈویژن کے شمالی کینرا، بیلگاوی اور دھارواڑ اضلاع میں گھنے اور سدا بہار جنگلات پائے جاتے ہیں۔ منطقہ حارا کے جنگلات جو سال بھر ہرے بھرے رہتے ہیں انہیں سدا بہار جنگلات کہتے ہیں۔ یہاں مخصوص جنگلاتی علاقہ، محفوظ جنگلاتی علاقہ اور آزاد جنگلاتی علاقے ہیں۔ ضلع شمالی کنڑا کے جملہ رقبے کا 80% فیصد علاقہ جنگلات پر مشتمل ہے۔ یہاں ہاتھی، جنگلی بھینس، ہرن، شیر، چیتا، ریچھ، مور، جنگلی بلی وغیرہ جنگلی جانور پائے جاتے ہیں۔ان جنگلات کی ضمنی پیداوار "آدی واسی" قبائلی لوگوں کی آمدنی کا ذریعہ ہے۔



گھنے جنگلات

1.4.4 زراعت اور صنعتیں:

اس علاقے میں کالی مٹی اور لال مٹی پائی جاتی ہے۔ دھان، کپاس، مکئی، دال دانے، گیہوں، مونگ پھلی، باجرہ، مرچ یہاں کی اہم فصلیں ہیں۔ مہالِنگاپورا کا گڑ، بیاڈگی کی مرچ، کاجو اہم پیداوار ہیں۔ ملاپربھا آبی منصوبہ (نویل تیر تھا)، کرشنا آبی منصوبہ (الممیٹی) اہم آبپاشی کے منصوبے ہیں۔ کالی، وردھا، شراوتی، ڈونی، بھیما دیگر اہم ندیاں ہیں۔

NOT TO BE REPUBLISHED



المٹی بند ھ

ضلع شمالی کنسر اکا اہم پیشہ ماہی گیری ہے۔ یہاں کئی مچھلیاں کی تحفظی مراکز ہیں۔ کاجو اہم زراعتی فصل ہے۔ یہ کا جو تحفظ مرکز بھی ہے۔ شمالی کنڑا ضلع میں کدرا، صوفا، کوڈ سلی، ناگا جھری اور کئیگاہ بجلی کی پیداوار کے مراکز ہیں۔ سپاری، گنّا، کپاس، گرم مصالحے یہاں کی اہم تجارتی فصلیں ہیں۔ وجیاپورہ اور باگلکوٹ ضلع باغاتی فصلوں کے لیے مشہور ہیں۔ یہاں کی آب وہوا اور مٹی کی خاصیت پھلوں کی پیداوار کے لیے مدد گار ہے۔ ان اضلاع میں انگور کی کاشت کثرت سے کی جاتی ہے۔ انگور تحفظ مراکز اب یہاں پر قائم ہو رہے ہیں۔ اس کے علاوہ انار، نارنگی، سپوٹا، موسمبی وغیرہ پھلوں کی کاشت کی جاتی ہے۔ ضلع ہاویری میں عمدہ بیج کی پیداوار کا اہم مرکز ہے۔ یہاں کئی اہم قومی بنیجوں کی تیاری کے مراکز ہیں۔ "گلے داگڈا" میں بلاؤز کے پارچے (Blouse Pieces) تیار کیے جاتے ہیں۔

ہبلی، بیلگاوی، باگلکوٹ، گدگ اور ہاویری اہم صنعتی مراکز کے طور پر اُبھر رہے ہیں۔ الکل میں کئی گرانائیٹ پتھر تراشنے کے مراکز کام کر رہے ہیں۔

1.4.5 فن، ادب، موسقی، لوک گیت اور رقص:


اس ڈویژن کے اضلاع مختلف فنون لطیفہ کے لیے مشہور ہیں۔ دھارواڑ قومی اور بین الاقوامی ہندوستانی موسیقی کا مائیکا کہلاتا ہے۔ بھارت رتن پنڈت بھیم سین جوشی، پنڈت ملکارجن منصور، بالے خان (ستار)، وِروشی گنگو بائی ہانگل، پنڈت وِنکٹیش کمار، پنڈت بسوا راج راجگرو، بینگے بالپا، اپّالال جمکھنڈی وغیرہ کا تعلق دھارواڑ سے ہے۔

© KTBS NOT TO BE REPUBLISHED


کمار ویاسا


کنکا داس


چندر شیکھر کمبار


ایم۔آر۔ فرڈیننڈ کٹیل


دا۔را۔ بیندرے


ڈی۔ سی۔ ماؤٹے


موہارے ہنمنت راؤ


دنکر دیسائی

وسطی دور کے کئی اہم شعراء جیسے: رنّا، ناگ چندرا، نیا سینا، کمار ویاس، چامارسا، بسوانّا، کنکا داس، ششو نال شریف وغیرہ کا تعلق بیلگاوی ڈویژن سے ہے۔ اس ڈویژن کے مختلف علاقوں سے تعلق رکھنے والے وچنا پتامہا، پی۔جی۔ ہلاکٹّی، بھوسنور مٹھ، دنگر دیسائی، بسوا راج کٹّی منی، ایم۔ایم۔کلبرگی، آدیہ رنگا چاریہ (شری رنگا)، گیان پیٹھ انعام یافتہ دا۔را۔ بیندرے، وی۔کے۔ گوکاک، گریش کارناڈ، چندر شیکھر کمبار وغیرہ اس علاقے سے تعلق رکھتے ہیں۔ جنھوں نے جدید دور میں کنڑا ادب کو مالا مال کیا ہے۔ کنڑا کی لغت کو چار جلدوں میں شائع کرنے والے فریڈیننڈ کٹیل کا میدانِ عمل دھارواڑ ہی تھا۔ لوک گیت کا جادوگر ہکیری بالپا، ناڈوجا، سُکری بومے گوڈا وغیرہ لوک گیت (جانا پدا) میں اپنا لوہا منوایا ہے۔ شری کرشنا پاری جاتا، بڑگوتیٹو یکشگانا، سناٹا (ಸಣ್ಣಾಟ), ڈوڈ آٹا وغیرہ سے ڈرامے کے اقسام کو فروغ ملا۔ اپالال جمکھنڈی، کاؤجلا گی لنگما، لوکا پورادیش پانڈے وغیرہ نے اداکاری کے فن کا اعلیٰ مظاہرہ کیا ہے۔


شیشونال شریف

© KTBS NOT TO BE REPUBLISHED




کرناٹکا یونیورسٹی دھارواڑ



کرناٹکا ودیاوردھک سنگھ دھارواڑ

1.4.6 تعلیم اور صحت:

دھارواڑ، بیلگاوی اور وجیاپورہ اہم تعلیمی مراکز ہیں۔ دھارواڑ میں 1949 ع۔ع میں کرناٹکا یونیورسٹی کی شروعات ہوئی۔ ہبلی میں کرناٹکا قانون یونیورسٹی، بیلگاوی میں رانی چنما یونیورسٹی اور ویشویشوریہ ٹیکنکل یونیورسٹی، وجیاپورہ میں اکّامہادیوی سائنسی خواتین یونیورسٹی اور باگلکوٹ میں باغبانی یونیورسٹی ہے۔



شری سِدیشوّر سوامی جی

سِدیشوّر سوامی جی وجیاپورہ ضلع کے نندی ہاڑ دیہات میں 1940ع۔ع میں 5 ستمبر کو وَگیپّا برادر اور سنگما برادر کے گھر پیدا ہوئے۔ ان کا حقیقی گاؤں "بجّرگی" ہے۔ سِدیشوّر سوامی جی ایک سنت اور روحانی مفکر ہیں۔ جو "کایاکایوگی" کے لقب سے جانے جاتے تھے۔ اپنے خطبات کے ذریعے بہت سے لوگوں کے لیے ایک مشعل راہ بننے والے سوامی جی بیجاپور میں گنیانا یوگاآشرم کے سربراہ تھے۔

اس ڈویژن کے اضلاع میں خواندگی کی شرح اچھی ہے۔ بیلگام، ہبلی، وجیاپورہ اور باگلکوٹ میں میڈیکل کالج اور انجینئرنگ کالج ہیں۔ 19 ویں صدی کے آخر میں ڈپٹی چنابسپا کی رہنمائی میں کنڑا مدارس کا آغاز اس علاقے میں ہوا۔ کئی نجی تعلیمی ادارے تعلیم کے میدان میں خدمات انجام دے رہے ہیں۔ عیسائی ادارے بھی تعلیمی فروغ میں نمایاں خدمات انجام دے رہے ہیں۔ کنڑا کی لغت چار جلدوں میں شائع کرنے والے فرڈیننڈ کٹّیل کا میدانِ کار دھارواڑ ہی تھا۔

@KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

صحت کے میدان میں بیلگاوی ڈویژن کے اضلاع ترقی یافتہ ثابت ہوئے ہیں۔ آبادی میں اضافے کی شرح بہت کم ہے۔ لیکن بچوں اور ماؤں کے اموات کی شرح زیادہ ہے۔ اس ڈویژن میں کئی صحت کے مراکز ہیں۔ دیہی علاقوں میں پرائمری مراکزِ صحت اور دیہات میں ضمنی مراکزِ صحت قائم ہیں۔ کئی میڈیکل کالج اپنے ہی اسپتال میں قائم کئے گئے ہیں۔

1.4.7 ثقافتی ورثہ:

اس ڈویژن میں ثقافتی دولت کی افراط ہے۔ فن، موسیقی، ڈرامہ، ادب میں ان اضلاع کی خدمات بہت زیادہ ہیں۔ اس علاقے کے موسیقار قومی و بین الاقوامی شہرت یافتہ ہیں۔ گانایوگی پنچاکشری گوائی نے نابینا بچوں کو پناہ دے کر اُنہیں موسیقی کی تعلیم سے آراستہ کیا۔ ہبلی کو کرناٹک کی معاشی مرکز کا مقام حاصل ہے۔ بیاڈگی، مہالِنگاپورا، وجیاپورہ بالترتیب مرچ، گڑ اور انگور کے تجارتی مراکز ہیں۔ یہ ڈویژن پیشہ ور فنکاروں کے میدان سے بھرا پڑا مقام ہے۔


بھارت رتن بھیم سین جوشی


ملیکارجن منصور


گنگو بائی ہانگل


پنچاکشری گوائی

اس ڈویژن کی تاریخی یادگاریں بین الاقوامی شہرت یافتہ ہیں۔ بادامی، پٹدکل اور آئی ہولے کی تاریخی یادگاریں کرناٹک ریاست کی ثقافتی علامتیں ہیں۔ سیر و سیاحت کا شعبہ تیز رفتاری سے ترقی کر رہا ہے۔ شمالی کینرا ضلع کا INS، کدمبا بحری محکمہ دفاع کا اہم مرکز کے طور پر فروغ پا رہا ہے۔ اس ضلع کے گھنے جنگلات کا علاقہ کئی جنگلی جانوروں کی رہائش گاہ ہے۔ یہ کئی ندیوں کا منبع ہے۔ اس ڈویژن کے کئی دلکش آبشار سیاحوں کو اپنی طرف راغب کرتے ہیں۔ سمندری ساحل کے کنارے (Beaches) بھی سیاحتی مراکز بنے ہوئے ہیں۔

NOT TO BE REPUBLISHED KTBS

1.4.8 جنگ آزادی کے مجاہدین:



پاٹل پٹپا



ڈاکٹر پی۔جی۔ہلاکٹی

19 ویں صدی میں ہی انگریزوں کے خلاف کتور میں جدوجہد شروع ہوئی۔ مائیلار مہادیو پا نے آزادی کے لیے اپنے جان قربان کی۔ تحریکِ آزادی میں بیلگاوی ڈویژن کے اضلاع کا کردار سر فہرست ہے۔ اس علاقے کے ہزاروں لوگوں نے آزادی کی جدوجہد میں شامل ہو کر جیل کی سزائیں بھگتی تھیں۔ جدوجہدِ آزادی میں حصہ لینے والے ہزاروں لوگوں میں اہم سدپا کمبلی، آلور وینکٹ راؤ، این۔ سی۔ ہرڈیکر، ہرڈیکر منجپا، گنگا دھر راؤ دیش پانڈے، آر۔ آر۔ دیواکر، ناڈو جا پاٹل پٹپا وغیرہ ہیں۔ مونولّی وکلا کی قیادت میں چل رہی رام درگہ ریاست کے انظمام کی جدوجہد بھی (8) آٹھ لوگ پھانسی پر چڑھ گئے۔ جنہوں نے آزادی کی جدوجہد کے ساتھ ساتھ اتحاد کرناٹکا تحریک بھی چلائی۔ ان تحریکوں کے ساتھ ساتھ کئی رہنماء سماجی اصلاحی کاموں میں مصروف رہے۔ آر۔ ہیچ۔ دیش پانڈے نے تمام اہلِ کنڑا کی ہمت اور حوصلہ افزائی کے لیے "سری گنڈم گیلگے، سری گنڈم بالگے "(ಸಿರಿಗನ್ನಡಂ ಗೆಲ್ಗೆ ಸಿರಿಗನ್ನಡಂ ಬಾಳ್ಗೆ) کا نعرہ دیا۔ جو تمام کنڑیگاؤں کے لیے جوش و ولولہ کا باعث ہے۔ وچناپتامہا کا لقب حاصل کرنے والے ڈاکٹر پی۔ جی۔ ہلاکٹی نے شعبہ اخبارات میں اپنی خدمات انجام دیں۔ موہرے ہنومنتپا، پاٹل پٹپا وغیرہ نے اخبارات کے ذریعے لوگوں کو آزادی کی تحریک میں شامل ہونے کے لیے متاثر کیا۔

@KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

مشقیں

I. خالی جگہوں کو مناسب الفاظ سے پُر کریں۔

1. بیلگاوی ڈویژن کے اضلاع ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ع۔ع میں کرناٹک میں ضم ہوئے۔
2. انگریزوں کے خلاف جدوجہد کرنے والی رانی کا نام ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ہے۔
3. ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ع۔ع میں نئے اضلاع ہاویری، گدک اور باگلکوٹ کی تشکیل ہوئی۔
4. بادامی۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔شاہی خاندان کا پایا تخت تھا۔
5. اِلکل میں۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔وسائل دستیاب ہیں۔
6. بیلگاوی ڈویژن کا بیاڑگی۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔پیداوار کے لیے مشہور ہے۔
7. بیلگاوی ڈویژن کے۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ضلع میں باغبانی یونیورسٹی ہے۔
8. ریاست کرناٹکا میں پہلی خواتین یونیورسٹی۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ع۔ع میں شروع ہوئی۔
9. منولّی وکلاء کی قیادت میں چل رہی۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ریاست کے انضمام کی جدوجہد میں 8 لوگوں کی جانیں گئیں۔
10. بیلگاوی ڈویژن کے ضلع۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔میں بھی بیجوں کی پیداوار کے مراکز ہیں۔

II. درج ذیل سوالات کے جوابات لکھیں۔

11. مہاتما گاندھی کی صدارت میں کانگریس اجلاس کب اور کس ضلع میں ہوا؟
12. بیلگاوی ڈویژن کی دو اہم ندیوں کے نام لکھئے؟
13. بیلگاوی ڈویژن کے اہم جنگلی جانوروں کی پناہ گاہوں کے نام لکھئے؟
14. سدابہار جنگلات کون کونسے ہیں؟
15. بیلگاوی ڈویژن کے اہم آبشاروں کے نام لکھیں؟

@KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

16. بیلگاوی ڈویژن کے کس ضلع میں لوہے کے معدن دستیاب ہیں؟

17. بیلگاوی ڈویژن کے اضلاع میں اگائی جانے والی اہم زراعتی پیداوار کونسی ہیں؟

18. بیلگاوی ڈویژن کے کونسے ضلع میں لوگوں کا اہم پیشہ ماہی گیری ہے؟

19. بیلگاوی ڈویژن سے تعلق رکھنے والے تین گیان پیٹھ انعام یافتہ شخصیات کے نام لکھیں؟

20. بیلگاوی ڈویژن کے تین مشہور موسیقاروں کے نام لکھئے؟

21. بیلگاوی ڈویژن کے دو مشہور ناٹک کی اقسام کے نام لکھئے؟

22. بیلگاوی ڈویژن کے کس ضلع میں کرناٹکا قانون یونیورسٹی ہے؟

23. جدوجہدِ آزادی کے تین اہم مجاہدین کے نام لکھئے؟

@KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

سرگرمیاں :



* کرناٹک کے 31 اضلاع کی فہرست تیار کیجئے۔ اضلاع کے اعتبار سے نقشہ اکٹھا کیجئے، ہر ضلع کے سیاحتی مقامات کی ایک الگ فہرست تیار کیجئے اور اس پر مشتمل روداد تیار کیجئے۔
* کرناٹک کے مختلف اضلاع میں وچن کاروں کے مقامات کے متعلق فہرست بنائیے۔ وچن کاروں کی فہرست کے ساتھ ان کی روداد تیار کیجئے۔

F1T7W6

سبق-4

ویدک دور کی تہذیب
The Culture of the Vedic Period

سبق کا تعارف:

اس سبق میں ویدوں کا تعارف کرایا گیا ہے۔ ماقبل ویدک دور اور مابعد ویدک دور کی سماجی، معاشی، سیاسی اور مذہبی اُمور کے فرق کا ذکر کیا گیا ہے۔

صلاحیتیں:

1. چار ویدوں کے نام جانیں گے۔
2. ابتدائی ویدک دور اور آخری ویدک دور میں ہونے والی تبدیلیوں کی شناخت کریں گے۔
3. عہدِ وید کے سیاسی اداروں کو جانیں گے۔
4. ویدوں میں موجود پیغام کو سمجھیں گے۔
5. ہندوستانی عظیم نظموں کو بتلائیں گے۔

©KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

ہندوستان میں وسط ایشیا سے آریا قوم کی آمد سے نئی تہذیب کا آغاز ہوا۔ اس عہد کی تہذیب کو ویدوں کی تہذیب کہا گیا ہے۔ ویدوں کی تہذیب کا عروج پہلے سرسوتی ندی کے کنارے پھر گنگا ندی کے کنارے ہوا۔ وید ادب کی تخلیق کے دور کو "ویدک دور" کہا جاتا ہے۔

"وید" کے معنی علم کے ہیں۔ وید چار ہیں:

1. رگ وید
2. یجروید
3. سام وید
4. اتھرواوید

ان میں رگ وید سب سے قدیم ہے۔ سنسکرت زبان میں یہ وید ہزاروں سال سے زبانی ہی بولے جاتے تھے۔ رگ وید میں سرسوتی ندی کا ذکر کئی بار آیا ہے۔ سمجھا جاتا ہے کہ موجودہ راجستھان کے تھار ریگستان میں

غائب ہونے والی "گھاکرا-آکرا" ندی ہی سرسوتی ندی تھی۔ لیکن چند لوگوں کا ایسا بھی خیال ہے کہ افغانستان میں بہنے والی "ہیلمنڈ" (Helmond) ندی ہی سرسوتی ندی ہے۔

آریاؤں کے دور میں چاروں ویداور اس سے متعلق ادب تخلیق ہوا۔ ویدک دور کے حالات یا تاریخ جاننے کے لیے ویدک ادب ہی اہم ذریعہ ہے۔ ریگ وید کے دور کو "ابتدائی ویدک دور" اور اگلے تین ویدوں کے دور کو" بعد کا ویدک دور" کہا جاتا ہے۔

ابتدائی ویدک دور

سماجی زندگی: ابتدائی ویدک دور میں کنبہ کو سماج کی بنیادی اکائی تصور کیا جاتا ہے۔ باپ خاندان کا سرپرست تھا۔ سماج میں مشترک خاندان کا تصور رائج تھا۔ جنگوں میں جیتے گئے داس اور داسیوں (افراد) کو غلاموں کی طرح سمجھا جاتا تھا۔

خواتین کا مقام: خواتین کا مقام سماج میں بلند تھا۔ خواتین سیاسی سرگرمیوں میں حصہ لیتی تھیں۔ بیواؤں کی شادی کا رواج تھا۔ لڑکیوں کو بھی ویدوں کی تعلیم حاصل کرنے کی اجازت تھی۔ گھوشا، لوپامدرا، آپالا، اِندرانی، وِشورا دیگر خواتین مفکر تھیں۔ ویدک دور کے تعلیم یافتہ خواتین سیاسی ادارے "سبھا اور سمیتی" میں حصہ لیتی تھیں۔ بچپن کی شادی اور ستی کی رسم کا رواج اس دور میں نہیں تھا۔

اقتصادی زندگی: مویشی پالن اور زراعت آریاؤں کے اہم تھے۔ کئی قسم کے اناج اُگائے جاتے تھے۔ لوہے اور دیگر دھاتوں کا استعمال معلوم تھا۔ کپاس اور اُون کاتنے جلاہے، بڑھئی، لوہار اور کمہار سماج میں موجود تھے۔ پیشوں میں زراعت، حکیموں اور پجاریوں کے پیشے اہم تھے۔ لیکن کوئی بھی شخص کسی بھی پیشے کو اختیار کر سکتا تھا۔ گائے کو دولت سمجھا جاتا تھا۔ ان کے لیے جنگیں بھی ہوتی تھی۔

سیاسی زندگی: آریہ لوگ اپنے قبیلے کے سردار کو راجن کہتے تھے۔ راجن آمرانہ اختیارات نہیں رکھتا تھا۔ اور بادشاہت موروثی بھی نہیں تھی۔ سبھا، سمیتی اور ودھاتا نامی سیاسی اِدارے انتظامیہ میں اہم کردار ادا کرتی تھی۔ راجا بزرگوں کے صلاح مشوروں سے فیصلہ سنانے والا منصف بھی تھا۔ جنگیں لڑنا، رعایہ کی جان و مال کی حفاظت کرنا، گائے کی حفاظت کرنا اور عوامی خدمات راجا کی اہم ذمہ داریاں تھیں۔

بھگتی

@KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

مذہبی زندگی: آریائی قوم اندرا، سورج، سوما، پانی، ہوا اور اشونی وغیرہ دیوتاؤں کی پوجا کرتے تھے۔ آریائی لوگ دیوتاؤں کی عبادت "یگنیہ" کی شکل میں کرتے تھے۔ سچائی ایک ہی ہے۔ اہلِ علم اس کی الگ الگ تعریفیں بیان کرتے ہیں۔ "ہر سمت نیک خیالات اور اچھائی کو آنے دو" یہ ویدوں کا پیغام ہے۔

بعد کا ویدک دور

صدیوں کے گزرنے کے ساتھ ساتھ دریائے سندھ کے علاقے میں آبادی بڑھتی گئی۔ زندگی کے طور طریقوں میں تبدیلیاں ہوئیں۔ ویدک دور کے لوگ دھیرے دھیرے گنگا، جمنا ندیوں کے علاقوں کو ہجرت کر گئے اور چند وندھیاچل کی پہاڑیوں کو پھاند کر جنوب کی طرف چلے گئے۔


سیاسی تبدیلیاں: بعد کے ویدک دور میں راجا طاقتور بن گئے۔ جس کے نتیجے میں وِدھاتا کمیٹی پوری طرح سے ختم ہو گئی تو سبھا اور سمیتی جیسے اداروں نے اپنی اہمیت کھو دی۔ راجا نے اپنی ریاست کو توسیع دینا شروع کر دیا۔ حکمرانی خاندانی وارثت بن گئی۔ راجا اپنی ریاست کی توسیع کے لیے اشوامیدھا، راجاسویا وغیرہ یاگ کرنے لگے۔

سماجی تبدیلیاں: بعد کے ویدوں کے دور میں "گوترا" رسم شروع ہوئی۔ چار آشرموں کی شروعات ہوئی جو برہما چاریا، گرہستا، وناپرستا اور سنیاسی ہیں۔ جنہیں "چترآشرم نظام" بھی کہتے ہیں۔ عورتوں کے وقار میں بھاری گراوٹ آئی۔ عورتیں تعلیم سے محروم ہوئیں، سیاسی اداروں سے دور ہوئیں۔ برہمن، کشتریا، ویشیا اور شودرا جیسے ذات کے سماجی نظام سر اُٹھانے لگے۔ اس ذات کے نظام کو "ورنا نظام" کہتے ہیں۔ ستی کی رسم، بچپن کی شادیوں کی شروعات ہوئی۔ راج گھرانے اور اعلیٰ طبقوں میں کثیر ازدواجی طریقے جاری ہوئے۔


برہما چاریا


گرہستا


وناپرستا


سنیاسی

NOT TO BE REPUBLISHED @KTBS

مذہبی زندگی: مذہبی رسومات پیچیدہ اور سخت ہو گئیں۔

عظیم نظمیں: ہندوستان کی دو مقبول عظیم نظمیں والمیکی کی رامائن اور ویاس کی مہابھارت ہیں۔ یہ نظمیں ہزاروں سال سے ہندوستانیوں کی طرزِ زندگی، ادب اور فنون کو تشکیل دیتے آئے ہیں۔

مشقیں

I. خالی جگہوں کو مناسب الفاظ سے پُر کریں۔

1. وید کے معنٰی ----------
2. وید ---------- زبان میں تشکیل ہوئی۔
3. آریاؤں کی قبیلوں کے سربراہ کو ---------- کہا جاتا تھا۔

II. مندرجہ ذیل سوالات کے جوابات لکھیں۔

1. چار وید کون سے ہیں؟
2. چار ورن (سماجی طبقے) کونسے ہیں؟
3. ویدک دور کے عظیم مشہور تعلیم یافتہ خواتین کون تھیں؟
4. ہندوستان کے عظیم نظمیں کونسی ہیں۔ ان کو کس نے لکھا؟

III. گروہ میں بحث کر کے لکھیں۔

1. ابتدائی ویدک دور کے سماج اور بعد کے ویدک دور سماج کے درمیان کیا فرق ہے؟



سرگرمی:

* بچوں کو تصویری رامائن اور مہابھارت کا مطالعہ کرایئے۔

@KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

سبق-5	نئے مذاہب کا عروج Rise of new Religions

S7Z4Q3

سبق کا تعارف:

تقریباً2500 سال قبل ویدک نظریات سے مختلف خیالات کا ظہور ہوا۔ گوتم بدھ اور مہاویر نئے خیالات کے نقیب تھے۔اس پس منظر میں ان کے حالاتِ زندگی اور تعلیمات کا ذکر کیا گیا۔اس کے علاوہ دریائے سندھ اور گنگا ندی کے کنارے واقع بارہ مہاجناپد اور کئی جمہوری ریاستیں (جمہوریت) کس طرح اپنا حکومتی نظام چلا رہے تھے۔تفصیلاً وضاحت کی گئی ہے۔

صلاحیتیں:

1. گوتم بدھ اور مہاویر کی سوانح حیات کو جاننا۔
2. گوتم بدھ اور مہاویر کی تعلیمات کو سمجھنا۔
3. بدھ اور جین مذاہب کے اُصول دورِ حاضر میں کس حد تک رائج ہیں۔
4. 2500 سال قبل رائج جمہوری ثقافت کو سراہنا کرنا۔

2600 سال قبل دریائے گنگا کے میدان میں تقریباً 06 نئے مذاہب کا ظہور ہوا۔ان میں جین مذہب اور بدھ مذہب اہم ہیں۔بدھ مذہب کے بانی گوتم بدھ اور جین مذہب کے اہم تیرتھنکر مہاویر تھے۔یہ دونوں شخصیات جمہوری ریاستوں سے تعلق رکھنے والے کشتریا تھے۔

بدھ مذہب

وہ مذہب جس کی بنیاد گوتم بدھ نے رکھی، بدھ مذہب ہے۔ اس کی بنیاد 2500 سال قبل رکھی گئی تھی۔

NOT TO BE REPUBLISHED @KTBS

گوتم بدھ کی زندگی: گوتم بدھ نیپال میں واقع کپیلاوستو کے قریب لمبنی میں پیدا ہوا۔ان کے بچپن کا نام سدھارتھ تھا۔ان کے والد شدودھن شاکیہ نامی جمہوری ریاست کے سربراہ تھے۔ان کی والدہ مایادیوی تھیں۔سدھارتھ کی بیوی یشودھرا اور راہول ان کا بیٹا تھا۔

"اسیتا" نامی مہارشی نے سدھارتھ کو بچپن میں دیکھ کر یہ پیشن گوئی کی تھی کہ سدھارتھ آگے چل کر یا تو دنیا پر حکومت کرنے والا بادشاہ بنے گا یا دنیا کے غموں کو دور کرنے والا سنیاسی بنے گا۔ سنیاسی کی باتیں سن کر شدھودھن کے دل میں خیال آیا کہ اس کا بیٹا بادشاہ بنے۔اس لیے سدھارتھ کی ایسے ماحول میں پرورش کی گئی جہاں صرف خوشیاں ہی خوشیاں تھیں۔ دکھ درد کا سایہ بھی نہ تھا۔ پھر بھی سدھارتا کا دل مطمئن نہ تھا۔ یہ مہاتما بدھ کے بچپن کی ایک معلومات ہے۔

ایک رات سدھارتھ بغیر کسی کو اطلاع دیے اپنے خاندان اور محل کو چھوڑ کر گھوڑے پر سوار ہو کر چلا گیا۔ غم کے خاتمے کے لیے کئی گُروؤں سے مل کر رہنمائی حاصل کی۔ مگر اسے غم (دکھ) کی وجہ کے متعلق جواب نہ ملا۔آخر کار بہار کے "گیا" نامی مقام پر پیپل کے درخت کے نیچے کئی دنوں تک دھیان (مراقبہ) کرتا رہا۔آخر کار اسے روحانی علم حاصل ہوا۔ اور سدھارتھ "بدھ" کہلایا۔ بدھ کا مطلب "عالم" یا "جاننے والا" ہے۔ یہ مقام "بدھ گیا" کہ نام سے مشہور ہوا۔

بدھ نے اتر پردیش کے وارانا سی کے قریب سارناتھ میں سب سے پہلے پانچ شاگردوں کو اپنی تعلیمات سے روشناس کرایا۔ اس واقعے کو "دھرم چکراپری ورتن" کہتے ہیں۔ یہاں سے بہار اور اس کے اطراف کے علاقوں میں چالیس سالوں تک گھوم پھر کر تعلیمات دیں۔ بدھ کی شہرت دھیرے دھیرے پھیلنے لگی۔ کئی بادشاہوں نے اس کی عزت افزائی کی۔ بہار کے کشی نگر میں اس نے آخری سانس لی۔

بدھ کی تعلیمات: پاکیزہ زندگی و خیالات کے ذریعے علم حاصل کرنا بدھ کی تعلیمات کا مقصد تھا۔ بدھ نے اسے "دھما" کہا۔ دنیا غموں سے بھری پڑی ہے، خواہشات ہی غموں کی بنیاد ہیں۔ خواہشات پر قابو پانے والا نجات

@KTBC NOT TO BE REPUBLISHED

(مکتی) حاصل کرے گا۔ غموں کے حل کے لیے نیک نظریات، نیک اِرادہ، نیک باتیں، نیک کام وغیرہ آٹھ راہیں بتلائی ۔اسی کو اشٹانگامارگ کہا جاتا ہے۔

بتلائی

گوتم بدھ کی زندگی کے چار مراحل: خواہشات کو ترک کرنا، علم کا حاصل کرنا، دھرم چکراپری ورتن اور آخرت میں نجات۔ بدھ کی بنیادی تعلیمات آریہ کی "چار سچائیاں (حقائق)" اور اشٹانگامارگ ہیں۔ آریہ کی چار سچائیاں یہ ہیں۔ دنیا دکھوں سے بھری ہے۔ خواہش ہی دکھوں کا سبب ہے۔ خواہشات پر قابو پا کر دکھوں کو پار کر سکتے ہیں۔ دکھوں کے خاتمے کا راستہ ہی اشٹانگا ہے۔ سدھارتھ کو گوتم بدھ، تتاگتھا، شاکیہ منی وغیرہ ناموں سے بھی پکارا جاتا ہے۔

اس کے علاوہ اس نے اپنے پیروکاروں پر تشدد، شراب نوشی، رشوت سے بچنے، جھوٹ نہ کہنے کے اُصول عائد کیے۔ اس طرح بدھ کی تعلیمات آسان اور عوام میں مقبول ہوئی۔ کیونکہ اپنی تعلیمات کو عوامی زبان، پالی زبان میں تبلیغ کی۔ ان تعلیمات کو اس کے شاگردوں نے تین پیٹکا میں جمع کیا۔ وہ یہ ہیں ونایا پیٹکا، ستا پیٹکا اور ابھی دما پیٹکا۔ یہ بدھ مذہب کی مقدس کتابیں ہیں جنہیں تری پیٹکا کہا جاتا ہے۔

سدھارتھ کے محل چھوڑ کر جانے کی ایک اور وجہ بھی بتائی جاتی ہے کہ دو ریاستوں کے درمیان دریا کے پانی کی تقسیم کو لے کر مسئلہ پیدا ہو گیا تھا۔ سدھارتھ کے حامیوں کا جنگ کے لیے تیار ہونا اس کو منظور نہیں تھا۔ اس کی مخالفت میں اس نے محل چھوڑ دیا۔ یہ ڈاکٹر بی۔ آر۔ امبیڈکر کی کتاب سے لی گئی معلومات ہیں۔

کسا گوتمی کو دیا گیا بدھ کا پیغام: گوتم بدھ سے متعلق یہ کہانی ملک بھر میں بہت مشہور ہے۔ کسا گوتمی کا اکلوتا پیارا بیٹا فوت ہو گیا۔ وہ اپنے بیٹے کی موت سے اتنی غمزدہ تھی کہ اس کی لاش اٹھائے گلی گلی گھومتی پھرتی اور بیٹے کو زندہ کرنے کی ہر ایک سے فریاد کرتی تھی۔ ایک شخص نے اس کی یہ حالت دیکھ کر اس کو بدھ کے پاس لے گیا ۔بدھ کو اس عورت کا ماجرا سنایا۔ بدھ نے کسا گوتمی سے کہا" میں تیرے بچے کو زندہ کر سکتا ہوں اگر تو اس گھر سے رائی کے دانے لائے جس گھر میں اب تک کسی کی موت واقع نہ ہوئی ہو۔"

بدھ کی بات سن کر خوشی سے پھولے نہ سماتے ہوئے کسا گوتمی سارے گاؤں میں ایسا گھر تلاش کرنے نکل پڑی جس گھر میں کسی کی موت واقع نہ ہوئی ہو۔ ہر گھر میں کسی کا باپ، ماں، بھائی، بہن، شوہر، بیوی، دادا، دادی کا انتقال ہوا تھا۔ اسے دیکھ کر کسا گوتمی کو یہ سچائی نظر آئی کہ ہر کسی کی موت یقینی ہے اور بدھ کی تعلیم سمجھ آئی۔

NOT TO BE REPUBLISHED @NTBS

بدھ نے کوئی تصانیف نہیں تحریر کیں۔ ان کی تعلیمات کو ان کے شاگردوں نے یاد رکھ کر نسل در نسل تعلیمات کی حفاظت کی۔ بدھ کی تعلیمات قدیم تصنیف سُتّا پیٹکا ہے، جو پالی زبان میں ہے۔

جین مذہب


مہاویر

مہاویر کی زندگی: 24 ویں تیر تھنکر مہاویر نے جین مذہب کی تبلیغ کی۔ یہ تقریباً 2500 سال قبل ویشالی کے قریب کنداگاؤں میں پیدا ہوا۔ اس کا پہلا نام وردھمان تھا۔ اس کے والد سدھارتھ ایک قبیلے کا سردار تھا۔ اس کی والدہ تریشلا دیوی تھی۔ وردھمان نے روحانی علم حاصل کرنے کے لیے گھر چھوڑا۔ سب کچھ ترک کر کے کچھ عرصے تک وہ دگمبر منی بن کر گھومتا رہا۔ اس کے بعد بارہ سال تک "تپسیا" (مراقبہ) کیا اور آخر کار وہ سچائی کا علم (روحانی علم) حاصل کر کے "جِنا" کہلایا۔ جِنا کا مطلب خواہشات پر قابو پانے والا ہے ۔ ان کے پیروکار جین کہلائے۔ مہاویر نے تمام لوگوں میں اپنی تعلیمات کا درس دیا۔ انہوں نے بہار کے "پاواپُری" میں آخری سانس لی۔

مہاویر کی تعلیمات: وردھمان مہاویر نے اپنے پیروکاروں کو تشدد، چوری، جھوٹ نہ کہنے اور دولت اکٹھا نہ کرنے کی تعلیم دی۔ اس کے علاوہ برہماچاریہ کو اپنانے کی دعوت دی۔ عدم تشدد پر بہت زور دیا گیا، شاید ہی دنیا کے کسی اور مذہب نے عدم تشدد پر اتنا زور دیا ہوگا۔ مہاویر کی تعلیمات 23 ویں تیر تھنکر پارشوناتھ کی تعلیمات کی توسیع تھی۔

آگے چل کر جین مذہب میں شویتمبر اور دیگمبر دو فرقے بنے۔ سفید لباس میں پارشوناتھ کے پیروکار شویتمبر اور کپڑے نہ پہننے والے دیگمبر کہلائے۔ کرناٹک کا شراون بلگولہ جین مذہب کا مقدس مقام ہے۔

جین مذہب کے اہم پانچ اُصول یہ ہیں۔ اہمسا (عدم تشدد)، ستیہ (سچائی)، آستے (چوری نہ کرنا)، اپری گرہا (ضرورت سے زیادہ اشیاء کا اکٹھا نہ کرنا) اور برہماچاریہ (نفس پر قابو رکھنا)۔

@KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

مہاجن پد جمہوری ریاستیں

مہاجناپد: ہم سب 2500 سال قبل چلیں گے۔ وہ گوتم بدھ کا دور تھا۔ اُس دور میں سندھ اور گنگا ندی کے کنارے سولہ چھوٹی چھوٹی ریاستیں تھیں۔ بدھ مذہب کی کتابوں میں انہیں "مہاجن پد" کہا گیا۔ ان میں مگدھ، کوسالا اور وتسا اہم مہاجن پد تھے۔ وہاں بادشاہ کی حکومت تھی۔

جمہوری ریاستیں: اسی دور میں کئی ایسی ریاستیں جن کی نمائندگی عوامی نمائندے کرتے تھے۔ وہ جمہوری ریاستیں کہلاتی تھیں۔

ان جمہوری ریاستوں میں اہم وجی (ورجی) ریاست تھی۔ یہ کئی جمہوری ریاستوں پر مشتمل وفاق تھا۔ بہار کا ویشالی قصبہ ان کا پایہ تخت تھا۔ وجی کے وفاق میں اعلیٰ اور ادنیٰ اراکین پر مشتمل ایک "مجلس" انتظامیہ چلاتی تھی۔ مجلس کے اراکین کو "راجا" کہہ کر بلایا جاتا تھا۔ مجلس میں اتحاد سے متعلق تمام اہم موضوعات پر بحث کی جاتی تھی۔

نئے الفاظ:

سنیاسی - دنیا کے تمام خواہشات سے کنارہ کشی کر لینا۔

دیگمبر - سمتوں کی کو ہی لباس سمجھتے تھے۔

نروان (نجات) - پیدائش اور موت کے چکر سے چھٹکارا

آپ کو یہ بھی معلوم رہے:

- بدھ مذہب میں ہنایانا اور مہایانا نامی دو فرقے ہیں۔

مشقیں

I. خالی جگہوں کو مناسب الفاظ سے پُر کریں۔

1. گوتم بدھ ---------- میں پیدا ہوئے۔
2. گوتم بدھ نے اپنی تعلیمات ---------- زبان میں دی۔
3. "جنا" یعنی ---------- پر قابو پانے والا۔
4. جین مذہب کے 24 ویں تیر تھنکر ----------
5. جین مذہب میں سفید لباس پہننے والا فرقہ ---------- ہے۔

@KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

II. درج ذیل سوالات کے جوابات لکھیں۔

6. گوتم بدھ کے والدین کون تھے؟

7. گوتم بدھ نے اپنی پہلی تقریر کہاں کی؟

8. دھرم "چکر پری ورتن" کا مطلب کیا ہے؟

9. مہاویر کی تعلیمات کیا ہیں؟

10. قدیم ہندوستان کی اہم جمہوری ریاست کا نام بتائیں؟

III. گروہ میں بحث کر کے جواب دیں۔

11. گوتم بدھ کی تعلیمات کیا ہیں؟

IV. فہرست "الف" سے فہرست "ب" کے موضوعات کو جوڑ لگائیے۔

الف	ب
1. گوتم بدھ	(i) جمہوری ریاست
2. مہاویر	(ii) بدھ مذہب کی مقدس کتاب
3. وجّی	(iii) جین مذہب کا مقدس مقام
4. شراون بلگولہ	(iv) بدھ مذہب کے بانی
5. تری پٹیکا	(v) 24 ویں تیرتھنکر

سرگرمیاں:



* اپنے اطراف کے جین مندروں کے متعلق جانیں۔
* جین منادر کی تصاویر تفصیلات کے ساتھ اکٹھا کریں۔

@KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

B7V6P7

سبق-6

جنوبی ہند کی قدیم سلطنتیں
Ancient Dynasties of South India

سبق کا تعارف:

اس سبق میں سنگم دور کی منفرد ادبی خدمات کو بیان کیا گیا ہے۔ اس کے بعد جنوبی ہندوستان کے قدیم سلطنتوں جیسے شاتاواہانہ، کدمبا، گنگا، بادامی کے چالوکیہ، کانچی کے پلوّا، راشٹرا کوٹہ اور کلیان کے چالوکیہ کی ثقافتی خدمات کی نمائندگی کرتا ہے۔ ہوئسلہ اور چولہ خاندان کے عظیم شہنشاہوں، مجسمہ سازی اور ادب کے میدان میں اُن کی خصوصی خدمات کا تعارف کرایا گیا ہے۔ اس کے علاوہ چولہ سلطنت کے دیہی نظام کو بھی بیان کیا گیا ہے۔

صلاحیتیں:

1. سنگم ادب اور مہاکوی تروولور کے بارے میں جاننا۔
2. شاتاواہانہ، کدمبا اور گنگا کے فن تعمیر، مجسمہ سازی اور ادب کے میدان میں ان کی خدمات کو سراہنا۔
3. شاتاواہانہ کے کاروبار اور شہری زندگی کو سمجھنا۔
4. کدمبا دور کی ثقافت کے بارے میں جاننا۔
5. چالوکیہ کے فنِ تعمیر کے بارے میں جاننا۔
6. گنگا کے فنِ تعمیر کے بارے میں سمجھنا۔
7. کنڑا زبان کے لیے راشٹر کوٹہ خاندان کی خدمات سے متعلق معلومات حاصل کرنا۔
8. کلیان کے چالوکیہ کے دور کے ادب اور فنِ تعمیر کے متعلق جانکاری حاصل کرنا۔
9. کلیان کے چالوکیہ کے دور کا ادب اور فنِ تعمیر سے متعلق واقفیت حاصل کرنا۔
10. قدیم قلعے اور یادگاریں ہماری ثقافت کے مظہر ہیں۔ ہمیں ان کی حفاظت کرنی ہے اس بات کا شعور پیدا کرنا۔
11. ہوئسلہ اور چولہ خاندان کی مجسمہ سازی اور ادب میں ان کی خدمات کو تسلیم کرنا۔
12. ہوئسلہ اور چولہ دور کے تاریخی مقامات کی نشاندہی کرنا۔

@KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

سنگم دور حکومت اور ادب: "شِلپّا دیگارم" تمل زبان کی ایک رزمیہ نظم ہے۔ اس کا شمار ہندوستان کی بہترین رزمیہ نظموں میں ہوتا ہے۔


مہاکوی تیرووللور

" منیمیکالئی " تمل زبان کی کی ایک اور رزمیہ نظم ہے۔ اس کی ہیروئن کا نام بھی منیمیکالئی ہی ہے۔ وہ کوالن اور اس کی نوکرانی مادھوی کی بیٹی تھی ۔ وہ بدھ مت کی سنت بنی، پورے ملک میں سفر کرتے ہوئے غریبوں کو غربت، بھوک اور بیماریوں سے نجات دلاتی ہے۔

شِلپّا دیگارم اور منیمیگا لئی کے علاوہ ایک اور کتاب بھی ہے جو تمل عوام میں بہت مشہور ہے۔ وہ ترو کرل ہے۔ اس کتاب کے مصنف تروولور ہیں۔ وہ سنگم دور کے ممتاز شاعر ہیں ۔ لفظ ترو کرل دو لفظوں سے بنا ہے۔ ترو کا مطلب شری اور کرل کا مطلب چھوٹی چیز ہے۔ کرل کے ہر بند میں صرف ڈیڑھ مصرعے ہوتے ہیں۔ لیکن اس کے معنی وسیع اور بہت گہرے ہوتے ہیں۔

> کرل کے بارے میں کہا جاتا ہے کہ یہ ایسا ہے جیسے "سرسوں کا ایک دانہ کھوکلا کر کے اس میں سات سمندر بھر دیے جائیں۔"

شِلپّا دیگارم ، منیمیکالئی اور ترو کرل کے علاوہ کچھ قدیم زمانے کے ادبی کارنامے بھی ہیں۔ ان سب کو ملا کر "سنگم ساہتیہ" کہتے ہیں۔ پانڈیا بادشاہوں نے مدورائی میں تمل سنگم کے نام سے ادباء اور شعراء کی ایک انجمن قائم کی اور ان کے ادب کی حوصلہ افزائی کی۔ شاعروں کا ایک رواج تھا کہ وہ اپنی تخلیقات، تمل سنگم کو جائزے کے لیے پیش کرتے تھے۔


سنگم ادب کے تخلیقات تقریباً پانچ صدیوں تک جاری رہی۔ اس دور کو سنگم دور کہا جاتا ہے۔ جو جنوبی ہندوستان کے سلطنتوں جیسے: چولہ، چیرا کے علاوہ پانڈیا بادشاہوں کی حکمرانی اور اس دور کی زندگی کے بارے میں معلومات فراہم کرتا ہے۔

@KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

جنوبی ہندوستان کے اہم شاہی خاندان					
	خاندان		دارالخلافہ		اہم حکمران
.1	شاتاواہانہ	-	پئی ٹھان (مہاراشٹر میں)	-	گوتمی پُتر شاتاکرنی
.2	کدمبا	-	بنواسی	-	مایورورما
.3	گنگا	-	تلکاڈ	-	دروینیتا
.4	بادامی چالوکیہ	-	بادامی	-	اِمڈّی پلی کیشی دوّم
.5	پلوا	-	کانچی	-	نرسمہاورما
.6	راشٹر کوٹہ	-	مانیاکھتیا	-	اموگھاورشانزی پتونگا
.7	کلیان کے چالوکیہ	-	کلیان	-	وکرمادتیہ ششم
.8	ہوئیسلہ	-	دوارسمدرا	-	وشنووردھن
.9	چولہ	-	تنجاور (تملناڈو)	-	راجاراجاچولہ

@KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

شاتاواہانہ



@KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

دورِ قدیم میں شاتا واہانہ نامی شاہی خاندان جنوبی ہندوستان کے کچھ علاقوں پر حکومت کرتے تھے۔ مہاراشٹر کا پرتشٹھان پور (آج کا پئی ٹھان) ان کا پایہ تخت تھا۔ (نقشہ دیکھیں)

گوتمی پتر شات کرنی: گوتمی پتر شاتکرنی نے شکا، یوانا، پلہما نامی غیر ملکی شاہی خاندانوں کو شکست دی۔ اس نے نہاپانا کہ شکا بادشاہ کے سکوں پر اپنا نام دوبارہ چھپوایا۔ اس کی سلطنت کونکن، سوراشٹر، مالوا، بیرار وغیرہ تک کے علاقوں تک پھیلی تھی۔ اس کا لقب "تری سمدر اتویہ پتا واہنا" (تین سمندروں کا پانی پینے والے گھوڑوں کی سواری کا مالک) تھا۔

مذہب اور معاشرہ: شاتاواہانہ حکمران ویدک مذہب کے پیروکار تھے۔ وہ اشوامیدھا اور دوسری قربانیاں (یگ) کیا کرتے تھے۔ ان کی سلطنت میں آباد ہونے والے غیر ملکی اپنی مرضی سے ہندو مذہب یا بدھ مت کو قبول کرتے اور اپنے بچوں کے نام دیوی دیوتاؤں اور عظیم لوگوں کے نام پر رکھتے تھے۔ وہ شیو اور وشنو کی پوجا کرتے تھے۔ خواتین کی عزت کی جاتی تھی۔ ان کے پاس جائیدادیں تھیں اور وہ دل کھول کر مذہبی مراکز کا تعاون کرتے تھے۔


ادب اور تعلیم: پراکرت زبان شاتاواہانہ کی انتظامی زبان تھی۔ ان کے کتبات بھی پراکرت زبان میں اور برہمی رسم الخط میں موجود ہیں۔ ہالا نامی بادشاہ نے "گتھا سپتا ستی" نامی تصنیف کی تشکیل پراکرت زبان میں ہی کی ہے۔ گناڈیہ نے "وڈا کتھا" اور "کاتنترا ویاکرنا" نامی تصانیف تحریر کیں۔ تعلیم فراہم کرنے کے لیے اگرہار قائم کیے گئے۔ ان میں سے ضلع شیموگہ کا تالگند (استھانہ کندور) اہم تعلیمی مرکز تھا۔

فنِ تعمیری خدمات: شاتاواہانہ خاندان نے فنِ تعمیر کو بہت کچھ دیا۔ اس زمانے میں فنِ تعمیر کی تین قسموں کی ابتداء ہوئی۔ وہ ہیں چَیتیا، وہارا اور استوپا۔ چیتیا بدھ مت کی عبادت گاہیں ہیں۔ وہارا بدھ راہبوں کا رہائش گاہ ہے۔


شاتاواہانہ کی تعمیرات بڑے پتھروں سے تراشے گئے چَیتیا اور وہارا ہیں۔ مہاراشٹر میں کارلے کے قریب چَیتیا بہت بڑی اور خوبصورت ہے۔ کنیری کے قریب پائے جانے والی چَیتیا بہت مشہور ہے۔ چَیتیاؤں کے ساتھ ہی چٹان سے بنے وہار ہیں۔ آندھرا پردیش میں امراوتی کا استوپ سنگِ مرمر سے بنا ہے۔ فنکارانہ مثال پیش کرتا ہے۔ ہم کلبرگی ضلع کے سنّاتی اور شمالی کنڑا ضلع کے بنواسی میں شاتاواہانہ دور کے فنِ تعمیر کو دیکھ سکتے ہیں۔ شاتاواہانہ کے ہزاروں سکّے دستیاب ہوئے ہیں۔

تجارت اور تجارتی مراکز (شہر): شاتاواہانہ حکمرانوں کا دور معاشی خوشحالی کا دور تھا۔ اس کی بڑی وجہ یہ تھی کہ ملکی اور غیر ملکی تجارتی سرگرمیاں عروج پر تھیں۔ سلطنت کے بہت سے شہر مصروف تجارتی مراکز تھے۔ ایسے شہروں کو مہاراشٹر میں "نِگاما" کہا جاتا تھا۔

NOT TO BE REPUBLISHED @KTBS



کارلے کا چیئتیا (مہاراشٹر)



امراوتی کا استوپا

مہاراشٹر کے پئی ٹھان، کارلے، کنہیری، جُنّار اور ناسک، آندھر پردیش کا دھانیہ کٹکا (دھرنی کوٹے) اور شمالی کنڑا میں وئی جنتی (بنواسی) سب نِگاما تھے۔



شاتاواہانہ سکّے

شہروں میں "شرینی" نامی انجمن تھی۔ شرینی یعنی تاجروں اور مختلف کاریگروں نے اپنے مفادات کے تحفظ کے لیے بنائی گئی انجمنیں ہیں۔ مثلاً اناج کے تاجروں کی "دھانیکا شیرینی" انجمن تھی۔ اسی طرح تیلیوں، لوہاروں، کانسیوں، کمہاروں کے لیے شرینی ہوتے تھے۔ ہر ایک شرینی کا ایک لیڈر ہوتا تھا۔ جسے شری شٹّی یا شٹّی کہا جاتا تھا۔

شرینی نے جدید بینکوں کی طرح کام کیا۔ وہ صنعتی اور تجارتی سرگرمیوں میں تعاون کرتے تھے۔ جس نے کارلے کی مشہور چیتیا تعمیر کی وہ ایک شری شٹّی تھا۔

سلطنت کے مشرقی اور مغربی ساحلوں پر بہت سے بندرگاہیں تھیں۔ بھروکچّا (موجودہ بھروچ) سوپارہ اور ممبئی کے قریب کلیان میں مغربی ساحل پر ایسی کئی اہم بندرگاہیں تھیں۔

NOT TO BE REPUBLISHED

شاتاواہانہ دور میں یورپ کی رومی سلطنت کے ساتھ ہندوستان کے تجارتی تعلقات بہترین تھے۔ جس طرح اشیاء ہندوستان سے یورپ کو برآمد ہوتی تھیں، اسی طرح بڑی مقدار میں سونا درآمد کیا جاتا تھا۔ منافع بخش غیر ملکی تجارت کی وجہ سے شاتاواہانہ سلطنت بہت خوشحال ہوگئی۔

بنواسی کے کدمبا

کدمبا خاندان کنڑا کا پہلا شاہی خاندان تھا۔ شاتاواہانہ خاندان کے بعد انہوں نے شمال مغربی کرناٹک میں عروج پایا۔ کدمبا خاندان کا بانی اور مشہور حکمران مایورورما تھا۔ اس کے گھر کے قریب کدمبا کا درخت تھا جس کی وجہ سے ان کا خاندان کدمبا کہلایا۔ کدمبا خاندان کا دارالحکومت ضلع شمالی کینرا کا بنواسی تھا اور ان کا نشان شیر تھا۔


مایورورما



ہلمیڈی کتبہ

میورورما جو ایک برہمن تھا، جب وہ تعلیم حاصل کرنے کے لیے کانچی گیا تب پلوّا بادشاہ کے گھوڑ سوار فوجی افسر نے اس کی توہین کی۔ اس ذلّت کو میورورما برداشت نہ کرسکا اور برہمنیت کو چھوڑ کر شتریا بننے کے لیے نکل پڑا۔ اس نے پہاڑی لوگوں کو جمع کیا اور پلوّاؤں پر حملہ کیا۔ آخر کار پلوّا بادشاہ نے میورورما کی بادشاہت تسلیم کر لی اور کرناٹک کے کئی علاقے میورورما کے حوالے کر دیے۔ میورورما نے چترردرگہ کے چندرولّی کے قریب ایک جھیل کی مرمت کروائی۔

© @KTBS BE REPUBLISHED



NOT TO BE REPUBLISHED
@KTBS



کدمبا کا نشان-شیر

کدمبا کے دور میں پراکرت، سنسکرت اور کنڑاز بانیں رائج تھیں۔ بعد میں سنسکرت کو پہلے سے زیادہ اہمیت حاصل ہو گئی۔ یہ ریاست کی زبان بھی تھی اور ذریعۂ تعلیم بھی۔ کنڑاز بان نے بہت اہمیت اور پہچان حاصل کی۔

- کنڑاز بان میں لکھا کتبہ ضلع ہاسن ہلمیڈی گاؤں سے دریافت ہوا۔ یہ ایک کنڑاز بان میں لکھا گیا قدیم ترین کتبہ ہے۔
- سنسکرت زبان میں لکھا ہوا ایک نوشتہ کدمبا کے زمانے سے تعلق رکھنے والے شیوموگہ ضلع کے تلگنڈا میں دریافت ہوا ہے۔ اسے "کُبجّا" نامی شاعر نے لکھا ہے۔ وہ کرناٹک کا پہلا سنسکرت شاعر تھا۔

کدمبا خاندان نے کرناٹک میں فنِ تعمیر اور مجسمہ سازی میں نمایاں تعاون کیا ہے۔ انہوں نے بنواسی میں بہت سے منادر بنوائے۔ بھگوان مدھوکیشور کدمبا خاندان کے خاندانی دیوتا تھے۔ بنواسی میں پرشورام کا ایک دلکش مجسمہ ہے۔



بنواسی کا مدھوکیشور مندر

@KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

تلکاڈ کے گنگا



گنگا حکومت کا نشان-ہاتھی

جب شمالی مغرب کرناٹک میں کدمبا خاندان کی حکمرانی تھی تب جنوبی کرناٹک میں عروج پانے والا گنگا خاندان تھا۔ گنگا خاندان جنہوں نے ایک طویل عرصے تک کرناٹک میں حکومت کی ایک زرعی برادری سے تعلق رکھتے تھے۔ انہوں نے 650 سالوں تک حکومت کی۔ کولار (کولالپور) اور تلکاڈ (تلونپور) ان کے پایہ تخت تھے۔ کونگنی ورما اس سلطنت کا بانی تھا۔ مدھا گجا (ہاتھی) ان کا شاہی نشان تھا۔ گنگا بادشاہوں میں دُرویینیتا مشہور بادشاہ ہے۔

دُرویینیتا



گومٹیشور کا مجسمہ
قربانی کی علامت

تقریباً 1500 سال پہلے حکومت کرنے والا دُرویینیتا بہادر اور عالم بھی تھا۔ اس کی ماں جیشٹھا دیوی کا تعلق پونّاٹا شاہی خاندان سے تھا۔ کیونکہ پونّاٹا خاندان کا کوئی ولی عہد نہیں تھا اسی وجہ سے دُرویینیتا اس سلطنت کا وارث بنا۔ اس نے کئی جنگوں میں پڑوسی دشمنوں کو شکست دے کر گنگا سلطنت کو وسعت دی۔ اس نے آبپاشی کے لیے سمندر جیسے تالاب تعمیر کئے تھے۔

دُرویینیتا سنسکرت اور کنڑا زبان کا ماہر عالم تھا۔ اس نے سنسکرت کے شاعر بھاروی کی تصنیف "کِراتار جونیا" کی 15 ویں داستان پر ایک تبصرہ لکھا۔ گناڈھیہ کی "وڈا کتھا" کا سنسکرت زبان میں ترجمہ کیا۔ نیز سری وجیا اپنی تصنیف "کوی راج مارگ" میں لکھتے ہیں کہ دُرویینیتا کنڑا زبان کے سب سے ممتاز نثر نگاروں میں سے ایک ہیں۔ "کوی راج مارگ" کنڑا زبان میں دستیاب سب سے پہلی تصنیف ہے۔

دُرویینیتا کے بعد شری پروشا، راچملا نے حکومت کی۔ راچملا کے وزیر چاونڈارایا نے وندھیا گری پہاڑ پر قائم عالمی شہرت یافتہ 17.6 میٹر (58 فیٹ) گومٹیشور کا مجسمہ ضلع ہاسن کے شراون بلگولہ میں تعمیر کروایا تھا۔

ادب: گنگا بادشاہوں میں کچھ بادشاہ بڑے عالم بھی تھے۔ دُرویینیتا سنسکرت اور کنڑا زبان کا مشہور عالم تھا۔ شری پروشا نے "گجا شاسترا" نامی تصنیف لکھی۔ گنگا سلطنت کے وزیر چاونڈارایا نے کنڑا زبان میں "چاونڈارایا پُران" نامی تصنیف تشکیل دی۔

NOT TO BE REPUBLISHED @KTBS

فنِ تعمیر اور فنِ مجسمہ سازی: فنِ تعمیر اور مجسمہ سازی کے میدان میں گنگا خاندان کی دین بے شمار ہیں۔ منے (نیل منگل تعلقہ) کا کپیلیشور، تلکاڈ کا پاتلیشور، کولار کا کولارا ممندر، شراون بلگولہ کی جین بسدیاں، کمبدا ہلی (تعلقہ ناگ منگل) کے پنچکوٹ بسدی وغیرہ گنگا دور حکومت کی اہم فن تعمیرات ہیں۔ شراون بلگولہ میں موجود 58 فٹ اونچا یک سنگی گومٹیشور کا مجسمہ ان کی فنِ مجسمہ سازی کے میدان میں اہم دین ہیں۔

بادامی کے چالوکیہ

بادامی کے چالوکیہ نے کرناٹک پر دو صدیوں تک عالی شان حکومت کی۔ بادامی چالوکیہ کا دارالحکومت باگلکوٹ ضلع کا بادامی (وتاپی) رہا۔ وراہا چالوکیہ خاندان کا نشان تھا۔



چالوکیہ حکومت کا نشان-وراہا



© KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

پُلیکیشی دوّم: پُلیکیشی دوّم بادامی چالوکیہ خاندان کا عظیم بادشاہ تھا۔ وہ بہادر اور مضبوط تھا۔ اس نے باغیوں کو شکست دینے اور سلطنت کو وسعت دینے کے لیے بہت کوششیں کیں۔

گنگا اور کدمبا کے بادشاہوں نے اس کے سامنے اپنے ہتھیار ڈال دیے۔ پُلیکیشی دوّم نے ہرش وردھن کو دریائے نرمدا کے کنارے ہوئی جنگ میں شکست دی۔ یہ اسکا کا بہت بڑا کارنامہ تھا۔ کلنگا اور کوسل کے بادشاہوں نے بھی بغیر جنگ کیے اپنی شکست تسلیم کر لی۔ جنوبی ہندوستان میں پُلیکیشی دوّم نے کانچی کے پلوّا راجا کو شکست دی ۔دریائے کاویری کو عبور کیا اور چولہ، کیرلا کے بادشاہوں کو شکست دی۔ پانڈیا حکومت کو جنوب میں اپنا اختیار قبول کرنے پر راضی کیا۔ اس طرح تمام سمتوں میں فتح حاصل کر کے پُلیکیشی دوّم واپس بادامی چلا گیا۔ اس کی سلطنت مشرقی ساحل سے مغربی ساحل تک پھیلی ہوئی تھی۔

پُلیکیشی دوّم کی شہرت ہندوستان کی سرحدوں سے نکل کر بیرونی ممالک تک پہنچ گئی۔ پُلیکیشی دوّم نے ایک وفد فارس کے بادشاہ خسرو کے پاس ایک ہاتھی اور قیمتی اشیاء کے ساتھ بھیجا۔ خسرو نے بدلے میں پُلیکیشی دوّم کے پاس ایک دوستانہ وفد بھیجا تھا۔ اجنتا کے غار میں ایک تصویر بنی ہے جس میں خسرو اور اس کی بیوی پُلیکیشی دوّم کے سفیر کا استقبال کر رہے ہیں۔

بادامی کے چالوکیہ کا فنِ تعمیر: آئی ہولے، پٹّدا کلوّ، مہاکوٹہ اور نگرالا میں بادامی چالوکیہ کے فنِ تعمیرات ہیں۔ آئی ہولے اور بادامی میں منادر، غار اور غاروں میں تراشے گئے منادر ہیں۔



بادامی کے غار

@KTBS NOT TO BE REPUBLISHED



نٹراج- بادامی کے غار

آئی ہولے میں سورج (لاڈ خان)، میگوتی، کارتیکیہ اور دُرگا کے مندر اہم ہیں۔ آئی ہولے کو "مندر کے فنِ تعمیر کا گہوارہ" کہا جاتا ہے۔ بادامی مندروں میں نٹراج اور وشنو کے اُبھرے ہوئے فنِ تعمیر قابل ذکر ہیں۔

پٹّدا کلوّ میں واقع ویرو پاکشا مندر بڑا خوبصورت ہے۔ پٹّدا کلوّ دنیا کے ثقافتی مراکز میں اسے ایک ہے۔



شیش ناگ پر بیٹھے ہوئے وشنو، بادامی کے غار



پٹّدا کلوّ کا ویرو پاکشا مندر

نیا لفظ:

بین الاقوامی ثقافتی مرکز: اقوام متحدہ (یو۔این۔او) نے کچھ اہم اور خاص مقامات کو بین الاقوامی طور پر اہم مقامات کی حیثیت سے تسلیم کیا ہے اور انہیں ایسے مراکز کی عالمی فہرست میں شامل کیا ہے جنہیں خصوصی حیثیت اور تحفظ فراہم کیا جاتا ہے۔ اس فہرست میں کرناٹک کے ہمپی، پٹّدا کلوّ، بیلور، ہلے بیڑ واور سومناتھ پور کو شامل کیا گیا ہے۔

کانچی کے پلوّا

پلوّا خاندان جنوبی ہندوستان کے مشہور خاندانوں میں سے ایک ہے۔ پلوّا کا دارالسلطنت تمل ناڈو کا کانچی تھا۔ انہوں نے تقریبا 300 سالوں تک حکومت کی۔

@KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

نرسمہاورماوّل: نرسمہاورماوّل تمام پلوّا حکمرانوں میں سب سے عظیم شہنشاہ تھا۔ اس کا لقب مہاملاّ (عظیم پہلوان) تھا۔ جیسا کہ وہ بہادر اور دلیر تھا۔ نرسمہاورما نے چالوکیہ سلطنت پر حملہ کیا، پُلکیشی دوّم کو شکست دی اور بادامی پر قبضہ کر لیا۔ فتح کی خوشی میں اس نے اپنا خطاب "واتاپی کونڈا" رکھ لیا۔ اس نے مہاملاّپورہ (مہابلی پورم) بندرگاہ کو ایک خوبصورت شہر بنادیا۔

فنِ تعمیرات میں پلوّا خاندان کی دین: فنِ تعمیرات میں پلوّا خاندان کی دین بیش قیمتی ہیں۔ مہابلی پورم میں نرسمہاورما کے دورِ حکومت میں تعمیر شدہ آٹھ یک سنگی رتھ ہیں۔ دنیا بھر میں مشہور یہ ایک ہی چٹان میں تراشے گئے ہیں۔ یہاں ایک اُبھرا ہوا پتھر کا نمونہ ہے جسے "گنگاوترنا" (گنگا کا نزول) کہا جاتا ہے۔ یہ بھگوان شیو کے بالوں کی گرہ سے گنگا کو زمین پر لانے کے لیے بھگیرتھ نے جو کوشش کی تھی اسی کی عکاسی کرتا ہے۔ یہ اُبھری ہوئی فنِ سنگ تراشی کا ایک عظیم نمونہ ہے۔


مہابلی پورم مندر

پلوّا راجاؤں نے بڑے بڑے منادر بنائے۔ ان میں ایک مہابلی پورم کے ساحل پر واقع شیو کا مندر ہے۔ اس طرح کے دیگر دو مندر، کانچی میں کیلاش ناتھ مندر اور وئی کنٹاپرومل مندر ہیں۔

نیا لفظ:

منبت کاری: پتھروں کو تراش کر اُبھرے ہوئے نقش و نگار بنانا۔

راشٹر کوٹہ


راشٹر کوٹہ کا نشان

راشٹر کوٹہ جنہوں نے بادامی کے چالوکیہ خاندان کا تختہ اُلٹ دیا، پورے دکن کے مالک بن گئے۔ کوی راجامارگ، آدی کوی پمپا اور یلّورا کے کیلاس ناتھ مندر سے ان کی وابستگی کے سبب راشٹر کوٹہ کو ہمیشہ یاد کیا جاتا ہے۔

- **"کوی راجا مارگ"** یہ راشٹر کوٹہ دور سے متعلق تصنیف ہے۔

ہمارے علم کے مطابق چونکہ یہ اب تک کا سب سے قدیم کنڑا ادبی کارنامہ ہے، اس لیے کنڑا ادب میں ایک منفرد مقام رکھتا ہے۔ اسے شری وجیا نے نویں صدی عیسوی میں مرتب کیا تھا۔

@KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

عظیم حکمران:

- **گووندا سوّم:** راشٹر کوٹہ کے شہنشاہوں میں گووندا سوّم سب سے عظیم تھا۔ اس نے جنوبی ہندوستان میں ہر جگہ اپنی بالادستی قائم کی۔ اس کے بعد اس نے اس شمالی ہندوستان میں ایک فوجی مہم کی قیادت کی اور فتح یاب ہو کر ہمالیہ تک پہنچ گیا۔ اس عظیم کارنامے کو اس کے درباری شاعر نے دلکش انداز میں بیان کرتے ہوئے کہا کہ "گووندا کے جنگی ہاتھیوں نے گنگا ندی کے مقدس پانی کا مزہ چکھ لیا"۔

- **اموگھاورشا نری پتونگا:** اموگھاورشا نری پتونگا، گووندا سوّم کا بیٹا تھا۔ تخت نشینی کے وقت اس کی عمر چودہ سال تھی۔ اس نے 60 سال سے بھی زیادہ حکومت کی۔ وہ خود ایک عالم (دانشور) تھا۔ شری وجیا اس کا درباری شاعر تھا۔

اموگھاورشا نری پتونگا کی سب سے بڑی فکر اس کی رعایہ کی فلاح و بہبود کرنا تھا۔ اس نے مانیہ کھیتا (ضلع کلبرگی کا موجودہ ملکھیڈ) شہر تعمیر کیا۔ یہ راشٹر کوٹہ کا دارالحکومت بنا۔ اس دور کے چار عظیم سلطنتوں میں سے راشٹر کوٹہ سلطنت بھی ایک ہے، یہ جملہ غیر ملکی سیّاح سلیمان نے تحریر کیا تھا۔ (دیگر سلطنتیں روم، عرب اور چین تھیں)۔

- **کرشنا سوّم:** کرشنا سوّم کے دورِ حکومت میں راشٹر کوٹہ سلطنت کو ایک بار پھر اعلیٰ مقام حاصل ہوا۔ کرشنا سوّم نے چولہ سلطنت کو شکست دی اور فتح کا سلسلہ جاری رکھتے ہوئے رامیشورم تک پہنچ گیا۔ رامیشورم میں ایک فتح کا مینار اور ایک مندر تعمیر کروایا۔ اس نے پانڈیا اور چیرا کو شکست دی۔ سری لنکا کے حکمران سے خراج وصول کیا۔ صرف اتنا ہی نہیں، گووندا سوّم کی طرح اس نے شمالی ہندوستان پر کامیاب حملے کیے۔

شاعر پوّنا کو کرشنا سوّم کی پناہ حاصل تھی۔ کرشنا سوّم کے بعد راشٹر کوٹ سلطنت کا زوال شروع ہوا۔

لکشنا گرنتھ (ایک کتاب) میں زبان، اسلوب، شاعری وغیرہ خصوصیات کی وضاحت کی گئی ہے۔

@KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

پمپا: پمپا کنڑاز بان کے عظیم شاعر ہیں۔انہوں نے کنڑاز بان میں سب سے پہلی رزمیہ نظم لکھی۔ جس کی وجہ سے پمپا کو کنڑا کے "آدی کوی" کہا جاتا ہے۔ پمپا سے قبل کنڑاز بان میں تشکیل شدہ نظمیں ابھی تک دستیاب نہیں ہوئی ہیں۔ پمپا ویمولواڈ کے مانڈ لیکا (کارکن) اری کیسری کے دربار میں تھے۔ "آدی پرانا" اور "وکرمارجنا" پمپا کی عظیم رزمیہ نظمیں ہیں۔ کنڑا کے اہم شعراء کو پمپا نے بہت زیادہ متاثر کیا ہے۔اسی دور سے تعلق رکھنے والے کنڑا زبان کے ایک اور عظیم شاعر پونّا تھے۔

پمپا ویمولواڈ کے مانڈ لیکا (کارکن) اری کیسری کے دربار میں تھے۔

ایلوّرا اور ایلیفنٹا



کیلاش مندر، ایلوّرا



مہیش مورتی، ایلیفنٹا


اسے تری مورتی کہا جاتا ہے

ایلوّرا کا کیلاش مندر، سو فٹ اونچی چٹان کو اُوپر سے نیچے تک تراش کر بنایا گیا یک سنگی مندر ہے۔اس کی تعمیر کا سہرا راشٹر کوٹہ کے بادشاہ کرشنا اوّل کو جاتا ہے۔ دنیا میں اس جیسی فنِ تعمیر کوئی اور نظر نہیں آئے گی۔ یہاں کی مجسمہ سازی کا دیدار کرنا تہوار کے مانند ہے۔ مجسمہ سازی میں راون کے کیلاش پہاڑ کو اٹھانے کی کہانی کو دلکش تصویر کے مانند تراشا گیا ہے۔

راشٹر اکوٹہ سلطنت میں موجودہ مہاراشٹر کے بہت سے علاقے شامل تھے۔ایلوّرا اور ایلیفنٹا مہاراشٹر میں ہیں۔

راشٹر کوٹہ سلطنت کی شاہکار مجسمہ سازی کو ایلیفنٹا کی غاروں میں دیکھا جا سکتا ہے۔ایلیفنٹا ممبئی بندرگاہ کے قریب واقع ایک چھوٹا جزیرہ ہے۔ یہاں کی تین سروں والی مہیش مورتی (مہیش کا مجسمہ) حیرت انگیز ہے۔

NOT TO BE REPUBLISHED © KTBS



NOT TO BE REPUBLISHED © KTBS

کلیان کے چالوکیہ

راشٹر کوٹ سلطنت کے زوال کے بعد چالوکیہ خاندان دوبارہ اقتدار میں آیا۔ یہی کلیان کے چالوکیہ تھے۔ ضلع بیدر کا بسو کلیان ان کا پایا تخت تھا۔

وکرما دِتیا ششم : وکرما دِتیا ششم کلیان کے چالوکیہ خاندان کا سب سے عظیم حکمران تھا۔ اس کے طویل دورِ حکومت میں کنڑا سرزمین نے خوب ترقی پائی۔ اس نے "چالوکیہ وکرما شکا" کا آغاز کیا۔ وکرمادِتیا نے کئی علماء کو پناہ دی تھی۔ اس کی پناہ حاصل کرنے والے پنڈت بلہنا نے "وکرمانکادیوا چریتا" نامی رزمیہ لکھی۔ اس میں وکرمادِتیا کی سوانح حیات کا تذکرہ ہے۔ وگنیانیشور اس کے دربار کا ایک اور عالم (دانشور) تھا۔ "متاکشرا سمہیتے" اس کی تصنیف ہے۔ اسے ہندو قانونی نظام کی معیاری کتاب کے طور پر تسلیم کیا گیا ہے۔

سومیشور سوّم: وکرمادِتیا کے بیٹے سومیشور سوّم کی حکومت کے دوران سلطنت میں امن، خوشحالی قائم تھی۔ بادشاہ کی دلچسپی ادب اور فن کی طرف تھی۔ اس نے "مَنس اُلاّسا" نامی مشہور سنسکرت تصنیف تشکیل دی ۔ اس میں تمام شاستروں کا ذکر کیا گیا ہے۔ سومیشور سوّم ایک عظیم عالم (دانشور) تھا۔ سروگنیا چکرورتی کے نام سے مشہور تھا۔

ادب: کلیان کے چالوکیہ کے دورِ حکومت میں ادب کو بہت حوصلہ افزائی ملی۔

- کوی چکرورتی لقب پانے والے شاعر رنّا نے "ساہس بھیم وجئے" یا "گدایو دھا" نامی دلیرینہ نظم لکھی۔ پمپا، پونّا اور رنّا کو کنڑا ادب کے تین رتن کہا جاتا ہے۔
- وچن ادب چالوکیا عہد کی مخصوص دین ہے۔ وچن کاروں نے آسان کنڑا زبان میں وچن لکھے۔

جیڈارادا سمیّا، بسونّا، الّماپر بھو، اکّامہادیوی، چن بسونّا، سدھ رام، مڈیوال ماچیّا، سولے سنکوّے وغیرہ اس دور کے اہم وچن کار ہیں۔

فنِ تعمیرات: کلیان کے چالوکیہ کے عہد میں کئی منادر تعمیر ہوئے۔ وہ فنونِ لطیفہ کے مراکز تھے۔ ضلع کوپل کے اِٹگی کا مہادیو مندر اس دور کی بہت عمدہ فنِ تعمیر کا نمونہ ہے۔ وہاں کے ایک کتبہ میں اسے "منادر کا چکرورتی" (منادر کا شہنشاہ) بیان کیا گیا ہے۔

NOT TO BE REPUBLISHED ©KIBS



مہادیو کا مندر، اِٹگی

@KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

ادوار (Chronology):

راشٹر کوٹہ کا دورِ حکومت	-	750ع۔ع	تا	950ع۔ع
کلیان کے چالوکیہ کا دورِ حکومت	-	970ع۔ع	تا	1150ع۔ع
گووندا سوّم	-	793ع۔ع	تا	814ع۔ع
اموگھاورشا نری پتنگا	-	814ع۔ع	تا	878ع۔ع
کرشنا سوّم	-	939ع۔ع	تا	967ع۔ع
وِکرمادِتیا ششم	-	1076ع۔ع	تا	1127ع۔ع
چالوکیہ وِکرم شکا	-	1076ع۔ع		
سومیشور سوّم	-	1127ع۔ع	تا	1137ع۔ع

ہوئیسلہ



ہوئیسلہ کا نشان

ماوینا کیرے اسکول کے اساتذہ اور طلبہ نے بیلور کی چنّا کیشور مندر کو دیکھنے کا فیصلہ کرتے ہیں۔ بَسنّیری مندر کے روبرو ٹھہر کر کیا دیکھتے ہیں؟ صبح کی روشنی میں سنگ تراشی کا جگمگاتا ہوا عجوبہ دیکھا!

اُستاد : بچو! یہی ہوئیسلہ کا عالمی شہرت یافتہ چنا کیشور کا مندر ہے۔ اس کی دو الگ خصوصیات یہ ہیں کہ مندر کو اُونچے چبوترے پر تعمیر کیا گیا ہے اور چبوترہ ستارے کی شکل میں ہیں۔

شاگرد : چبوترے پر مندر (گُڑی) کو کیوں ٹھہرایا گیا ہے؟

اُستاد : کیونکہ مندر کی شان و شوکت دیکھنے والے دیکھ کر خوش ہو جائیں۔

شاگرد : چبوترہ ستارے کی شکل میں کیوں ہے؟

اُستاد : صرف چبوترہ ہی نہیں بلکہ دیواریں، حجرہ اور گنبد بھی ستارے کی شکل کے ہیں۔ اس وجہ سے ستارے کی شکل کی دیواروں کی سطح بہت موثر طریقے سے روشنی اور چھاؤں کی گنجائش فراہم کرتی ہے۔ جس کے نتیجے میں مجسمے نمایاں اور سامنے کی جانب اُبھرے ہوئے نظر آتے ہیں۔



بیلور کی چنا کیشور مندر

©KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

ہوئیسلہ خاندان کے بادشاہوں نے نرم سلیٹ کے پتھر کا استعمال کرتے ہوئے سارے منادر تعمیر کیے۔ مجسمہ سازوں نے سجاوٹ پر بہت زیادہ اہمیت دی ہے۔ مندر کے دیواروں کی بیرونی سطح کے نچلے حصّے پر ہاتھیوں، گھڑ سواروں اور بیل بوٹوں کا حاشیہ ہے۔ ہوئیسلہ کے مجسمہ سازوں کی جاں فشانی کا مقابلہ کوئی نہیں کر سکتا۔

شاگرد : اُستادِ محترم، کیا ہم مندر کے اندر داخل ہو سکتے ہیں؟

اُستاد : ہاں! اندر چلو۔ یہ "نوار نگا" ہے۔ یہ پوجا کے وقت موسقی بجانے اور رقص کرنے کے وقت کام آتا ہے۔ نوار نگا کے چار ستونوں کی نشاندہی کر لیں۔ انہیں چرکی اوزار کی مدد سے بنایا گیا ہے اور کھمبے آئینے کی طرح چمکتے ہیں نا؟ نوار نگا کی چھت کو ایک مرتبہ سر اُٹھا کر دیکھو۔ اس کو بُھوانیشوری کہا جاتا ہے۔ بُھوانیشوری مجسمہ سازی ہی کی طرح خوبصورت اور لاجواب ہے۔



بُھوانیشوری ، نوار نگا کی چھت

بچو! میرے پیچھے آؤ۔ یہ گھر بھاگڑی (حجرہ) ہے۔ یہاں خوبصورت وجئے نارائن کی مورتی دیکھو! بیلورو مندر کے احاطے میں سب سے زیادہ توجہ کے مرکز مدانیکا کے مجسمے اور مختلف اسلوب کے افسانوی انداز میں عورتوں کے مجسمے ہیں۔



مدنیکا

شاگرد : لوگوں کا کہنا ہے کہ ہوئیسلہ کے منادر مشہور سنگ تراش جکنّاچاری کی کاریگری ہے۔ ان کے بارے میں تفصیل بتائیں۔

اُستاد : جکنّاچاری کے بارے میں کچھ بھی واضح طور پر ہمیں معلوم نہیں لیکن ان کے متعلق ایک مشہور کہانی ہے۔

جکنّاچاری: اپنی بیوی اور کمسن بچے کو چھوڑ کر جکنّاچاری سالوں تک منادر کی تعمیر کرتے ہوئے ایک جگہ سے دوسری جگہ پھرتا رہا۔ چند سالوں کے بعد ان کا بیٹا ڈنکنا چاری جواب جوان ہو چکا تھا، اسی جگہ آیا جہاں جکنّاچاری مندر کی تعمیر میں مصروف تھا۔ اس وقت تک ڈنکنا چاری مجسمہ سازی کے فن کا ماہر بن چکا تھا۔ اس نے جکنّاچاری کے ہاتھوں تراشے گئے مجسمے کو دیکھا۔ جو نصب کرنے کے لیے تیار تھا۔ جب ڈنکنا چاری نے مجسمے میں موجود عیب کی نشاندہی کی تو جکنّاچاری نے جواب دیتے ہوئے کہا کہ اگر عیب جوئی کرنے والے نے نقص کو ثابت کر دیا تو میں اپنا ہاتھ کاٹ لوں گا۔ اس وقت ڈنکنا چاری نے مجسمے کے پیٹ پر صندل کا لیپ لگا دیا۔ لیپ سوکھ گیا، مگر ناف کے آگے ارد گرد کی جگہ نم رہ گئی۔ جب ناف کے حصّہ کو کھولا گیا تو یہ کھوکھلا پایا گیا۔ جس میں کچھ پانی، ریت اور مینڈک تھا۔ جسے دیکھتے ہی جکنّاچاری نے فوراً اپنا ہاتھ کاٹ لیا ۔ اس المیہ کے بعد ہی انہیں معلوم ہوا کہ وہ دونوں باپ بیٹے ہیں۔ روایتوں میں کہا جاتا ہے کہ جکنّاچاری نے اپنے جائے پیدائش میں ایک ہی ہاتھ سے کیشوا کا مندر تعمیر کرنے کا بیڑا اُٹھایا۔ جیسے جیسے تعمیری کام آگے بڑھتا گیا اس کا ہاتھ بھی نشو نما پا کر ٹھیک ہو گیا۔

اُستاد : بچو! دیر ہو رہی ہے۔ کیا ہم لوٹ چلیں؟

شاگرد : ہاں! محترم۔

ہوئیسلہ طرز کے سینکڑوں منادر ہیں۔ جن میں ہاسن ضلع کے بیلور و اور ہلی بیڈو اور میسورو ضلع میں سومناتھ پور کے مندر سب سے مشہور ہیں۔ ہوئیسلہ طرز کے زیادہ تر منادر ہاسن، تمکور واور منڈیا ضلعوں میں واقع ہیں۔



کیشوا مندر سومناتھ پور

@KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

موجودہ ہلے بیڈو میں ایک عظیم تالاب تھا، جس کی وجہ سے اسے دوار سمدرا کہتے تھے۔ دوار سمدرا ہوئیسلہ سلطنت کا صدر مقام تھا۔ دہلی کے سلطان علاؤالدین خلجی کے سپہ سالار نے سن 1310 ع۔ع میں لوٹنے کی وجہ سے یہ شہر دوبارہ نہیں اُبھر سکا، اور یہ ہلے بیڈو کہلایا۔

ہوئیسلہ خاندان نے تین صدیوں تک جنوبی ہندوستان کے کرناٹک اور تمل ناڈو کے علاقوں پر پھیلی ہوئی ایک وسیع سلطنت پر شاندار حکومت کی۔ ابتداء میں بیلورو اور بعد میں دوار سمدرا ان کے پایا تخت تھے۔ شیر سے لڑتے ہوئے "سلہ" کی تصویر ہی ہوئیسلہ کا شاہی نشان تھا۔


ہوئیسلہ شاہی خاندان کے اہم حکمران

- **وشنو وردھن:** وشنو وردھن ہوئیسلہ خاندان کا ایک ممتاز بادشاہ تھا۔ اس نے چولہ اور پانڈیا راجاؤں کو شکست دے کر ان کے ماتحت کنڑا علاقوں کو حاصل کر لیا۔ یہ جین مت کا پیروکار تھا۔ بعد میں شری ویشنو مت کو اختیار کیا۔ تاہم اس کی ملکہ جین مت کی پیروی ہی کرتی رہی۔ وہ ایک مذہبی رواداد بادشاہ تھا۔ جس نے شیو مت اور جین مت کی سرپرستی کی۔
- **بلاّل سوّم:** بلاّل سوّم اس خاندان کا آخری قابل ذکر حکمران تھا۔ اس نے 50 سالہ طویل حکومت کی۔ اس کے دورِ حکومت میں سلاطین دہلی نے جنوبی ہند کی ریاستوں بشمول ہوئیسلہ حکومت پر بار بار حملہ ور ہوئے۔ منادر توڑے گئے۔ وہاں کی دولت کو لوٹا گیا۔

حملوں کے نتیجے میں جنوبی ہند کے اہم شاہی خاندان سوائے ہوئیسلہ کے ختم ہو گئے۔ چنانچہ بلاّل سوّم کو اکیلے ہی اس خوفناک آفت کا سامنا کرنا پڑا۔

اس دوران دہلی کا نمائندہ، مدرائی کے سلطان نے اور زیادہ جارحانہ رویہ اختیار کیا۔ بلاّل سوّم نے عمر رسیدہ ہونے کے باوجود سلطان کو شکست دینے نکلا۔ لیکن بلاّل سوّم کو دھوکے سے قید کر لیا اور بے دردی سے قتل کر دیا۔ بلاّل سوّم وہ واحد شخص تھا جو غیر ملکی حملے کے تاریک دور میں ایک جگمگاتے ستارے کی طرح روشن تھا۔ بلاّل سوّم کے بعد اس کا بیٹا بلاّل چہارم کو مدرائی کے سلطان نے سن 1346 ع۔ع میں قتل کر دیا اور اسی کے ساتھ ہوئیسلہ خاندان کا خاتمہ ہوا۔ لیکن تب تک وجیہ نگر سلطنت قائم ہو چکی تھی۔

@KTRS NOT TO BE REPUBLISHED



ہوئسلہ وشنوورد ھن کی سلطنت

NOT TO BE REPUBLISHED ©KTBS

کنڑاادب کی ترقی میں ہوئیسلہ خاندان کی دین

جنّا، ہری ہرااور راگھوانکاہوئیسلہ دور کے عظیم شاعر تھے۔جنّاکا رتبہ ان سب میں سب سے بڑا تھا۔اوراسے کوی چکرورتی کہا جاتا تھا۔ ہری ہرانے رگلے (ایک قسم کا کنڑاادب)اور مہاکاویا لکھا۔رگھوانکا نے کئی نظمیں لکھیں۔جو کنڑاادب کی ترقی میں ایک مشعلِ راہ ثابت ہوئی۔

آنڈیانے خالص کنڑامیں ایک تصنیف لکھی۔اسی زمانے میں بسویشوراور دیگر سنتوں نے وچنوں کو لکھ کر کنڑاادب کو مالامال کیا۔

شعراءاوران کی تصانیف :جنّا-"یشودھراچریتے"، ہری ہرا—"گرجاکلیان"، راگھونکا-"ہریش چندرکاویا"، آنڈیا-"کبّی گراکاوم"۔

چولہ خاندان



تصویر-1



تصویر-2

کیاآپ اُوپر بتائے گئے چولہ دورِ حکومت میں بنے کانسے کے مجسموں کے نام بتاسکتے ہیں؟

یہ ہی نٹراج اورکالنگاسانپ پر رقص کرتاہواکرشناہے۔کانسے کی مورتیاں ہندوستانی فن میں چولہ خاندان کی اہم دین ہے۔

کانسہ، تانبے اور ٹن کا بھرت ہے۔کانسہ، سخت اور چمکدار ہوتاہے۔کانسہ کے مجسمے سانچے میں ڈال کر بنائے جاتے ہیں۔یہ ترکیب اب بھی استعمال میں ہے۔

فنِ تعمیرات کے میدان میں بھی چولاؤں کی دین قابل ذکر ہے۔ تنجاور میں عالمی شہرت یافتہ برہادیشور مندرچولاؤں کی فنِ تعمیرات کااعلیٰ نمونہ ہے۔یہ ایک ہزار سال پُرانا ہے۔

@KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

برہادیشور مندر کے ویمانہ (مینار) پر توجہ دیں۔ ویمانہ وہ مینار ہے جو گربھ گڑی کے اُوپر تعمیر کیا جاتا ہے۔ تیرہ منزلوں پر مشتمل ویمانہ اس قدر اونچا ہے کہ گویا وہ آسمان چھو رہا ہے۔ اس کی اونچائی 61 میٹر (200 فٹ) ہے۔ برہادیشور مندر ہندوستان کے منادر میں سب سے اُونچا اور بڑا ہے۔ یہ عالمی ثقافتی ورثہ میں شامل ہوا ہے۔



برہادیشور مندر، تنجاور

شیو مندر کے سامنے نندی (بیل) کی مورتی کو نصب کرنا ایک عام خصوصیت ہے۔ یہاں کا نندی کا مجسمہ جنوبی ہندوستان میں ہی سب سے بڑا ہے۔ چولہ دور کا ایک اور بہت بڑا مندر گنگائی کونڈا چولہ پورم کا شیو مندر ہے۔

ریزرو بینک آف انڈیا (RBI) نے برہادیشور مندر کے 1000 سال مکمل ہونے پر 2010 ع۔ع میں 1000 روپے کا سکّہ جاری کیا تھا۔

NOT TO BE REPUBLISHED

چولہ سلطنت کے اہم حکمران

چولاؤں نے جنوبی ہندوستان پر ایک طاقتور سیاسی طاقت بن کر تقریباً چار صدیوں تک حکومت کی۔ تنجاور ان کا دارالسلطنت تھا۔ چولہ شہنشاہوں میں راجا راجا چولہ اور راجندر چولہ بہت مشہور تھے۔



NOT TO BE REPUBLISHED ©KTBS

- **راجاراجاچولہ:** راجاراجاچولہ ایک طاقتور حکمران اور قابل منتظم تھا۔ اس کی وسیع سلطنت میں تنگابھدرا کے جنوب میں سری لنکااور مالدیپ کے تمام علاقے شامل تھے۔اس نے ایک مضبوط فوج اور بحریہ بنائی۔ برہادیشور کاخوبصورت مندراس کی دین ہے۔
- **راجندر چولہ:** راجاچولہ کابیٹاراجندر چولہ اس کا جانشین بنا۔ اس کی اہم کامیابی شمال ہندوستان میں ایک کامیاب فوجی مہم تھی۔اپنی جیت کو یادگار بنانے کے لیے اس نے گنگائی کونڈاچول پورم لقب اختیار کیا۔اور وہاں پر ایک بڑا شیو مندر بنایا۔"گنگائی کونڈا چول پورم" نامی نیا شہر بسا کر اسے اپنا صدر مقام بنایا اور دارالحکمت کے قریب ایک بڑاتالاب بناکراس کانام چول گنگم رکھا۔

راجندر کاایک اور قابل ذکر کارنامہ جنوبی مشرق جزائر میں سری وجئے کی سلطنت جسے ساترا کی سلطنت کہاجاتا تھا اس کو فتح کرنا تھا۔

ادب: چولہ دور تمل ادب اور ثقافت کا سنہرادور کہلاتا ہے۔ اس دور میں بھکتی ادب کی بھرپور ترقی ہوئی۔"پریا پارنم" بھکتی ادب میں ایک اہم مقام رکھتا ہے۔اس دور میں کمبن کی لکھی ہوئی کمبن رامائن آج بھی عوام میں مقبولیت رکھتی ہے۔

گاؤں کاانتظامیہ: چولہ سلطنت کے تحت گاؤں کاانتظامیہ مثالی تھا۔انتظامیہ کی ذمہ داری زیادہ تر گاؤں کے اسمبلیوں پر چھوڑ دیا گیا تھا۔ گرام سبھا کے اراکین کاانتخاب ہوتا تھا۔چند ارکان پر مشتمل کمیٹیاں تشکیل دی جاتی تھی اور انہیں مخصوص کام سونپے جاتے تھے۔ کمیٹیاں پیسوں کا حساب رکھتی تھی۔ نااہل ارکان کو اسمبلی سے باہر نکالنے کا رواج تھا۔ مجموعی طور پر یہ کہاجاتا جاسکتا ہے کہ چولہ دور کی کمیٹیاں آج کے دیہاتی پنچایتوں کی طرز پر کام کرتی تھیں۔

ہندوستان میں انتظامیہ چلانے والے برطانوی افسروں نے چولہ عہد کے گاؤں کے انتظامیہ کی تعریف کرتے ہوئے کہاکہ "چولہ دور کے دیہات چھوٹے جمہوری دیہات تھے"۔

سرگرمی: چولہ عہد کے گاؤں کاانتظامیہ اور موجودہ گرام پنچایت کاانتظامیہ کاموازنہ کریں۔

@KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

تجارت: چولہ سلطنت میں خوشحالی تھی۔ بیرونی تجارت زوروں پر تھی۔ چین، جاوا، سماترا اور عرب وغیرہ علاقوں تک تجارتی تعلقات پھیلے ہوئے تھے۔ تجارتی ادارے ملک اور بیرون ملک میں تجارتی سرگرمیاں چلاتے تھے۔

تاریخ وار ترتیب:

ہوئیسلہ حکومت	-	1006 تا	1346 ع۔ع
چولہ حکومت	-	850 تا	1200 ع۔ع
وشنوورد ھن	-	1108 تا	1141 ع۔ع
بلاّل سوّم	-	1291 تا	1343 ع۔ع
وجیانگر کا قیام	-	1336ع۔ع	
راجاراجاچولہ	-	985 تا	1014 ع۔ع
راجندرچولہ	-	1015 تا	1044 ع۔ع

ان معلومات کو جانیے:

- "تروکرل" ایک تمل تصنیف ہے، اس میں 1330 بند ہیں۔ اس میں بہت سی مخفی بیانات ہیں۔ جیسے دماغ میں کسی بھی قسم کا عیب نہیں رہنا ہی دھرم ہے۔ پیدائشی اعتبار سے تمام انسان برابر ہیں۔ ایک بادشاہ کو تیز تلوار نہیں بلکہ اس کا انصاف اور غیر جانبدارانہ روّیہ فتح دلاتا ہے۔
- سنگم ادب کا آغاز تقریباً 2300 سال پہلے ہوا اور 500 سال تک جاری رہا۔
- شاتاواہانہ کا علاقائی دارالحکومت بنواسی وجیانتی کے نام سے جانا جاتا تھا۔ پراکرت زبان ستاواہانہ کے دور میں مقبول زبان تھی۔
- شاتاواہانہ کے حکمرانی 2300 سال پہلے شروع ہوئی اور یہ تقریباً چار صدیوں تک جاری رہی۔
- کدمبا خاندان کی حکمرانی تقریباً 1650 سال قبل شروع ہوئی تھی۔ وہ 190 سال اقتدار میں رہے۔ ہلمیڈی اور تالاگنڈا کے کتبات 1550 سال پرانے ہیں ۔
- گنگا کے دورِ حکومت میں زرعی زمین میں اضافہ کیا گیا تھا۔ انہوں نے تالاب اور جھیلیں بنا کر زراعت کے لیے امداد پہنچائی۔ عام طور پر ہر گاؤں میں ایک تالاب ہوا کرتا تھا۔ دھان، راگی، مکئی اور کپاس اہم فصلیں تھیں۔ مال مویشی کی بہتات تھی۔ مویشی جیسے: گائے، بھینس، گھوڑے اور مرغیاں بکثرت تھے۔

@TBS NOT TO BE REPUBLISHED

❖ گنگا دور کے چند دفاتر میں خواتین افسران تھیں۔ خواتین اپنی مرضی سے خیرات کرتیں تھیں۔ اس کے علاوہ سچائی، وفاداری، بہادری، صبر و تحمل جیسی اعلیٰ اقدار موجود تھے۔

❖ شراون بلگولہ کی چھوٹی پہاڑی پر "چندر گپتا بسدی" ہے۔ جسے چندر گپت موریہ نے بنوایا تھا۔ یہاں کی چھوٹی پہاڑی کو "چندر گری" اور بڑی پہاڑی کو "اندر گری" کہا جاتا ہے۔

❖ کرناٹک میں گومٹا (باہوبلی) کی مورتیاں کئی جگہ ہیں، جیسے: کارکلا (ضلع اُڈپی)، وینور (جنوبی کینرا)، گومٹا گری (ضلع میسورو)، بستی بَلّی (منڈیا) اور دیگر کئی مقامات پر گومٹا کے مجسمے ہیں۔ دھرمستھلا کے گومٹا کے مجسمے کے سنگ تراش "رانجالا گوپال شینائے" تھے۔

مشقیں

I. خالی جگہوں کو مناسب الفاظ سے پُر کریں۔

1. تروکرل کی تخلیق کرنے والے ---------- تھے۔
2. سنگم دور کے عظیم شاعر ---------- تھے۔
3. شاتاواہانہ خاندان کے اہم بادشاہ ---------- تھے۔
4. کدمبا سلطنت کا صدر مقام ---------- تھا۔
5. کنڑا کا قدیم ترین کتبہ ---------- ہے۔
6. پُلیکیشی دوّم نے شمالی ہندوستان کے ---------- بادشاہ کو شکست دی۔
7. مندروں کی تعمیرات کا گہوارا ---------- مقام کو کہا جاتا ہے۔
8. شراون بلگولہ مقام کی گومٹیشور کی مورتی کو تعمیر کرنے والے ---------- تھا۔
9. گنگا خاندان کا مشہور بادشاہ ---------- تھا۔
10. چاونڈرایا کی تصنیف کی گئی کتاب ---------- ہے۔

@KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

II. مندرجہ ذیل سوالات کے جواب لکھیں۔

11. "شلپّادیکارم" عظیم تصنیف کا مرکزی کردار کون ہے؟

12. سنگم دور کی دو عظیم نظموں کے نام لکھو؟

13. چیتیا کسے کہتے ہیں؟

14. شاتاواہانہ عہد کے چیتیا کہاں دستیاب ہوئے ہیں؟

15. کرناٹک میں شاتاواہانہ عہد کے کھنڈرات کہاں پائے گئے ہیں؟

16. "شرینی" کسے کہتے ہیں؟

17. کدمبادور کے مشہور بادشاہان کون تھے؟

18. بادامی کے چالوکیہ کا دارالحکومت کیا تھا؟ وہ کس ضلع میں واقع ہے؟

19. بادامی چالوکیہ دور کے تعمیرات پائے جانے والے تین مقامات کونسے ہیں؟

20. کانچی کے پلوّا خاندان کا مشہور بادشاہ کون تھا؟ اس کا لقب کیا تھا؟

21. گنگا کا دارالحکومت (صدر مقام) تلکاڈو کس ضلع میں واقع ہے؟

III. گروہ میں بحث کر کے جواب دیں۔

22. "تمام انسان پیدائشی طور پر برابر ہیں" تروکرل کا یہ قول کس طرح آج بھی صادق آتا ہے؟

23. شاتاواہانہ دور کے خوشحالی کے اسباب کیا تھے؟

24. قدیم شاہی خاندانوں کے زوال کے عام وجوہات کیا ہو سکتے ہیں؟

25. پمپّا، پونّا اور شری وجیا پر مختصر تبصرہ (Note) لکھئے؟

26. ایلوّرا کا کیلاش مندر اور ایلیفنٹا کے غار کس لیے مشہور ہیں؟

27. گووندا سوّم کے فوجی کارناموں کو بیان کیجئے؟

28. اموگھا ور شانری پتونگا کو ایک قابل ذکر شہنشاہ کیوں مانا جاتا ہے؟

29. وکرمادتیہ ششم کو کلیان کے چالوکیہ سلطنت کا عظیم شہنشاہ کیوں مانا جاتا ہے؟

30. "وکرمانکادیواچریتا"، "متاکشرا سمہیتے" اور "مناسااُلاّس" تصانیف پر مختصر نوٹ لکھئے۔

@KTRS NOT TO BE REPUBLISHED

31. کس مندر کو مندروں کا شہنشاہ کہتے ہیں؟

32. ہوئیسلہ دور کے منادر کی دو خصوصیات کونسے ہیں؟

33. "بُھوانیشوری" سے کیا مراد ہے؟

34. ہوئیسلہ دور کی مشہور منادر کے نام لکھو؟

35. ہوئیسلہ دور کے عظیم شعراءاوران کی تصانیف کے نام لکھو؟

36. برہادیشور مندر کس لیے مشہور ہے؟

37. راجاراجاچولہ کے کارنامے کیاہیں؟

38. چولاؤں کے "دیہاتی انتظامیہ" کی خصوصیات کیاہیں؟

سرگرمیاں :



* چالوکیہ اور پلّواؤں کی تعمیرات کی تصاویر کو ان کی معلومات کے ساتھ اکٹھا کیجئے۔
* ہرش وردھن اور پُلیکیشی دوّم کی سوانح حیات پڑھئے۔ (ماخذ: بھارت بھارتی کتاب کا مجموعہ)
* راشٹر کوٹہ اور کلیان کے چالوکیہ کے دور کے تعمیرات کی تصاویر تفصیلات کے ساتھ جمع کیجئے۔
* نقشے پر راشٹر اکوٹہ اور کلیان چالوکیہ دور کے تعمیراتی مراکز اور دارالحکومت کی نشاندہی کیجئے۔
* مٹی یا کسی دوسری اشیاء کی مدد سے گومٹیشور کا ماڈل بنائیے۔
* موقع کی مناسبت سے شراون بلگولہ جائیے اور وہاں کی مجسمہ سازی اور نایاب چیزوں سے لطف اندوز ہوں۔
* آپ کے اطراف وکناف کے ویراگلّو (تعویذ کا پتھر) کا مشاہدہ کیجئے اور معلومات اکٹھا کیجئے۔
* ہوئیسلہ اور چولا دور کے مجسمے اور تعمیرات کی تصاویر تفصیلات کے ساتھ جمع کیجئے۔
* نقشے پر ہوئیسلہ اور چولا خاندان سے متعلق تاریخی مقامات کی نشاندہی کیجئے۔

© KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

N4H1E3

شہریت

سبق-7

شہری اور شہریت
Citizen and Citizenship

سبق کا تعارف:

اس سبق میں شہری اور شہریت کے تصورات کو واضح کیا گیا ہے۔ اور شہریت حاصل کرنے کے طریقے اور شہریت کھونے کے وجوہات کو بتایا گیا ہے۔آخر میں اچھے شہریوں کی خصوصیات بیان کی گئی ہیں۔

صلاحیتیں:

1. شہری اور شہریت کے معنی سمجھنا
2. شہریت حاصل کرنے کے طریقے اور کھو دینے کے حالات کو سمجھنا۔
3. شہریوں کے خصوصیات سمجھنا۔

@KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

سبق میں داخلہ:



A میسور محل B

پچھلے ورق پر موجود تصویر پر غور کریں:

1. میسور و محل دیکھنے کے لیے سیاح کہاں کہاں سے آتے ہیں؟
2. "A" والے حصّے میں کیا سب لوگ ہندوستانی ہیں؟
3. آپ غیر ملکیوں کو کیسے پہچانو گے؟

سریتا کے سوالات

سریتا دسہرہ کی چھٹیوں میں اپنے والدین کے ساتھ بیلور، ہلے بیڈو، میسور و دیکھنے گئی تھی۔ وہ ہر چیز کے بارے میں مزید جاننے کے لیے تجسس بھرے سوالات پوچھتی رہی۔ جب اس نے میسور و محل کا دورہ کیا تو اس کی توجہ کسی دوسری طرف مبذول ہو گئی۔ یہ دیکھ کر اس کے والد نے پوچھا۔

والد : بیٹی، تم کدھر دیکھ رہی ہو؟

سریتا : اُنہیں دیکھو، شکل، صورت، لباس، زبان، رنگ اور دیگر چیزوں میں بھی وہ مختلف نظر آرہے ہیں؟ وہ کون ہیں؟

والد : ہاں! وہ دوسرے ملک کے رہنے والے ہیں یعنی غیر ملکی ہیں۔ وہ کسی اور ملک کے شہری ہیں، ہندوستان گھومنے آئے ہیں۔

سریتا : والدہ، شہری کسے کہتے ہیں؟

والدہ : کسی ملک میں مستقل رہنے والے باشندے کو اس ملک کا شہری کہا جاتا ہے۔ مثال کے طور پر ہمارا ملک ہندوستان ہے۔ ہم ہندوستانی ہیں۔ میرے والد، دادا، دادا کے والد وغیرہ سبھی یہیں پر پیدا ہوئے ہیں۔ ہم یہاں کے مستقل باشندے ہیں۔ اس وجہ سے ہم ہندوستان کے شہری ہیں۔
ہم ہمارے خاندان کے رکن کی طرح ہمارے ملک کے بھی رکن ہیں۔ یعنی کسی ملک کی مستقل رکنیت کو شہریت کہتے ہیں۔

سریتا : اباجان، ہم میں اور غیر ملکیوں میں کیا فرق ہے؟

والد : یہاں کے شہریوں کو کچھ خاص حقوق حاصل ہوتے ہیں جو غیر ملکیوں کو نہیں ہوتے۔

©KTES NOT TO BE REPUBLISHED

سریتا : شہریت کسے کہتے ہیں؟

والدہ : ہم سب ہمارے کنبہ کے اراکین ہیں۔ ہمارے ملک کے اراکین بھی ہیں۔ اسی ملک کی رکنیت ہی ملکی شہریت ہے۔

سریتا : کسی ملک کی شہریت حاصل کرنے کا طریقہ کیا ہے؟

والد : عام طور پر کسی ملک کی شہریت حاصل کرنے کے دو طریقے ہوتے ہیں۔

(1) فطری شہریت (2) فطری اختیاری شہریت

سریتا : شہریت حاصل کرنے کے طریقے کونسے ہیں؟

والد : بیٹی، عوام کسی ملک کی شہریت ذیل کے طریقوں سے حاصل کر سکتے ہیں۔

1. پیدائش کے ذریعے: کوئی بھی شخص جس ملک میں پیدا ہوتا یا ہوتی ہے۔ وہ اس ملک کی شہریت حاصل کر لیتا ہے۔ ویسے تو والدین کس ملک کے ہیں دیکھے بغیر لوگوں کو شہریت دی جاتی ہے۔ شہریت حاصل کرنے کا سب سے اہم ذریعہ پیدائش ہے۔ 26 جنوری 1950 تک یا اس کے بعد پیدا ہونے والا ہر فرد پیدائشی طور پر ہندوستان کا شہری کہلاتا ہے۔ کیونکہ اس دن آزاد بھارت نے اپنا ہی ایک دستور بنالیا تھا۔
2. خاندانی ورثہ (نسل) کے لحاظ سے شہریت : اس طریقے کے لحاظ سے کسی شخص کے ماں باپ کا تعلق جس ملک سے ہے اس ملک کی شہریت ان کے بچوں کو ملتی ہے۔ مثال کے طور پر کوئی ہندوستانی شہری کسی دوسرے ملک میں رہتے ہوں ان سے پیدا ہونے والے بچے ہندوستان کی شہریت حاصل کرتے ہیں۔ یہ دونوں طریقے شہریت کے فطری طریقے کہلاتے ہیں۔
3. اندراج کے ذریعے شہریت: کسی بھی ملک کی شہریت متعلقہ دفتر میں درخواست دے کر اور مناسب ذرائع سے رجسٹر کر کے حاصل کی جاسکتی ہے۔ اس طرح درخواست دے کر شہریت حاصل کرنے کے لیے ہر ملک میں چند معیارات عائد کیے گئے ہیں۔ مثال کے طور پر، ہندوستان میں کم از کم 5 سال سے مقیم رہنے والا

©KSEBS NOT TO BE REPUBLISHED

غیر ملکی درخواست دے کر اندراج (Registraion) کے ذریعے شہریت حاصل کر سکتا ہے۔ اس طرح کی شہریت کو فطری اختیاری شہریت کہتے ہیں۔

سریتا : والدہ، ایک شخص کن حالات میں اپنے ملک کی شہریت کھو دیتا ہے؟

والدہ : شہریت کھونے کے چند طریقے ہیں۔ کسی ملک کی شہریت مندرجہ ذیل طریقوں کے ذریعے کھو دی جاتی ہے۔

1. دستبرداری کا طریقہ (Renunciation): کوئی بھی ہندوستانی شہری جب کسی دوسرے ملک کی شہریت حاصل کرتا ہے وہ رضاکارانہ طور پر درخواست دینے کے بعد ان کے ذریعے ہندوستان کی شہریت کو ترک کر سکتا ہے۔ اس کو دستبرداری کا طریقہ کہتے ہیں۔
2. برطرفی کا طریقہ (Termination): کوئی بھی ہندوستانی شہری جب کسی دوسرے ملک کی شہریت حاصل کرتا ہے حکومت اگر چاہے تو قانونی طور پر اس شخص کی درخواست حاصل کیے بغیر اس کی شہریت ختم کر سکتی ہے۔ اس کو برطرفی کا طریقہ کہتے ہیں۔
3. محرومی کا طریقہ (By Deprivation): حکومتِ ہند اگر کسی شخص کو ملک کے خلاف سرگرمیوں میں ملوث پاتی ہے، یا دستورِ ہند کی خلاف ورزی کرنے میں ملوث پاتی ہے۔ اور اگر کوئی شخص دھوکے سے ملک کی شہریت حاصل کرتا ہے، تو ایسے شخص کی شہریت کو منسوخ کر کے شہریت کے حق سے اسے محروم کر دیا جاتا ہے۔ اس کو شہریت کی محرومی کا طریقہ کہا جاتا ہے۔

والد : بیٹی بیک وقت دو ملکوں کی شہریت نہیں رکھ سکتے۔

سریتا : ابّا جان، مجھے ہندوستان سے پیار ہے۔ میں ہندوستانی شہری ہی رہوں گی۔

ماں : اچھا بیٹی، محل کے اندر ایک نظر ڈالتے ہیں۔

@KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

شہری کے خصوصیات



اپنے ملک میں ہر شہری کو حقوق حاصل ہیں۔ انتخابات میں ووٹ ڈالنا، انتخابات میں مقابلہ کرنا، سرکاری خدمات میں شامل ہونا، حفاظتی افواج میں شامل ہونا وغیرہ۔ یہ چند حقوق ہیں۔ اسی کے ساتھ ساتھ جو فرائض ایک شہری کو انجام دینا ہوتے ہیں وہ ایک شہری کے خصوصیات ہیں۔

ایک شہری کے خصوصیات:

1. دستور، قومی پرچم، اور قومی ترانے کا احترام کرنا اور ہندوستان کی جدوجہدِ آزادی میں دی گئی قربانیوں کا احترام کرنا۔
2. سائنسی رجحان، انسانیت اور اصلاحی جذبات کا حامل ہونا۔
3. آئین کا وفادار ہونا اور اس کی خواہشات کا احترام کرنا۔
4. انتخابات میں اپنا ووٹ ڈالنا۔
5. زبان، مذہب، ذات وہ نسل کو بالائے طاق یعنی نظر انداز کرتے ہوئے تمام سے اُخوت سے پیش آنا۔
6. ملک میں آفت آنے پر حفاظتی اقدامات میں حصہ لینا۔
7. باقاعدگی سے ٹیکس ادا کرنا۔

@KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

8. ماحولیاتی تحفظ کے بارے میں احساسِ ذمہ داری رکھنا۔
9. عوامی املاک کا تحفظ کرنا اور تشدد کو ترک کرنا۔
10. بزرگ شہریوں کی مدد کرنا۔
11. تمام والدین یا سرپرست اپنے 6 سے 14 سال کے بچوں کو اسکول میں تعلیم حاصل کرنے کا موقع فراہم کرنا۔

یہ آپ کو معلوم رہے

- ہمارے ملک میں واحد شہریت ہے۔ ریاستوں کے لحاظ سے الگ شہریت نہیں ہے۔
- شہریت، شہریوں کو شہریوں کے حقوق، فرائض اور عام زندگی میں شہریوں کو ادا کیے جانے والے کردار کی وضاحت کرتی ہے۔ شہریت کا علم سب کے لیے ضروری ہے۔

مشقیں

I. خالی جگہوں کو مناسب الفاظ سے پُر کریں؟

1. شہریت حاصل کرنے کے 2 عام طریقے ---------- اور ---------- ہیں۔
2. اپنی مرضی سے کسی ملک کی شہریت کو چھوڑنا ---------- طریقہ کہلاتا ہے۔
3. ہندوستان میں ---------- شہریت کا نظام ہے۔

II. مندرجہ سوالات کے جوابات لکھیں؟

4. شہری کسے کہتے ہیں؟
5. کیا آپ ہندوستانی شہری ہیں؟ کیسے؟
6. شہریت حاصل کرنے کے دو طریقوں کو واضح کیجئے؟
7. شہریوں میں پائے جانے والے ضروری خصوصیات لکھئے؟
8. بزرگ شہریوں کی آپ کس طرح مدد کر سکتے ہیں؟

@KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

سبق-8	ہمارا دستور Our Constitution

سبق کا تعارف:

اس سبق میں دستور کے معنی، اہمیت، تشکیل اور اس کی خصوصیات کو بیان کیا گیا ہے۔

صلاحیتیں:

1. دستور کے معنی اور اہمیت کو سمجھنا۔
2. دستور کی تمہید کو سمجھنا۔
3. ہندوستان کے دستور کی اہم خصوصیات کو سمجھنا۔
4. دستور سازی میں شامل اہم اشخاص کے بارے میں معلومات حاصل کرنا۔
5. "جمہوریت" کے تصور کو سمجھنا۔
6. "مذہبی مساوات" کے اُصول وضوابط کو جان کر اپنی روزمرہ زندگی میں ان اقدار کو اپنانا۔
7. دستور کا احترام کرنا اور اس کی پاسداری کرنے کا رویہ پیدا کرنا۔

حکومت کیا ہے؟ شہریوں کی زندگی بہتر بنانے کے لیے ملک میں نظم وضبط، امن، منتظم طرزِ حکمرانی، سلامتی، معاشی ترقی اور سماجی انصاف کو قائم اور برقرار رکھنے کے لیے ایک تنظیم کی ضرورت ہوتی ہے۔ ایسی تنظیم کو حکومت کہتے ہیں۔

دستور کے معنی اور اہمیت

ایک ملک کا سب سے اعلیٰ قانون ہی دستور ہے۔ یہ ملک کی حکمرانی کے لیے ضروری خاکہ فراہم کرنے والا دستاویز ہے۔ یہ حکومت کے شعبوں، ان کے اختیارات اور افعال کو بیان کرتا ہے۔ دستور میں عوام کے بنیادی حقوق اور فرائض کا بھرپور تذکرہ ہوتا ہے۔ تمام منتخب حکومتوں کو دستور کے دائرے میں رہ کر ہی کام انجام دینا چاہیے۔

@KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

دستور کی اہمیت: دستور ملک کا بنیادی قانون ہونے کی وجہ سے زیادہ اہمیت کا حامل ہے۔ ہر ایک دستور کا پابند ہے۔ صدرِ ہند، وزیر اعظم، پارلیمانی اراکین، منصفین، سرکاری ملازمین سبھی دستور پر عمل آوری کے لیے پابند ہیں۔

1. دستور عوام کے نظریات اور خواہشات کی عکاسی کرتا ہے۔
2. دستور ایک خوشحال ملک قائم کرنے کے لیے رہنمائی کرتا ہے۔
3. یہ حکومت کی پالیسی اور طریقہ کار کو قابو کرتا ہے۔
4. قانون کی نظر میں سب برابر ہیں، دستور اس اُصول کو برقرار رکھتا ہے اور عوام کے حقوق کا تحفظ کرتا ہے۔

سرگرمی: ڈاکٹر امبیڈکر کون ہیں؟ آج بھی ہم انہیں احسان مندی سے یاد کرتے ہیں؟ گروہ میں بحث کریں۔

ہندوستان کے دستور کی تشکیل

ہندوستان کا دستور ایک خصوصی مجلس کے ذریعہ تیار کیا گیا تھا جسے "مجلسِ دستور ساز" کہا جاتا ہے۔ مجلس کے دوسرے اجلاس میں اراکین نے ڈاکٹر۔ بابو راجندر پرساد کو صدر منتخب کیا۔

مجلسِ دستور ساز میں 299 اراکین تھے۔ اس کا پہلا اجلاس 1946 میں منعقد ہوا۔

مجلس دستور ساز نے اپنے کام کو تیزی کے ساتھ آگے بڑھانے کے مقصد سے تقریباً 22 کمیٹیاں تشکیل دیں۔ دستور کا مسودہ تیار کرنے کے لیے "دستور مسودہ کمیٹی" کو نامزد کیا گیا۔ ڈاکٹر بی۔آر۔امبیڈکر کو اس کمیٹی کا صدر متعین کیا گیا۔ سردار ولبھ بھائی پٹیل کی صدارت میں بنیادی حقوق کے متعلق مشاورتی کمیٹی اور جے۔بی۔کرپلانی کی صدارت میں بنیادی حقوق کی ذیلی کمیٹی بشمول دیگر کئی کمیٹیاں تشکیل دی گئی تھیں۔ راجکماری امرت کور، لیلا رائے، مالتی چودری، سروجنی نائیڈو، بیگم اعجاز رسول، وجے لکشمی، پنڈت دکشایینی ویلایودھن 15 خواتین اراکین، کرناٹک کے کینگل ہنومنتیا، ایس۔نجلنگپا بشمول دیگر کئی اشخاص نے دستور ہند کی تشکیل میں اہم کردار ادا کیا۔

@KTBS NOT TO BE REPUBLISHED



مجلس دستور ساز میں حصہ لینے والی خواتین ممبران

- اراکین نے دستور کے مسودہ کی جانچ کر کے 2473 ترمیمات کرنے کی صلاح دی۔ دستور کے مسودے اور ترمیمات پر مجلسِ دستور ساز کے اجلاس میں تفصیلاً بحث کی گئی۔ اس طرح دستور کو آخری شکل دینے کے لیے 2 سال، 11 مہینے اور 18 دن کا عرصہ لگا۔
- ڈاکٹر بی۔آر۔امبیڈکر 15-08-1947ع۔ع تا 06-10-1951ع۔ع تک ہندوستان کے وزیرِ قانون رہے۔

@KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

ہمارا دستور 26 جنوری 1950 ع۔ع کو نافذ کیا گیا۔ دستور نے ہندوستان کو ایک آزاد جمہوریہ کے نام سے اعلان کیا۔ ہم ہر سال 26 جنوری کو "یوم جمہوریہ" قومی تہوار کے طور پر مناتے ہیں۔ ہر سال 26 نومبر کو یومِ دستور کے طور پر مناتے ہیں۔



یومِ جمہوریہ کی پریڈ، نئی دہلی

دستور کی ہدایت کے مطابق 52-1951ع۔ع میں پہلے عام انتخابات منعقد کیے گئے۔ "راجیہ سبھا" اور "لوک سبھا" نامی دوایوان پر مشتمل پہلی منتخب پارلیمنٹ 1952 ع۔ع کو وجود میں آئی۔

ہمارے دستور کی ساخت : ابتداء میں ہمارے دستور میں 395 دفعات، 22 ابواب اور 8 فہارست تھیں۔ ستمبر 2023 تک دستور میں 106 ترمیمات کی گئی ہیں۔ جس کی وجہ سے آج ہمارے دستور میں 471 دفعات، 25 ابواب اور 12 فہارست ہیں۔

تمہید

دستور کے آغاز میں تعارف کی شکل میں تمہید ہے۔ یہ تمہید دستور کے دل کی مانند ہے جو عوام کے نظریات اور خواہشات کی عکاسی کرتا ہے۔ انصاف، آزادی، مساوات، بھائی چارگی، فرد کا احترام، قومی یکجہتی اور سالمیت تمہید کے مثالی اُصول ہیں۔



دستورِ ہند

دیباچہ

ہندوستانی عوام، ہم ہندوستان کو خودمختار، اشتراکی، مذہبی، مساواتی، عوامی جمہوریہ بنانے اور اس کی عوام کو سماجی، معاشی اور سیاسی انصاف جیسے اظہارِ خیال، اعتماد، مذہبی عقائد، عبادت کی آزادی اور مقام و مرتبے میں مساوی مواقع حاصل کروانے، انسانی وقار، ملک کی سالمیت اور اتحاد کو یقینی بنا کر بھائی چارگی کے جذبے کو فروغ دیتے ہوئے آزادی کے خیالات میں اضافہ کرنے کے لئے ایمانداری سے عہد کرنے والے بن کر 26 نومبر 1949 کو ہماری دستور ساز مجلس سے اپنائے گئے دستور کو اپنے اوپر نافذ کرتے ہیں۔

@KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

دستور کی اہم خصوصیات

1. **تحریری دستور:** ہندوستان کا دستور تحریری شکل میں ہے۔ یہ دنیا کا سب سے طویل دستور ہے۔ حکومت کے شعبے میں مجلسِ قانون ساز، مجلسِ عاملہ اور مجلسِ عدلیہ کی تشکیل، اقتدار اور دائرہ عمل دستور میں بیان کیا گیا ہے۔ مرکزی اور ریاستی حکومت کے لیے یکساں دستور ہے۔

2. **جمہوریہ:** دستور نے یہ اعلان کیا ہے کہ ہندوستان ایک جمہوریہ ہے۔ ریاست کے منتخب شدہ سربراہان کا نظام ہی جمہوریہ ہے۔ جمہوریت میں کسی بادشاہ کی حکمرانی نہیں ہوتی۔ اس کے برعکس عوام سے منتخب نمائندوں کی حکمرانی ہوتی ہے۔ اس طرح کا سیاسی نظام رکھنے والا ہندوستان ایک "عوامی جمہوریہ" ملک ہے۔



ڈاکٹر راجیندر پرساد
مجلسِ دستور ساز کے صدر
اور پہلے صدرِ ہند



ڈاکٹر بی۔آر۔ امبیڈکر
دستور مسودہ کمیٹی کے صدر



جواہر لال نہرو
ہندوستان کے پہلے وزیر اعظم

3. **بنیادی حقوق اور فرائض کا تذکرہ:** دستور نے اپنے شہریوں کو چھ بنیادی حقوق دیے ہیں۔ کوئی بھی ریاست، کسی بھی قانون اور اس کے اُصولوں کے تحت ان حقوق کی حق تلفی نہیں کر سکتی۔ اگر ان کی حق تلفی کی جائے تو عدلیہ ان کا تحفظ کرتی ہے۔ کوئی بھی شہری اپنی مرضی کے مطابق ان حقوق کا استعمال کر کے سماجی امن میں خلل نہیں پیدا کر سکتا یا قانونی انتظامیہ کی توہین نہیں کر سکتا۔ دستور میں 11 بنیادی فرائض کا تذکرہ ہے جن پر شہریوں کو عمل آور ہونا ہے۔

NOT TO BE REPUBLISHED

4. **لادینیت اُصول کی تصدیق (تسلیم):** دستور نے لادینیت (سیکولرزم) کے اُصول کو برقرار رکھا ہے۔ حکومت کو مذہب کے نام پر فرق کیے بغیر تمام مذاہب کو ایک ہی نظر سے دیکھنا ہی لادینیت اُصول ہے۔ تمام مذاہب کے درمیان مساوات اور ہم آہنگی پیدا کرنا ہی اس کا مقصد ہے۔ حکومت کسی بھی مذہب کو قومی مذہب نہیں قرار دے سکتی۔ لادینیت کے اُصول نے ہر ایک کو ان کی مذہبی روایات اور عقائد پر عمل کرنے کی آزادی دی ہے۔ سماجی مفاد کے لیے مذہبی آزادی کو قابو کر کے لادینیت کے اقتدار کو فروغ دینے کا اختیار حکومت کو حاصل ہے۔

5. **آزادانہ عدلیہ نظام:** ہماری عدلیہ آزاد ہے اور کئی اقتدار رکھتی ہے۔ چاہے مقننہ ہو یا مجلسِ عاملہ ہو، عدلیہ میں دخل اندازی نہیں کر سکتے۔ قانون کی نظر میں سب مساوی ہیں۔ انصاف حاصل کرنے کا حق سبھی کو ہے، عدلیہ اس اُصول کا علمبردار ہے۔ عدالتِ عالیہ کے فیصلے کی تعمیل سبھی پر لازمی ہے اور وہ آخری فیصلہ ہوتا ہے۔

6. **عام بالغ رائے دہی نظام:** عام بالغ رائے دہی جمہوریت کا بنیادی اُصول ہے۔ 18 سال سے زائد عمر کے شہری انتخابات میں رائے دہی کے ذریعے اپنے نمائندوں کا انتخاب کرنے کا حق ہی عام بالغ رائے دہی ہے۔ اگر تمام شہری شعور کے ساتھ رائے دہی انجام دیں تو ایک مضبوط حکومت قائم ہو گی۔

7. **چھوت چھات کا خاتمہ:** پیدائش کی بنیاد پر چھوت چھات پر عمل کرنا ایک سماجی بیماری ہے۔ اس لیے چھوت چھات سے پروان چڑھے ذات پات کی بنیاد پر تفریق کو ختم کر کے سماجی انصاف قائم کرنا ہمارے دستور کا حتمی مقصد ہے۔

8. **خوشحال ریاست (ملک) کا قیام:** ہندوستان کے دستور کا مطمح نظر ایک خوشحال ریاست (ویلفیئر اسٹیٹ) قائم کرنا ہے۔

> ایک ایسی ریاست جس کا مقصد سبھی کو سماجی، اقتصادی مواقع اور تحفظ فراہم کرنا ہوتا ہے اسے عام طور پر خوشحال ریاست کہا جاتا ہے۔

9. **انتخاباتی نظام:** ہندوستان دنیا کا سب سے بڑا جمہوری ملک ہے۔ پچھلے چھ دہائیوں سے عام طور پر وقتاً فوقتاً انتخابات منعقد ہوتے آرہے ہیں۔ اس عرصے میں جمہوریت کی جڑیں مضبوط ہوئی ہیں۔

© KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

نئے الفاظ:

دستور مسودہ کمیٹی - مجلسِ دستور ساز میں پیش کردہ بنیادی نسخہ (ترمیماتی نسخہ) ترتیب دینے والی کمیٹی

آرٹیکل - دستور کی ایک دفعہ

جمہوریت - عوام کی حکومت، ایک ایسی ریاست جس میں اقتدار عوام اور ان کے منتخب نمائندے کے پاس ہوتا ہے۔

مشقیں

I. خالی جگہوں کو مناسب الفاظ سے پُر کریں۔

1. دستور مسودہ کمیٹی کے صدر ---------- تھے۔
2. ہمارا دستور ---------- میں نافذ کیا گیا۔
3. پارلیمنٹ کے دو ایوان ---------- اور ---------- ہیں۔

II. درج ذیل سوالات کے جوابات لکھیں۔

4. دستور سے کیا مراد ہے؟ اس سے ہمیں کیا فائدہ ہے؟
5. مجلسِ دستور ساز کے صدر کون تھے؟
6. دستور کی تشکیل میں ڈاکٹر بی۔آر۔امبیڈکر کا ادا کردہ کردار بتایئے ؟
7. جمہوریہ کسے کہتے ہیں؟
8. لادینیت سے کیا مراد ہے؟
9. "یومِ دستور" کب منایا جاتا ہے؟
10. مجلسِ دستور ساز میں شامل خواتین اراکین کے نام بتائیں؟

III. گروہ میں بحث کر کے جواب دیں۔

1. تمہید میں تحریر کیے گئے اُصولوں کے متعلق بحث کریں؟

سرگرمیاں:



* ہمارے دستور نے ہمیں حقوق اور فرائض دیے ہیں۔ آپ کی نظر میں حقوق اور فرائض میں نظر آنے والے اہم نکات کون کونسے ہیں؟ گروہ میں بحث کر کے آپ کی رائے پیش کریں؟
* مجلسِ دستور ساز کے اراکین کی تصاویر اکٹھا کریں۔

@KTBC NOT TO BE REPUBLISHED

W6D6R2

سبق-9

حکومت کی اقسام
The Government Types

اس باب کا مطالعہ کرنے کے بعد درجہ ذیل نکات جانیں گے:

1. حکومت کے معنی و مفہوم جانیں گے۔
2. جمہوری حکومت کے متعلق واقفیت حاصل کریں گے۔
3. آمرانہ حکومت کو سمجھیں گے۔
4. تینوں حکومتوں کے درمیان فرق کی شناخت کریں گے۔

حکومت کے معنی:

ایک ملک کی عوام خوشگوار پُرامن اور سکون بھری زندگی گزارنے کے لیے ایک منظم انتظامیہ کی ضرورت ہوتی ہے۔ ایسے انتظامی نظام کو حکومت کہتے ہیں۔ جو قانونی طور پر اقتدار چلاتا ہے۔ عوام کے لیے مفید قوانین بنانا، نافذ کرنا، امن اور عمدہ انتظامیہ کو برقرار رکھنے کی ذمہ داری اس نظام کی ہے۔

حکومتوں کی اقسام :

1. جمہوری حکومت
2. آمرانہ حکومت
3. اشتراکی (کمیونسٹ) حکومت

1. جمہوری حکومت: جمہوریت حکومت کی ایک قسم ہے۔ یہاں عوام سے منتخب شدہ نمائندوں کے ذریعے چلائی جانے والی حکومت کو جمہوری حکومت کہا جاتا ہے۔ اسے عوام کی حکومت بھی کہا جاتا ہے، کیونکہ عوام کی حمایت سے ہی یہ حکومت چلتی ہے۔ شہریوں (عوام) کو اپنے نمائندوں کا انتخاب کرنے کی آزادی ہی جمہوریت کی جان ہے۔ حقیقت میں جمہوریت ایک ایسا نظام ہے جو فرد کے لیے ضروری انفرادی آزادی، اظہارِ رائے کی آزادی، انجمن قائم کرنے کی آزادی کو یقینی بنا کر ریاست کے ساتھ فرد کے تعلق کو ترتیب دیتا ہے۔ ابراہم لنکن نے کہا ہے کہ "جمہوریت یعنی عوام کی، عوام کے لیے، عوام کے ذریعے بنائی گئی حکومت ہے"۔

@KPSC NOT TO BE REPUBLISHED

جمہوری ممالک:

ہندوستان، امریکہ اور انگلینڈ سمیت دنیا کے بیشتر ممالک جمہوری نظامِ حکومت کی پیروی کر رہے ہیں۔



پولنگ اسٹیشن

2. آمرانہ حکومت: اس نظام میں حکومت کا مکمل اقتدار کسی ایک فرد یا ایک چھوٹے سے گروہ کے ہاتھوں میں ہوتا ہے۔ ایک آمرانہ حکومتی نظام بغیر کسی پابندی کے کسی ایک فرد یا ایک گروہ کی رائے پر قائم رہتا ہے۔ جمہوریت آزادی کو برقرار رکھتی ہے جبکہ آمریت اس کی مخالفت کرتی ہے۔ ایک آمر اپنی مرضی کے مطابق انتظامیہ چلا سکتا ہے۔ ایسی طرزِ حکمرانی میں انصاف، مذہب، معیشت، سماجی پالیسیاں ہر چیز کے فیصلے آمر ہی لیتا ہے۔ عوام کے پاس اس سے سوال کرنے اور اس کی مخالفت کرنے کا اختیار نہیں ہوتا۔

NOT TO BE REPUBLISHED © PCTB



ہٹلر کی حکومت ایک آمرانہ حکومت کی مثال تھی

3. **اشتراکی (کمیونسٹ) حکومت:** سماج میں موجود پیداوار کے ذرائع جیسے: زمین، مزدور کی مزدوری، عوامی سرمایہ اور ہر ایک فرد اپنی استطاعت کے مطابق کام کر کے اپنی ضرورت کے مطابق حاصل کرے، اس اُصول کی وکالت کرنے والے نظام کو اشتراکی (کمیونسٹ) حکومت کہتے ہیں۔ یہاں نجی جائیداد رکھنے کی اجازت نہیں ہوتی۔ مساوات کے اُصول پر مبنی اشتراکی حکومت معاشرے میں امیر اور غریب میں فرق کیے بغیر ایک انسان نواز نظام ہے۔ نجی جائیداد آہستگی سے امیر اور غریب کے درمیان فرق کو بڑھاتی ہے جس سے معاشرے میں عدم مساوات پیدا ہوتی ہے۔ یہ عدم مساوات امیروں اور غریبوں کے درمیان تصادم پیدا کرتی ہے۔ بالآخر محنت کش عوام کی اکثریت جیت جاتی ہے۔ تب بلا تفریق مساوات پر مبنی معاشرہ تشکیل پائے گا۔ وہاں سب لوگوں میں یہ ذہنیت پیدا ہو گی کہ سب لوگ سبھی کے حق میں کام کریں، جس سے ایک خوشحال نظام کی تعمیر ہو گی۔ اس نظام کے حامی جرمنی کے فلسفی کارل مارکس تھے۔

© KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

مشقیں

I. خالی جگہوں کو مناسب الفاظ سے پُر کریں۔

1. عوام سے منتخب نمائندوں کے ذریعے چلائی جانے والی حکمرانی کو۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ حکومت کہتے ہیں۔
2. ہم سب ایک ہیں یہ احساس ہی۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔
3. ایک ہی فرد یا ایک گروہ کی رائے پر قائم رہنے والا نظام۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔
4. اشتراکی حکومت کی نظام کے حامی۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

II. مندرجہ ذیل سوالات کے جواب لکھیں۔

5. حکومت سے کیا مراد ہے؟
6. آمرانہ حکومت کسے کہتے ہیں؟
7. اشتراکی حکومت سے کیا مراد ہے؟
8. جمہوریت کے بنیادی اُصول کی وضاحت کریں۔
9. آمرانہ حکومت کی خصوصیات بیان کریں۔
10. اشتر کی حکومت کی خصوصیات بیان کریں۔

III. گروہ میں بحث کریں اور جواب دیں۔

11. ہندوستان ایک بڑا جمہوری ملک ہے۔ یہاں جمہوریت کے بنیادی اُصولوں کا اطلاق کیسے ہوتا ہے۔ معلم کی مدد سے بحث کر کے جانیں۔
12. آج آپ ایک شہری ہیں آگے چل کر اگر آپ عوامی نمائندہ بنتے ہیں، تب کس طرح آپ حکومت کریں گے؟ کمرۂ جماعت میں تبادلہ خیال کریں؟

سرگرمیاں:

* جمہوری، آمرانہ اور اشتراکی حکومت کے درمیان فرق کی فہرست بنائیں۔
* "جمہوریت میں عوام ہی حاکم ہے"۔ کیا اس بیان سے آپ متفق ہیں کمرۂ جماعت میں بحث کریں۔
* آپ کو پسندیدہ قسم کی حکومت کونسی ہے؟ اور ملک کی خوشحالی میں کس طرح کردار نبھاتی ہے اس پر بحث کریں۔

آمرانہ حکومت کے بارے میں مزید معلومات اکٹھا کریں۔

@KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

جغرافیہ

سبق-10 گلوب اور نقشے
GLOBE AND MAPS

سبق کا تعارف:

جغرافیائی سائنس کو صحیح طور پر سمجھنے کے لیے کرّہ (گلوب) اور نقشے عمدہ اکتسابی وسائل ہیں۔ زمین کے نمونے گلوب کے معنی اور استعمالات کو جانیں گے۔ نقشے کے معنی اور استعمالات کو جانیں گے۔ نقشے تیار کرنے اور ان کا مطالعہ کرنے کے لیے درکار ضروری علامات کا تعارف اس سبق میں کرایا گیا ہے۔

صلاحیتیں:

1. گلوب، اس کی اہمیت اور اس کے استعمالات کے ساتھ سمجھنا۔
2. نقشوں کے اقسام اور ان کی تشکیل کے لیے درکار اجزاء سمجھنا۔
3. نقشوں میں شامل اہم علامتیں، نشانات اور ان کے استعمالات کو سمجھنا۔
4. نقشوں میں موجود جغرافیائی نشانات اور علامات کو سمجھنا۔
5. نقشے کے مطالعہ کی مہارت حاصل کرنا۔

1. کرّہ (گلوب)



کرّہ (گلوب)

معنی: سائنس کی جماعت میں آپ نے زمین کی شکل اور جسامت کے متعلق معلومات حاصل کئے ہیں۔ زمین بیضوی نما (Geoid) ہے اور کرّہ (گلوب) اس کی خاکہ کشی کرتا ہے۔ مصنوعی سیارچوں سے کھینچی گئی تصویروں میں زمین کی اصل شکل اور جسامت نظر آتی ہے۔ مگر ہم صرف اس کا ایک حصّہ ہی دیکھ پاتے ہیں۔ لیکن زمین کا نمونہ (گلوب) کو بہ آسانی گھما سکتے ہیں، جس سے زمین کی پوری شکل دیکھی جا سکتی ہے۔

©KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

کرّہ(گلوب) کے خصوصیات:

"گلوب" زمین کا ایک چھوٹا نمونہ ہے۔ یہ زمین کی صحیح شکل دکھاتا ہے اور یہ نقشہ کی طرح ہموار نہیں ہوتا۔ ساتھ ہی ساتھ کئی خصوصیات سے متعلق معلومات فراہم کرتا ہے۔ یہ ایک آسان اکتسابی وسیلہ ہے۔ اس نمونے کو میز پر رکھ کر گھما کر زمین کے مختلف جغرافیائی تصورات کو سمجھنے میں مدد گار ہے۔

استعمالات:

الف۔ گلوب زمین کی شکل کو سمجھنے میں مدد گار ہے۔



زمین کی سٹلائیٹ تصویر

ب۔ یہ ہمیں زمین پر موجود براعظم، سمندر اور دریاؤں کی صورتحال، جسامت اور شکل معلوم کرنے میں معاون ہے۔

ج۔ یہ طول البلد اور عرض البلد کے ذریعہ مقامات کی درست نشاندہی اور سیاسی سرحدوں کی شناخت کے لیے مدد گار ہے۔

د۔ عمدہ نمونۂ زمین (گلوب) جو زمین کے محور کا جھکاؤ، زمین کی گردش، روزانہ و سالانہ گردش اور ان کے اثرات کو سمجھنے کے لیے سہولت فراہم کرتا ہے۔ مثلاً: دن-رات، موسم۔

و۔ گلوب کے ذریعہ زمین پر موجود مختلف جغرافیائی عام معلومات کو جانا جا سکتا ہے۔ جیسے: پہاڑ، سطح مرتفع، میدان، ریگستان، جزیرے، ندیاں، گھاس کے میدان اور جنگلات وغیرہ۔

2. نقشے (نقشہ جات)

گلوب ہمیں زمین کے متعلق صرف عام معلومات دیتا ہے۔ لیکن ایک مقام، ریاست اور ملک کی دیگر جغرافیائی خصوصیات کی تفصیلی معلومات حاصل کرنے کے لیے نقشوں کی ضرورت ہوتی ہے۔

زمین کا پورا یا کچھ جزو، حصّے کو ہموار سطح پر پیمائش (Scale) کے مطابق تیار کردہ شکل ہی نقشہ ہے۔ نقشہ تیار کرنے کے سائنس اور فن کو "نقشہ نگاری" (Cartography) کہتے ہیں۔ مختلف اقسام کے نقشوں کو جمع کر کے تیار کی گئی کتاب کو "اٹلس" یا "نقشوں کی کتاب" کہا جاتا ہے۔


@KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

نقشوں کی اقسام:

نقشوں کو ان کی پیمائش اور مقاصد کی بنیاد پر مختلف اقسام میں تقسیم کیا گیا ہے۔

(i) **پیمائش پر مبنی نقشے:** پیمائش پر مبنی نقشوں کو دو اقسام میں بانٹا گیا ہے۔

(الف) اعلیٰ پیمائشی نقشے: یہ چھوٹے علاقوں کی نمائندگی کرتے ہیں۔ انہیں محض محصولاتی نقشے کے طور پر تقسیم کیا گیا ہے۔ محصولاتی نقشے انفرادی جائیداد کے متعلق معلومات فراہم کرتے ہیں۔ مقامی جغرافیائی نقشے ایک مقام اور علاقے کی مزید معلومات فراہم کرتا ہے۔



اعلیٰ پیمائشی نقشہ

NOT TO BE REPUBLISHED

(ج) ادنیٰ پیمائشی نقشے: یہ بڑے علاقوں کی نمائندگی کرتے ہیں۔ مثلاً دنیا، براعظم، ملک وغیرہ ۔ان کی دو اقسام ہیں دیواری نقشے اور اٹلس۔



دیواری نقشے اٹلس سے بڑے ہوتے ہیں۔ انہیں کمرۂ جماعت میں اکتسابی وسائل کے طور پر استعمال کیا جاسکتا ہے۔ یہ سیاسی تقسیم، طبعی خصوصیات وغیرہ کی عام اور اہم خصوصیات ظاہر کرتے ہیں۔

اٹلس نقشے چھوٹے ہونے کے باوجود یہ ہمیں تفصیلی معلومات فراہم کرتے ہیں۔

(ii) مقصد پر مبنی نقشے: یہ موضوعات پر مبنی نقشے ہیں۔ ان کی درج ذیل اقسام میں درجہ بندی کی گئی ہے۔

(الف) طبعی نقشے: یہ قدرتی موضوعات سے متعلق طبعی خصوصیات جیسے پہاڑ، سطح مرتفع، میدان، ندیاں وغیرہ ظاہر کرتے ہیں۔

(ب) سیاسی نقشے: یہ ریاست، ملک، براعظم اور ان کے مقام، وسعت وغیرہ ظاہر کرتے ہیں۔

(ج) منقسم نقشے: ان نقشوں کو زمین کا استعمال، فضائی کرّہ کا درجہ حرارت، بارش، آبادی، مٹی، قدرتی نباتات، فصلیں، معدنیات، صنعتیں، ریلوے سڑک، بحری راستے وغیرہ کی تقسیم کے متعلق معلومات حاصل کرنے کے لیے استعمال کیا جاسکتا ہے۔

©KTBS NOT TO BE REPUBLISHED


نقشے کے بنیادی عناصر:

تیار شدہ عمدہ نقشے میں مناسب عنوان، پیمائش، عرض البلد اور طول البلد، سمتیں اور ہدایات وغیرہ ضروری معلومات شامل ہونی چاہئیں۔

1. **عنوان (مضمون):** ہر نقشہ کا لازمی طور پر ایک عنوان ہونا چاہیے۔ یہ ہمیں درکار مواد فراہم کرتا ہے۔ مثلاً ہندوستان کی جغرافیائی خصوصیات، ہندوستانی سیاست وغیرہ۔
2. **پیمائش:** پیمائش زمین پر موجود دو مقامات کے درمیان فاصلہ معلوم کرنے میں مدد دیتی ہے۔ زمین کا اصل فاصلہ اور نقشے پر موجود فاصلے کا نتیجہ ہی پیمائش ہے۔ نقشے پر موجود دو مقامات بہت قریب نظر آتے ہیں جبکہ وہ زمین پر بہت فاصلے پر ہوتے ہیں۔
3. **طول البلد اور عرض البلد:** یہ خیالی (فرضی) خطوط کا جال ہے۔ یہ نقشہ پر موجود مقام، فاصلہ اور سمتوں کی شناخت کے لیے مدد دیتا ہے۔
4. **سمت:** نقشے میں "N" حرف کو تیر کے نشان سے شمال سمت کی طرف کی نشاندہی کرتا ہے۔ تیر کی نوک شمال کی جانب رہنمائی کرتی ہے۔ اس علامت سے اگر شمال کی سمت پہچان لیں تو دیگر سمتوں کو بہ آسانی پہچان لیں گے۔
5. **ہدایات:** نقشہ میں نشاندہی اور شناخت کرنے کے لیے استعمال کی جانے والی ہدایات (اشارہ) کو "نقشے کی ہدایات" کہتے ہیں۔ یہ نقشہ کا بنیادی عنصر، نقشہ میں ظاہر کی گئی تمام خصوصیات کی معلومات فراہم کرتا ہے۔ ہدایات میں مختلف رنگوں اور جغرافیائی علامات کا استعمال ہوتا ہے۔

مثلاً: آبی ذخائر کے لیے نیلا رنگ، میدانوں کے لیے سبز رنگ وغیرہ۔

@KTBS NOT TO BE REPUBLISHED



نقشوں کا استعمال: نقشے کئی طرح سے ہماری مدد کرتے ہیں۔

- نقشے ہمیں شہر، ضلع، ریاست، ملک، براعظم وغیرہ کے مقامات کے رہنمائی میں مدد فراہم کرتے ہیں۔
- جغرافیائی خصوصیات جیسے پہاڑ، سطح مرتفع، ریگستان، ساحلی علاقے، جزیرے وغیرہ کی شناخت کرنے میں سہولت فراہم کرتے ہیں۔
- فصلیں، معدنیات، صنعتیں وغیرہ کی تقسیم کو سمجھنے میں مددگار ہیں۔
- جنگوں اور دفاعی صورتحال میں فوجیوں کے لیے بہت مفید ہیں۔
- یہ سیاحوں کی رہنمائی کرتے ہیں۔
- نقشے ایک اہم تدریسی یا اکتسابی وسیلہ ہیں۔ انہیں لانا اور لے جانا آسان ہے۔

3. جغرافیائی علامات

ایک علامت کی کسی ایک شئے کا تصوری نشان ہے۔ دنیا کے سارے نقشوں میں ایک ہی طرح کے علامات کا استعمال ہوتا ہے۔ علامات کئی طرح کی معلومات فراہم کرتے ہیں۔

@KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

رنگ: جب آپ نقشہ کو دیکھتے ہیں تو مختلف رنگ نظر آتے ہیں۔ یہ رنگ نقشوں میں مختلف طبعی خصوصیات کو ظاہر کرتا ہے۔ طبعی (قدرتی) نقشوں میں استعمال ہونے والے اہم رنگ یہ ہیں۔



(الف) نیلا (آسمانی رنگ): آبی حصّوں کی نشاندہی کرتا ہے۔ بحرِ اعظم، سمندر، ندیاں وغیرہ۔

(ب) سبز : میدان اور نشیبی علاقوں کو ظاہر کرتا ہے۔

(ج) زرد: اونچے علاقے یا میدانوں سے اونچے مقامات کو ظاہر کرتا ہے۔

(ح) سرخی مائل سیاہ: پہاڑ، ٹیلے اور کم اونچائی والے حصّوں کو ظاہر کرتا ہے۔

(د) گہرا سرخی مائل سیاہ: بہت اونچے پہاڑوں کو ظاہر کرتا ہے۔

(و) سفید یا بینگنی رنگ: برفیلے علاقوں کی نشاندہی کرتا ہے۔

علاوہ ازیں سیاسی نقشوں میں ضلع یا ریاستوں کو فوراً پہچاننے کے لیے مختلف رنگوں سے انہیں ظاہر کیا جاتا ہے۔




جغرافیائی نقشوں میں استعمال ہونے والے علامات

خطوط: نقشوں میں راستہ، ریل پٹری، ہوائی راستہ وغیرہ کے جالوں کو ظاہر کرنے کے لیے مختلف قسم کے خطوط کو الگ الگ رنگوں سے کھینچا جاتا ہے۔ سیاہ رنگ سے سرحدیں، سرخ رنگ سے راستے وغیرہ کو ظاہر کرنے کے لیے استعمال کیا جائے گا۔

© KTBC NOT TO BE REPUBLISHED

4. نقشے کا مطالعہ

نقشے کا مطالعہ کر کے، سمجھنے کے لیے چند نکات کا معلوم ہونا ضروری ہے۔ایک معنیٰ خیز لفظ بنانے کے لیے آپ کو جیسے حروفِ تہجی کا جاننا ضروری ہے اسی طرح نقشے کا مطالعہ کرنے کے لیے بھی مختلف رنگوں، خطوط اور علامات کے بارے میں جاننا بھی ضروری ہے۔ نقشوں کا مطالعہ کرنا ایک مہارت ہے۔ ہمیں نقشے میں موجود مقام اور مختلف خصوصیات کو سمجھنے کے لئے چند خاص اور عام ہدایات کا جاننا ضروری ہے۔ وہ درجہ ذیل ہیں:



نقشہ خوانی کا طریقہ

نوٹ: پیمائش کے حساب سے کلبرگی اور باگل کوٹ کا فاصلہ 222 کلومیٹر ہے

NOT TO BE REPUBLISHED @KTBS

1. **مقام کی شناخت:** مندرجہ بالا مقامات کو معلوم کرنے کے لیے ہمیں طول البلد اور عرض البلد کا علم ہونا چاہیے۔

2. **سمتوں کی شناخت:** نقشے میں درج مقامات کی سمتوں کو سمجھنے کے لیے شمال سمت کی جانب رخ کردہ تیر کے نشان کو معلوم کرلیں تو باقی سمتوں کو بہ آسانی پہچان سکتے ہیں۔

3. **مقامات کے درمیان فاصلوں کی شناخت:** دو مقامات کے درمیان فاصلہ معلوم کرنے کے لیے نقشہ میں موجود پیمائش مددگار ہوتی ہے۔

نئے الفاظ:

کرّہ (گلوب)، نقشہ، صور تحال، جغرافیائی خصوصیات، اٹلس، پیمائش، نقشہ کا مطالعہ، ہدایات، عنوان، علامات، نقل و حمل۔

آپ کو یہ بھی معلوم رہے:

- سب سے قدیم نقشہ بابی لونیا (Babylonia) میں (2003 ق ع۔ع) میں دستیاب ہوا ہے۔ یونانی ماہر فلکیات، کلاڈیس ٹالمی (90-168ع۔ع) نے پہلا اٹلس تیار کیا۔
- اعلیٰ پیمائشی نقشے چھوٹے علاقوں کی اور ادنیٰ پیمائشی نقشے بڑے علاقوں کی نمائندگی کرتے ہیں۔
- نقشے جغرافیہ کے مطالعہ میں مددگار ہیں۔ یہ اکتسابی وسائل ہیں ۔
- زمین پر موجود مقامات کا صحیح فاصلہ معلوم کرنے کے لیے ہمیں پیمائشی اکائی سینٹی میٹر کو کلو میٹر میں یا انچ کو میل میں تبدیل کرنا ہوگا۔
- مقناطیسی کمپاس کی سوئی ہمیشہ شمال کی جانب نشاندہی کرتی ہے۔

© KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

مشقیں

IV. خالی جگہوں کو مناسب الفاظ سے پُر کریں۔

1. زمین کے نمونے کو۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔کہتے ہیں۔
2. مختلف اقسام کے نقشوں کو ملا کر تیار کی گئی کتاب کو۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔کہتے ہیں۔
3. نقشوں میں میدانوں کی شناخت کے لیے۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔استعمال کیا گیا ہے۔
4. زمین پر کھینچے گئے خیالی خطوط۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔اور۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ہیں۔

V. مندرجہ ذیل سوالات کے جواب لکھیں۔

5. گلوب کے دو استعمالات لکھیں؟
6. نقشہ سے کیا مراد ہے؟
7. نقشے کی مختلف اقسام کون کونسی ہیں؟
8. نقشوں کے کوئی دو استعمالات تحریر کریں؟
9. اٹلس یا نقشوں کی کتاب کسے کہتے ہیں؟
10. پیمائش سے کیا مراد ہے؟
11. جغرافیائی علامات سے کیا مراد ہے؟
12. نقشے کی بنیادی عناصر کون کونسے ہیں؟

سرگرمیاں:



* کاغذ، ربر، گیند یا دیگر اشیاء کا استعمال کر کے مناسب انداز میں کرّہ (گلوب) تیار کریں۔
* مختلف نقشوں کو سامنے رکھ کر ان کے درمیان اہم فرق کی شناخت کریں ۔
* ہندوستان کا نقشہ کھینچ کر مناسب رنگوں کا استعمال کریں۔

(الف) ہندوستان کی جغرافیائی خصوصیات کی شناخت کریں۔

(ب) ہندوستان کا احاطہ کیے ہوئے بحرِ اعظم اور سمندر میں رنگ بھریں اور نام لکھیں۔

@KTES NOT TO BE REPUBLISHED

سبق-11	زمین کی اہم اشکال Major Landforms

سبق کا تعارف:

اس سبق میں آپ زمین کی سطح، اس کی مختلف شکلیں جیسے پہاڑ، سطح مرتفع، میدانی علاقے، ریگستان، جزائر اور اُن کے معنی، تشکیل، اہمیت کا مطالعہ کریں گے اور دنیا کے اہم قدرتی علاقوں سے متعارف ہوں گے۔

صلاحیتیں:

1. زمین کی اشکال کو جاننا۔
2. زمین کی سطح پر موجود زمین کے اہم اشکال کی تشکیل اور اہمیت کے بارے میں جاننا۔
3. دنیا کے اہم قدرتی علاقوں کے بارے میں سمجھنا۔

@KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

1. اہم زمینی اشکال

جب ہم اپنے اِرد گرد دیکھتے ہیں تو معلوم ہوتا ہے کہ زمین کی سطح پر تمام جگہیں ایک جیسی نہیں ہیں۔ بعض جگہوں پر زمینیں اونچی ہے اور چند جگہوں پر گہری، کچھ جگہیں ہموار ہیں اور کچھ زمینی حصّے پہاڑوں سے بھرے ہوئے ہیں۔ اور چند زمینی حصّے بہت گہرے ہیں۔ اس لیے سطح زمین پر مختلف قسم کی خصوصیات دیکھی جا سکتی ہیں۔ وہ خصوصیات یہ ہیں جیسے پہاڑ، پہاڑیاں، وادیاں، میدان، صحرا اور جزیرے ہیں۔ زمین کی مختلف سطحوں کی خصوصیات کو "زمین کے اشکال" کہتے ہیں۔

کوئی بھی زمینی شکل مستقل نہیں ہے وہ بدلتی رہتی ہے۔ آج آپ یہاں جو زمینی شکل دیکھ رہے ہیں وہ اپنی بنیادی شکل میں موجود نہیں ہے۔ زمین کی سطح اندرونی اور بیرونی قوت کے زیرِ اثر تبدیل ہوتی ہے۔

انسان کی زندگی اور اس کی سرگرمیوں پر زمینی اشکال نمایاں اثر ڈالتی ہیں۔

زمینی اشکال کی قسمیں:

زمینی اشکال کو تین اہم قسموں میں تقسیم کیا گیا ہے۔

وہ یہ ہیں:- (i) پہاڑ (ii) سطح مرتفع (iii) میدانی علاقے

(i) پہاڑ:

پہاڑ سب سے اہم اور متاثر کن زمینی شکل ہے۔ یہ سطح زمین پر اطراف کے علاقوں سے اُونچے اور اُبھرے ہوئے زمینی حصّے ہیں۔ پہاڑ، گہرے ڈھلوان اور چوٹیوں پر مشتمل ہوتے ہیں۔ جو سطح سمندر سے ہزارہا میٹر بلندی پر واقع ہوتے ہیں۔ پہاڑ کا سب سے اونچا مقام چوٹی کہلاتا ہے۔

پہاڑی بھی زمین کا ایک قدرتی بلند حصّہ ہے۔ لیکن اس کی بلندی پہاڑ جتنی نہیں ہوتی۔ پہاڑیاں عام طور پر 600 میٹر اُونچی ہوتی ہیں۔ پہاڑیوں کے ڈھلوانیں زیادہ گہرے نہیں ہوتے۔

پہاڑوں کی قطاروں کو پہاڑی سلسلہ کہا جاتا ہے۔ جس میں کئی پہاڑوں میں بلند چوٹیاں پائی جاتی ہیں۔ مثال کے طور پر براعظم ایشیاء میں ہمالیہ، براعظم یورپ میں ایلپس، براعظم جنوبی امریکہ میں اینڈیس، براعظم شمالی امریکہ میں راکی پہاڑی سلسلے وغیرہ۔



سطح زمین کی مختلف شکلیں

© KTBC NOT TO BE REPUBLISHED

پہاڑوں کی اقسام:

پہاڑوں کی تشکیل اندرونی قوتوں جیسے چٹانی پرت کی خموں اور آتش فشاں کے اثرات سے ہوتی ہے۔ وہ عام طور پر سخت پتھروں سے بنے ہوتے ہیں۔ چند پہاڑ قدیم اور چند حال ہی میں بنے ہوئے ہوتے ہیں۔ ہمالیہ اور الپس پہاڑ تازہ ترین پہاڑ ہیں۔ کوہِ اپلیشیین (شمالی امریکہ) اور کوہِ اراولی بھارت کے سلسلے قدیم زمانے کے پہاڑ ہیں۔ بلند ترین پہاڑوں کے اُونچے حصّے برف سے ڈھکے ہوتے ہیں۔

تشکیل کی بنیاد پر پہاڑوں کو تین اقسام میں تقسیم کیا گیا ہے۔

(الف) پرت دار پہاڑ

(ب) براعظمی پہاڑ

(ج) آتش فشاں پہاڑ

(الف) پرت دار پہاڑ(Fold Mountains): یہ چٹانی تہوں کی خمداری یا بل داری کی وجہ سے تشکیل ہوتے ہیں۔ وہ سب سے اُونچے پہاڑ ہوتے ہیں۔ مثال: ہمالیہ اور ایلپس

(ب) براعظمی پہاڑ(Block Mountains): یہ پہاڑ اس وقت بنتے ہیں جو جب دو ارضیاتی حصّہ (Tectonic Plates) ایک دوسرے سے دور ہو جاتے ہیں، جس کی وجہ سے زمین کی سطح پر دراڑیں پڑ جاتی ہیں۔ یہ پہاڑ زیادہ اونچے نہیں ہوتے۔ ان پہاڑوں کی مثالیں شمالی امریکہ کے سیرا نیواڈا پہاڑ (Sierra-Nevada) اور براعظم یورپ کے واسجس پہاڑ (Vasges) ہیں۔

(ج) آتش فشاں پہاڑ(Volcanic Mountains): یہ پہاڑ آتش فشاں کا لاوا جمع ہونے سے بنتے ہیں۔ ان کی تہہ چوڑی اور چوٹیاں مخروطی ہوتی ہیں۔ مثال کے طور پر جاپان کا "فیوجی یاما پہاڑ" اور آفریقہ کے تنزانیہ "کیلی منجارو پہاڑ"۔

پہاڑوں کی اہمیت:

- دو ممالک کے درمیان قدرتی سرحدیں تشکیل دیتے ہیں۔
- پہاڑ قدرتی وسائل کے ذخیرے ہیں ۔
- بجلی کی تیاری کے لیے پانی فراہم کرتے ہیں۔

NOT TO BE REPUBLISHED @KPBS

- ندیوں کا منبع ہیں۔
- آب وہوا پر اچھا اثر ڈالتے ہیں۔
- فطری خوبصورتی کے سبب سیاحتی مراکز ہیں۔
- پیڑ پودوں کے اُگنے کے لیے موزوں ہیں۔

(ii) سطح مرتفع:

سطح مرتفع، اُبھری ہوئی ہموار زمین ہے جس کے عمودی ڈھلوان ہوتے ہیں۔ان کو "ہموار زمین" (Table Land) بھی کہتے ہیں.

عام طور پر سطح مرتفع اطراف کی زمین کی بہ نسبت اُبھری ہوئی زمین ہوتی ہے۔اس کی سطح ناہموار ہوتی ہے۔ کچھ سطح مرتفع بہت وسیع ہوتے ہیں۔مثال کے طور پر ہندوستان میں سطح مرتفع دکن۔کچھ سطح مرتفع زیادہ بلندی پر ہیں۔ جیسے تبت کا سطح مرتفع۔ یہ دنیا کا بلند ترین سطح مرتفع ہے اور اسے "دنیا کی چھت" کہا جاتا ہے۔ کچھ سطح مرتفع نچلی سطح پر واقع ہیں۔ سطح مرتفع سخت چٹانوں پر مشتمل ہیں۔ جو معدنیات سے بھرپور ہیں۔ کرناٹک کے جنوبی مغربی حصّہ سطح مرتفع کہلاتا ہے۔

سطح مرتفع کی اقسام:

سطح مرتفع کو تین اقسام میں تقسیم کیا گیا ہے:

(الف) بین پہاڑی سطح مرتفع

(ب) دامنِ پہاڑی سطح مرتفع

(ج) براعظمی سطح مرتفع

(الف) بین پہاڑی سطح مرتفع: یہ بلند پہاڑی سلسلوں سے گھرے ہوتے ہیں ۔مثال: براعظم ایشیاء کی سطح مرتفع تبت اور براعظم جنوبی امریکہ کی سطح مرتفع بولیویہ۔

(ب) دامنِ پہاڑی سطح مرتفع: یہ ایک طرف پہاڑ اور دوسری طرف زمین یا سمندر سے گھرے ہوتے ہیں۔ مثال: براعظم جنوبی امریکہ میں سطح مرتفع پٹاگونیہ۔

(ج) براعظمی سطح مرتفع: یہ براعظمی پہاڑوں کے وسیع پیمانے کی بلندی یا لاوے کے پھیلاؤ سے بنے ہوتے ہیں۔مثال: شمالی مغربی دکن سطح مرتفع (ہندوستان)۔

@KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

سطح مرتفع کی اہمیت:

- معدنیات کا ذخیرہ ہیں۔
- آبی برقی رو کی پیداوار کے لیے مفید ہیں۔
- اس کی زرخیز زمینیں زراعت کے لیے موزوں ہیں۔
- مویشی پالن کے لیے موزوں ہیں۔

(iii) میدانی علاقے:

ہموار یا معمولی اُتار چڑھاؤ والے زمین کے وسیع یا نشیبی علاقے کو "میدانی علاقے" کہا جاتا ہے۔ وہ بڑی اقتصادی اہمیت کے حامل ہیں۔

زیادہ تر میدانی علاقے، ندیوں کے بہالے جانے والی مٹی، پتھر کے ذرات اور ریت وغیرہ اشیاء کے جمع ہونے سے بنتے ہیں۔ اور کچھ میدانی علاقے برف کے تودوں، ہواؤں اور لہروں وغیرہ کے عمل سے بنتے ہیں۔ دریائی وادیوں اور ساحلی علاقوں میں بہت سے میدانی علاقے ہیں۔ مثال: گنگا کا میدان اور اس کا دہانہ۔

میدانی علاقوں کی قسمیں: میدانوں کو ساختی میدانی علاقے، فرسودگی سے تشکیل شدہ میدانی علاقے، تحویلی میدانی علاقے اس طرح تین قسموں میں تقسیم کیا گیا ہے۔

(الف) ساختی میدانی علاقے: یہ سمندر کے فرش کی بلندی یا کسی علاقے کے ڈوب جانے کی وجہ سے بنتے ہیں۔ مثال: امریکہ کا جنوبی مشرقی میدان۔

(ب) فرسودگی سے تشکیل شدہ میدانی علاقے: پہاڑوں یا سطح مرتفع کی وجہ سے بنتے ہیں۔ مثال: مغربی سائبیریا۔

(ج) تحویلی میدانی علاقے: دریاؤں، ہواؤں، برف کے تودوں کے ذریعے جمع ہونے والی تلچھٹ سے بننے والے میدان ہوتے ہیں۔ مثال: سندھ، گنگا کا میدان۔

میدانوں کی اہمیت:

- زرخیز مٹی والی وسیع ہموار زمینیں میدانوں میں پائی جاتی ہیں۔
- زراعت اور صنعتوں کے لیے مفید ہوتے ہیں۔

NOT TO BE REPUBLISHED @KTBS

- نقل و حمل کی ترقی کے لیے سازگار ہیں۔
- تہذیبوں کے عروج کا مسکن ہیں۔
- قصبوں اور شہروں کی ترقی میں معاون ہیں۔

ریگستان: سطح مرتفع، پہاڑ اور میدان ان کی سطحی خصوصیات کی وجہ سے مختلف ہیں۔آب و ہوا کے عمل کے نتیجے کی وجہ سے ریگستان کی تشکیل ہوئی ہے۔ صحرا دن کے وقت گرم اور رات کے وقت ٹھنڈے ہوتے ہیں۔ یہاں بہت کم بارش ہوتی ہے جس کی وجہ سے صحرا بنیادی طور پر خشک ہوتے ہیں۔اس لیے خشک ترین زمینوں کو صحرا کہا جاتا ہے۔ صحرا پتھریلے یا ریتیلے ہوتے ہیں ۔ براعظم انٹارکٹکا اور براعظم یورپ کو چھوڑ کر تمام براعظموں میں پائے جاتے ہیں۔ "سہارا" ریگستان دنیا کا سب سے بڑا ریگستان ہے۔

چند ریگستانوں میں نخلستان پائے جاتے ہیں۔ ریگستانوں میں زیر زمین پانی چشموں کے ذریعے سطح پر آتا ہے تو اِسے نخلستان کہتے ہیں۔ نخلستان وہاں کے پودوں اور انسانی نشو نما میں مدد کرتے ہیں۔

ریگستانوں کی اہمیت: ریگستان میں خانہ بدوش قبیلے بہت زیادہ پائے جاتے ہیں۔ وہ اپنے مویشیوں کے ساتھ ایک جگہ سے دوسری جگہ نقل مکانی کرتے ہیں ۔ ریگستانوں کی مٹی زیادہ زرخیز نہیں ہوتی۔ جہاں پانی میسر ہوتا ہے وہاں فصلیں اگائی جاسکتی ہیں۔ مثال کے طور پر مصر کی وادیٔ نیل کا زیادہ تر صحرا معدنیات سے لبریز ہوتے ہیں۔ مثال کے طور پر سعودی عربیا کے کویت میں پائے جانے والے پیٹرولیم کے ذخائر وغیرہ۔



ریگستان



نخلستان

NOT TO BE REPUBLISHED @KTES

جزائر: خشکی کا ایک ایسا حصّہ جس کے چاروں طرف پانی ہو اُسے جزیرہ کہتے ہیں۔ جزائر بحر، سمندر، جھیلوں، ندیوں وغیرہ میں پائے جاتے ہیں۔ بہت چھوٹے جزیروں کو آئی لیٹس (Islets) کہا جاتا ہے۔ جزائر کے گروہ کو مجموعۂ جزائر (Archipelago) کہا جاتا ہے۔ جیسے انڈونیشیا مجموعۂ جزائر، ٹیئرڈیل فوگو مجموعۂ جزائر وغیرہ۔





جزائر

جزائر کی اقسام: جزائر کے دو اہم اقسام ہیں۔ (1) براعظمی جزائر (2) سمندری جزائر۔

براعظمی جزائر سرزمین سے علیحدگی کی وجہ سے بنتے ہیں۔ مثلاً گرین لینڈ، آئس لینڈ وغیرہ۔ سمندری جزائر سمندروں کے درمیان پائے جاتے ہیں، جو زیادہ تر آتش فشاں سے نکلتے ہیں۔ اس لیے انہیں آتش فشاں جزائر کے نام سے بھی جانا جاتا ہے۔ مثلاً: ساترا (انڈونیشیاء)۔ تاہم کچھ جزیرے چھوٹے ہوتے ہیں مونگوں سے بنتے ہیں۔ جنہیں مرجان کے جزیروں کے نام سے جانا جاتا ہے۔ مثال کے طور پر ہندوستان کے لکشدیپ جزائر۔


انڈومان-نکوبار اور لکشدیپ جزائر ہندوستان کے اہم جزائر ہیں۔ کرناٹک کے ساحل کے ساتھ بھی کچھ جزیرے ہیں۔ مثلاً: سینٹ میریس جزیرہ جس کو ناریل جزیرہ بھی کہا جاتا ہے وغیرہ۔

جزائر کی اہمیت: بعض جزیروں کی آب و ہوا خوشگوار ہوتی ہے۔ وہ سیاحوں کی توجہ کا مرکز بنتے ہیں۔ بعض میں باغات اور کاشت کاری ہوتی ہے۔ ماہی گیری یہاں کے لوگوں کا اہم پیشہ ہے۔

© KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

2. دنیا کے بڑے قدرتی خطے

معنی: ایک جیسی قدرتی خصوصیات والے علاقوں کو "قدرتی خطہ" کہا جاتا ہے۔ ہر خطہ کی اپنی مخصوص خصوصیات ہوتی ہیں۔ ان کے موسمی حالات، سطحی خصوصیات ، مٹی، نباتات، حیوانی زندگی، لوگوں کے پیشے وغیرہ اہم خصوصیات ہیں۔ خطوں کے درمیان فرق کے مقابلہ خطوں کے اندرونی تغیرات کم ہوتے ہیں۔ ایک خطہ کو دوسرے خِطّہ سے الگ کرنے کے لیے کوئی قطعی سرحد نہیں ہے۔ اُن کا پھیلاؤ اور سرحدوں کا صرف اندازہ لگایا جاتا ہے۔



دنیا کے بڑے قدرتی علاقے

قدرتی خطوں کی اہمیت: دنیا کے مختلف حصّوں کے قدرتی ماحول کا موازنہ کرنے کے لیے قدرتی خطوں کا مطالعہ بہت ضروری ہے۔ اس سے ہمیں انسانی رد عمل کو جاننے میں مدد ملتی ہے۔

NOT TO BE REPUBLISHED

قدرتی خطوں کی اقسام: زمین کی سطح کو آب وہوا کی بنیاد پر کئی قدرتی خطوں میں تقسیم کیا گیا ہے۔اہم قدرتی خطے یا علاقے مندرجہ ذیل ہیں:

1. استوائی خطہ یا ایمیزان کی قسم
2. منطقہ حارہ گھاس کا میدانی خطہ یا سوڈان کی قسم
3. منطقہ حارہ کا مانسونی خطہ
4. منطقہ حارہ کا سمندری خطہ
5. منطقہ حارہ کا صحرائی خطہ یا صحارا کی قسم
6. معتدل صحرائی خطہ
7. بحر رومی خطہ
8. گرم معتدل خطہ یا چین کی قسم
9. سرحد معتدل خطہ یا یورپ کی قسم
10. معتدل گھاس کا میدانی خطہ یا علاقہ یا پرائرئس کی قسم
11. سرد معتدل مشرقی ساحلی خطہ یا سینٹ سین لارینس کی قسم
12. سرد براعظمی خطہ یا ٹائیگا کی قسم
13. سرد صحرائی (ریگستانی) خطہ یا ٹنڈرائی قسم

@KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

نئے الفاظ:

زمینی اشکال، پہاڑ، پہاڑی ، سطح مرتفع، میدان، وادی، ریگستان یا صحرا، جزائر، سلسلے، چوٹیاں، خمدار پہاڑ، براعظمی پہاڑ، آتش فشاں پہاڑ، ہموار سطح، معدنیات، مرجان یا مونگے، قدرتی خطے، آب وہوا۔

کیا آپ جانتے ہیں:

- دنیا کی بلند ترین چوٹی ماؤنٹ ایوریسٹ ہے۔
- آفریقہ کے سطح مرتفع سونے اور ہیروں کے لیے مشہور ہیں۔
- گنگا کا دہانہ دنیا کا سب سے بڑا دہانہ ہے۔ اسے سندربن بھی کہا جاتا ہے۔
- معتدل گھاس کے میدانوں کو مختلف براعظموں میں مختلف ناموں سے پکارا جاتا ہے۔ جیسے براعظم ایشیاء میں سٹیپیز، شمالی امریکہ میں پرائرس، جنوبی امریکہ میں پمپاس، آسٹریلیا میں ڈاؤنس اور جنوبی امریکہ میں ویلڈس۔
- ہندوستان کے شمالی مغربی حصّے میں واقع ریگستان ہے جو منطقہ حارّہ کا تھار ریگستان ہے۔

مشقیں

I. خالی جگہوں کو مناسب الفاظ سے پُر کریں۔

1. زمین کی مختلف سطحی خصوصیات کو ---------- کہتے ہیں۔
2. پہاڑ کے سب سے اونچے حصّے کو ---------- کہا جاتا ہے۔
3. کوہ ہمالیہ ---------- پہاڑ کی قسم کی مثال ہے۔
4. ریگستان میں زیرِ زمین پانی جب چشموں کی شکل میں باہر آتا ہے تو اُسے ---------- کہتے ہیں۔
5. اُبھری ہوئی ہموار زمین جس کے عمودی ڈھلوان ہوتے ہیں اُسے ---------- کہا جاتا ہے۔

©KTBC NOT TO BE REPUBLISHED

II. مندرجہ ذیل سوالات کے جواب لکھیں۔

6. پہاڑ کسے کہتے ہیں؟

7. پہاڑی سلسلے کسے کہتے ہیں؟

8. سطح مرتفع سے کیا مراد ہے؟

9. دنیا کی سب سے اونچی سطح مرتفع کونسی ہے؟

10. میدانی علاقے کسے کہتے ہیں؟

11. ریگستان کسے کہتے ہیں؟

12. ہندوستان کے کسی ایک جزیرے کا نام بتاؤ؟

13. قدرتی خطوں سے کیا مراد ہے؟

سرگرمیاں :



* زمین کے مختلف اشکال کا ماڈل تیار کیجئے۔
* دنیا کے اہم پہاڑ، سطح مرتفع اور میدانوں کے تصاویر جمع کیجئے۔
* اپنے اُستاد کی مدد سے دنیا کے نقشے پر مختلف براعظموں میں نظر آنے والے اہم پہاڑ، سطح مرتفع اور میدانوں کی نشاندہی کیجئے۔

@KTBS NOT TO BE REPUBLISHED